چنانش در انداخت ضعف جسد — کہ می برد بر کہتر نیان حسد

اس کو بدن کی کمزوری نے ایسا لاغر کردیا تھا — کہ غریبوں پر حسد کھاتا تھا

کہ شاہ ارچہ بر عرصہ نام آورست — چو ضعف آمد از بیدقی کمترست

بادشاہ اگرچہ زمانے پر مشہور ہے — لیکن جب کمزوری آئی تو ایک پیادے سے کمتر ہے

ندیمی زمین ملک بوسہ داد — کہ عمر خداوند جاوید باد

ایک مصاحب نے بادشاہ کے پایۂ تخت کو بوسہ دیا — اور کہا کہ جناب کی عمر کو ہمیشگی ہو !

درین شہر مردی مبارک دم است — کہ از پارسایان چنوی کم است

اس شہر میں ایک مبارک دم آدمی ہے — کہ پارساؤں میں اِس جیسا آدمی کم ملتا ہے

نبردہ پیشش مہمات کس ! — کہ مقصود حاصل نشد در نفس

اس کے پاس کوئی مشکل نہیں لے گئے — جو ایک پل میں حاصل نہ ہو گئی ہو

بخوان تا بخواند دعای برین — کہ رحمت رسد ز آسمان بر زمین

تو اسے بلاتا کہ اسپر کوئی دعا پڑھے — تاکہ زمین پر آسمان سے رحمت لائے

بفرمود تا مہتران خدم ! — بخواندند پیر مبارک قدم

اس نے فرمایا یہاں تک کہ نوکروں کے افسروں نے — شیخ نیک قدم والے کو بلایا

بگفتا دعائی کن ای ہوشمند — کہ در رشتہ چون سوزنم پای بند

کہا اے عقلمند کوئی دعا کر — کیونکہ میں رشتہ کی بیماری میں اس طرح گرفتار ہوں جس طرح ڈورے میں سوئی

شنید این سخن پیر خم بوده پشت
به تندی برآورد بانگ درشت
اس کبڑے پیٹھ والے بزرگ شیخ نے یہ بات سنی
تو برافروختہ ہو کر ایک سخت آواز نکالی

که حق مهربان ست بر داد گر
به بخشائی و بخشایش حق نگر
کہ خدا عادل پر مہربان ہے
بخشش کر اور پھر خدا کی بخشش دیکھ

دعای منت کی شود سودمند
اسیران مظلوم در چاه و بند
میری دعا تجھے کس طرح فائدہ پہنچائیگی
جب بیگناہ قیدی کنوئیں میں بند ہیں

تو ناکرده بر خلق بخشایشی
کجا بینی از دولت آسایشی
تو نے خلقت پر کوئی بخشش نہیں کی
تو دولت سے آرام کب دیکھے گا

ببایدت عذر خطا خواستن
پس از شیخ صالح دعا خواستن
تجھ کو خطا کی عذر خواہی کرنی چاہیئے
اس کے بعد نیک شیخ سے دعا کرانی چاہیئے

کجا دست گیرد دعای ویت
دعای ستمدیدگان در پیت
اس کی دعا تیرا ہاتھ کب پکڑ سکیگی!
جبکہ غریبوں کی بد دعا تیرے پیچھے ہے

شنید این سخن شهریار عجم
ز خشم و خجالت بر آمد بهم
جب عجم کے بادشاہ نے یہ بات سنی
تو غصے اور شرمندگی سے برہم ہوا

برنجید و پس با دل خویش گفت
چه رنجم حق است اینکه درویش گفت
رنجیدہ ہوا پھر اپنے دل میں کہا میں کیا رنجیدہ ہوں
کیونکہ جو کچھ اس فقیر نے کہا ہے سچ ہے

بفرمود تا هر که در بند بود
بفرمانش آزاد کردند زود
فرمایا اور جتنے لوگ قید میں تھے
اس کے حکم سے آزاد کر دیئے گئے

جهاندیده بعد از دو رکعت نماز
بداور برآورد دست نیاز
جہاندیدہ بزرگ نے دو رکعت نماز پڑھنے کے بعد
خدا کی طرف عاجزی کے ہاتھ اٹھائے

که ای برفرازنده آسمان
بجنگش گرفتی بصلحش بمان!
کہ اے آسمانوں کے بلند کرنے والے
تو نے اس نافرمانی کی وجہ سے پکڑا تھا اب صلح کی بدولت چھوڑ دے

ولی همچنان بر دعا داشت دست
که رنجور افتاده بر پای جست
ولی نے دعا کے لئے ابھی ہاتھ اٹھایا ہی ہوا تھا
کہ گرا ہوا بیمار اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا

تو گفتی ز شادی بخواهد پرید
چو طاؤس چون رشته در پا ندید
کیا تو کہتا ہے کہ جب مور پاؤں میں رسی نہ دیکھے
تو خوشی سے اڑ جائے گا!

بفرمود گنجینهٔ گوهرش	فشاندند در پای و زیر سرش
اس نے فرمایا تو لوگوں نے اسکے موتی کے خزانے کا ڈھیر	اس کے سر سے پاؤں تک لگا دیا
حق از بہر باطل نشاید نہفت	ازانجملہ دامن بیفشاند گفت
حق جھوٹ کے واسطے چھپانا نہ چاہیئے	اس نے اس سب خزانہ سے ہاتھ جھاڑا اور کہا
مرو با سر رشتہ باری دگر	مبادا کہ دیگر کنند رشتہ تیز
دوسری دفعہ ظلم کی طرف مت جانا	تاکہ اور کسی کی مار داگی بیماری کو تیرے سرے باندہیں
چو باری فتادی نگہدار پای	کہ یکبار دیگر بلغزد ز جای
جب تو ایک بار کر چکا ہے تو اب تو پاؤں نگاہ خیال رکھ	کہ دوسری مرتبہ پھر نہ پھسل جائیں
ز سعدی شنو کین سخن راست است	نہ ہر بار افتادہ برخاست ست
سعدی رحمتہ اللہ سے یہ بات سن کہ سچ ہے	کہ کوئی ہر مرتبہ گر کر نہیں اٹھا !
جہان ای پسر ملک جاوید نیست	ز دنیا وفاداری امید نیست
اے لڑکے جہاں ہمیشگی کی جگہ نہیں ہے	اس لئے اس سے موافقت کی امید نہیں ہے
نہ بر باد رفتی سحرگاہ شام	سریر سلیمان علیہ السلام
کیا صبح و شام حضرت سلیمان کا تخت ہوا پر نہیں اڑتا	تھا آخر تو نے نہیں دیکھا
بآخر ندیدی کہ بر باد رفت	خنک آنکہ با دانش و داد رفت
کہ برباد ہو گیا	وہ شخص اچھا ہے جو عقل اور انصاف سے گیا
کسی زین میان گوی دولت ربود	کہ در بند آسایش خلق بود
اس دنیا سے وہ شخص دولت لے گیا	کہ جو خلقت کے آرام کی فکر میں تھا
بکار آمد آنہا کہ برداشتند	نگرد آوریدند و بگذاشتند
دولت ان کے کام نہ آئی جنہوں نے اٹھائی	کیونکہ انہوں نے جمع کی اور چھوڑ گئے
شنیدم کہ در مصر میر اجل	سپہ تاخت بر روزگارش اجل
میں نے سنا کہ مصر میں ایک بہت بڑا امیر تھا	موت نے اس کی عمر پر سپاہ دوڑا دی
جمالش برفت از رخ دلفروز	چو خور زرد شد پس نماند ز روز
اس کے دلفروز چہرہ سے حسن جاتا رہا	اور اس خورشید کی طرح زرد ہو گیا جیسے زرد باقی نہ رہا ہو غروب سے پہلے
گزیدند فرزانگان دست فوت	کہ در طب ندیدند داروی موت
عقلمندوں نے موت کا ہاتھ کاٹا	کیونکہ انہوں نے حکمت میں کوئی موت کی دوا نہ دیکھی

همه تخت و ملکی پذیرد زوال ۔ بجز ملک فرمانده لایزال
سوائے خداوند تعالےٰ کے ملک کے ۔ تمام اور ملک زوال پذیر ہیں

چو نزدیک شد روز عمرش بشب ۔ شنیدند و میگفت در زیر لب
جب اس کی عمر کا دن رات کے قریب ہوا (موت کا وقت آیا) ۔ تو لوگوں نے سنا کہ وہ ہونٹوں میں کچھ کہتا تھا

که در مصر چون من عزیزی نبود ۔ چو حاصل همین بود چیزی نبود
کہ مصر میں میرے جیسا کوئی عزیز نہ تھا ۔ جب اسکا حاصل یہی تھا تو یہ کچھ نہ تھا

جهان گرد کردم نخوردم برش ۔ برفتم چو بیچارگان از سرش
میں نے جہان کو جمع کیا مگر اس کا پھل نہ کھایا ۔ اور بیچاروں کی طرح اس سے گذر گیا

پسندیده رائی که بخشید و خورد ۔ جهان از پی خویشتن گرد کرد
وہ عقلمند جس نے کہ بخشش کی اور کھایا ۔ اس نے جہان کو اپنے گرد جمع کیا

درین کوش تا با تو ماند مقیم ! ۔ که هرچه از تو ماند دریغ است و بیم
اس میں کوشش کرتا کہ تیرے ساتھ قایم رہے ۔ کیونکہ جو کچھ تجھ سے باقی رہیگا وہ افسوس اور خوف ہے

کند خواجه بر بستر جان گداز ۔ یکی دست کوته و دیگر دراز
خواجہ بستر جانگداز پر ایک ہاتھ بڑھاتا ہے ۔ اور ایک کو تاہ کرتا ہے

دران دم ترا می نماید بدست ۔ که وهشت زبانش زگفتن ببست
اس وقت تجھے ہاتھ سے دکھاتا ہے ۔ جب کہ خوف نے اس کی زبان کہنے سے بند کردی

که دستی بجود و کرم کن دراز ۔ دگر دست کوته کن از ظلم و آز
کہ ہاتھ سخاوت اور بخشش میں دراز کر ۔ اور دوسرا ہاتھ ظلم و حرص سے کوتاہ کر

کنونت که دستست خاری بکن ۔ دگر کی برآری تو دست از کفن
اب جب کہ تجھے طاقت ہے کانٹے نکال ۔ پھر تو کفن سے ہاتھ کب نکالیگا

بتابد بسی ماه و پروین و هور ۔ که سر برانداری زبالین گور
بہت مدت چاند اور ستارے چمکیں گے ۔ کہ تو قبر کے سرہانے سے سر نہ اٹھائیگا

حکایت

قزل ارسلان قلعه سخت داشت ۔ که گردن بالوند بر می فراشت
قزل ارسلان کا ایک کوہ الوند جتنی بلند (اونچا) ۔ گردن رکھنے والا قلعہ تھا

نه اندیشه از کس نه حاجت بهیچ ! ۔ چو زلف عروسان رهش پیچ پیچ
نہ اس کو کسی کا ڈر تھا نہ کسی چیز کی ضرورت تھی ۔ اس کی راہ عروسیوں کی زلف کی طرح پرپیچ تھی

چنان نادر افتاده در روضهٔ
ایک باغ میں ایسا عجیب پڑا ہوا تھا
که بر لاجوردی طبق بیضهٔ!
جیسے سبز طبق میں ایک انڈا ہو

شنیدم که مردی مبارک حضور
میں نے سنا کہ ایک مبارک دل مرد
بنزدیکِ شاه آمد از راهِ دور
دور سے بادشاہ کے پاس آیا

حقایق شناسی جهاندیدهٔ
حقیقتوں کو پہچاننے والا دانا
هنرمندی آفاق گردیدهٔ
زمانہ میں سیر کرنے والا تجربہ کار تھا

بخندید کین قلعه خرم است
ہنسا اور کہا کہ یہ قلعہ اچھا ہے
ولیکن نه پندارمش محکم است
لیکن میں نہیں خیال کرتا کہ یہ مضبوط ہے

نه پیش از تو گردن کشان داشتند
کیا اس سے پہلے بادشاہ اسے نہیں رکھتے تھے
دمی چند بودند و بگذاشتند
وہ بھی کچھ دن رہے اور آخر چھوڑ گئے

نه بعد از تو شاهان دیگر برند
کیا تیرے بعد دوسرے بادشاہ اسے نہیں لینگے
درختِ امیدِ ترا بر خورند
اور تیری امید کے درخت کا پھل کھائیں گے

ز دوران و ملکِ پدر یاد کن
باپ کے زمانے اور ملک کو یاد کر
دل از بندِ اندیشه آزاد کن
اور دل غم کی قید سے آزاد کر

چنان روزگارش بکنجی نشاند
زمانہ نے اس کو ایسے گوشے میں بٹھایا
که بر یک پشیزش تصرّف نماند
کہ اس کا تصرّف ایک گوشہ میں نہ رہا

چو نومید ماند از همه چیز و کس
جب ہر چیز سے اور ہر آدمی سے ناامید ہوگیا
امیدش بفضلِ خدا ماند و بس
تو اس کی امید صرف اللہ کی مہربانی اور فضل پر تھی

بر مردِ هشیار دنیا خس است
داناؤں کے نزدیک دنیا کمینی ہے
که هر مدت جای دیگر کس است
کہ ہر وقت کسی دوسرے آدمی کی ملکیت ہے

چنین گفت شوریدهٔ در عجم
ایک دیوانے ملک عجم میں نوشیروان سے کہا
بکسری که ای وارثِ ملکِ جم
کہ اے جمشید کے ملک کے وارث

اگر ملک بر جم بماندی و بخت
اگر جمشید کے پاس ملک اور نصیبہ رہتا
ترا کی میسر شدی تاج و تخت
تو تیرے پاس تاج و تخت کس طرح پہنچتا

اگر گنج قارون بدست آوری
اگر تو قاروں کا خزانہ ہاتھ میں لائے
نماند مگر آنچه بخشی بری
وہ تیرے ساتھ نہ جائیگا مگر تو وہ لیجائیگا جو بخشیگا۔

چو الپ ارسلان جان بجان بخش داد — پسر تاج شاهی بسر بر نهاد
جب الپ ارسلان نے جان جان بخشنے والے کو دی — تو لڑکے نے شاہی تاج سر پر رکھا

بتربت سپردندش از تاجگاه — نه جای نشستن نه اماجگاه
اس کو مرتبہ اور تخت سے قبر کے سپرد کیا — اور بیٹھنے اور نشانہ بازی کی جگہ نہ رہی

چنین گفت دیوانهٔ هوشیار — چو دیدش پسر روز دیگر سوار
ایک دیوانے نے جب اس کے لڑکے کو — دوسرے دن سوار دیکھا تو کہا

زهی ملک و دوران سر در نشیب — پدر رفت و پای پسر در رکیب
ملک اور زمانہ نشیب کی طرف ہے — کیونکہ باپ چلا گیا اور بیٹا آج رکاب میں ہے

چنین است گردیدن روزگار — سبک سیر بدعهد ناپایدار
ایسی ہی زمانہ کی گردش ہے — جلد گذرنے والی بے وفا اور بے ثبات

چو دیرینهٔ روزی سر آورد عهد — جوان دولتی سر بر آرد ز مهد
جب کسی بوڑھے کا زمانہ آخر ہوتا ہے — تو ایک جوان دولت گہوارے سے باہر لاتا ہے

منه بر جهان دل که بیگانه ایست — چو مطرب که هر روز در خانه ایست
جہان سے دل مت لگا کہ یہ بیگانہ ہے — گویئے کی طرح ہے جو ہر روز نئے گھر میں ہے

نه لایق بود عیش با دلبری — که هر بامدادش بود شوهری
اس معشوق کے ساتھ عیش کرنا مناسب نہیں ہے — جس کا ہر صبح نیا شوہر ہو

نکوئی کن امسال چون ده تراست — که سال دگر دیگری ده خداست
جب کہ تو گاؤں کا مالک ہے اس سال نیکی کر — کیونکہ دوسرے سال اس کا دوسرا مالک ہوگا

بزرگی جفا پیشه در حد غور — گرفتی خر روستائی بزور
غور کی حد میں ایک ظالم بادشاہ — کسانوں کا گدھا زبردستی پکڑ لیتا تھا

خران زیر بار گران بے علف — بروزی دو مسکین شدندی تلف
بے دانہ اور گھاس گدھے بھاری بوجھ کے نیچے دبتا — وہ مسکین ایک دن میں دو مر جاتے

چو منعم کند سفله را روزگار — نهد بر دل تنگ درویش بار
جب کمینہ کو زمانہ امیر کرتا ہے — تو عاجزوں کے دل پر بوجھ رکھتا ہے تکلیف دیتا ہے

چو بام بلندش بود خود پرست — کند بول و خاشاک بر بام پست
جب کوئی خود پرست اونچے مکان پر ہو تو — نیچے کے مکانوں پر کوڑا کرکٹ گراتا ہے

شنیدم کہ باری بعزم شکار
میں نے سنا کہ ایک مرتبہ شکار کے ارادے سے
برون رفت بیداد گر شہر یار
ظالم بادشاہ باہر گیا

پیاپی بدنبال صیدی براند
ایک شکار کے پیچھے برابر گھوڑا دوڑایا
شبش در گرفت از حشم دور ماند
اور اس کو لشکر سے دور رات ہو گئی

بتنہا ندانست روی و رہی
تنہائی سے کوئی راہ نہ جانی
بینداخت ناکام شب در دہی
آخرکار ناکامیاب ہو کر رات کو ایک گاؤں میں رہا

خری دید پویندہ کار گر
ایک کام کا گدھا دیکھا رہرو
توانا و زور آور و بار بر
مضبوط اور قوی اور بوجھ اٹھانیوالا تھا

یکی مرد کرد استخوانی بدست
ایک جنگلی آدمی ہتھیار ہاتھ میں لئے اسے ایسا مارتا تھا
چنان میزدش کاستخوان می شکست
کہ ہڈی ہڈی ٹوٹتی تھی

شہنشہ بر آشفت گفت ای جوان
بادشاہ نے ناراض ہو کے کہا اے جوان
ز حد رفت جورت برین بے زبان
اس بے زبان پر تیرا ظلم حد سے بڑھ چکا ہے

چو زور آوری خود نمائی مکن
جب تو زبردست ہے تو غرور مت کر
بر افتادہ زور آزمائی مکن
عاجزوں پر سختی نہ کر

پسندش نیامد فرومایہ قول
اس کو بادشاہ کی بات پسند نہ آئی
یکی بانگ بر پادشاہ زد بہول
اور اسے خوفناک آواز سے پکارا

کہ بیہودہ نگرفتم این کار پیش!
میں نے یہ طریقہ بیہودہ اختیار نہیں کیا ہے
برو چون ندانی لبس و کار خویش
جب تو نہیں جانتا تو اپنے کام کا خیال کر

بسا کس کہ پیش تو معذور نیست
بہت سے لوگ جو تیرے نزدیک معذور نہیں ہیں
چو وا بینی از مصلحت دور نیست
اگر تو ان کو غور سے دیکھے تو وہ مصلحت سے دور نہیں

ملک را درشت آمد از وی خطاب
بادشاہ کو اس کی بات ناگوار گذری اور کہا
بگفتا بیا تا چہ بینی صواب
آ اور بتا کہ تو کیا مصلحت دیکھتا ہے

کہ پندارم از عقل بیگانہ
اس واسطے کہ میں خیال کرتا ہوں کہ تو عقل سے ناآشنا ہے
نہ مستی ہمانا کہ دیوانہ
تو مست نہیں ہے بلکہ تو دیوانہ ہے

بخندید کای ترک نادان خموش
ہنسا اور کہا کہ اے ترک چپ رہ
مگر حال خضرت نیامد بگوش
شاید حضرت خضر کا حال تو نے نہیں سنا

نہ دیوانہ خواند کس اورا نہ مست	چرا کشتی ناتوان شکست
نہ کوئی اسے دیوانہ کہتا ہے نہ مست	تو پھر کیوں یتیموں کی کشتی کو توڑتا ہے
جہانجوی گفت ای ستمگار مرد	چہ دانی کہ خضر آن برای چہ کرد
بادشاہ نے کہا اے ظالم مرد	تو کیا جانے کہ خضرؑ نے وہ کام کیوں کیا
در آن بحر مردِ جفا پیشہ بود	کہ دلہا ازو بحر اندیشہ بود
اس دریا میں ایک ظالم شخص تھا	کہ اس کے ڈر سے دل خوف کے سمندر بنے ہوئے تھے
جزائر ز کردار او پر خروش	جہانی ز دستش چو دریا بجوش
ٹاپو کے رہنے والے اس کے افعال سے روتے تھے	اور ایک جہان اسکے ہاتھ سے دریا کی طرح جوش میں تھا
پس آنرا ز بہر مصالح شکست	کہ سالار ظالم نگیرد بدست
پس اس کو مصلحت کے لئے توڑ دیا	تاکہ ظالموں کا سردار اسے قبضہ میں نہ لائے
شکستہ متاع کہ در حرز تست	از آن بہ کہ در دست دشمن درست
ٹوٹا ہوا سامان جو تیرے قبضہ میں ہے	یہ اس سے بہتر ہے کہ ظالم کے ہاتھ میں اچھا ہو
بخندید دہقان روشن ضمیر	کہ پس حق بدست منست ای امیر
کسان روشندل ہنسا اور کہا کہ	اے سردار اب حقیقت میری طرف ہے
نہ از جہل می بشکنم پای خر	کہ از جورِ سلطانِ بیداد گر
میں نادانی سے گدھے کا پاؤں نہیں توڑتا ہوں	بلکہ ظالم بادشاہ کے ظلم سے
خر اینجا کہ لنگ و تیمار کش	ازان بہ کہ پیش ملک بار کش
اس جگہ لنگڑا اور غمخوار گدھا بہتر ہے	اس سے کہ ظالم کے پاس بوجھ کھینچنے والا ہو
توان را نگوئی کہ کشتی گرفت	کہ چون نام بد نام زشتی گرفت
تو اس کو نہیں کہیگا کہ اس نے کشتی پکڑ لی	بلکہ اس نے ہمیشہ کے لئے بدنامی قبول کی
تفو بر چنان ملک و دولت کہ راند	کہ شنعت برو تا قیامت بماند
جو دولت اور ملک اس طرح حاصل کیا ہو	اسپر لعنت کہ اسپر قیامت تک برائی رہی
ستمگر جفا بر تن خویش کرد	نہ بر زیر دستان درویش کرد
ظالم نے اپنے آپ پر ظلم کیا	نہ کہ عاجز کمزور درویش پر
کہ فردا دران محفل نام و ننگ	بگیرد گریبان و ریشش بچنگ
اس واسطے کل اس نام و ننگ کی محفل میں	اس کا گریبان اور داڑھی ہاتھ میں پکڑیگا

نهد بار اوزار بر گردنش! — نیارد سر از عار بر کردنش
گناہوں کا بوجھ اس کی گردن پر رکھے گا — مگر وہ شرم سے اوپر سر نہ اٹھائیگا

گرفتم که خر بارش اکنون کشد — دران روز بارِ خران چون کشد!
میں نے فرض کیا کہ اب گدھے اس کا بوجھ کھینچتے ہیں — اس دن وہ گدھوں کا بوجھ کس طرح کھینچے گا

گر انصاف پرسی بداختر کس است — که در راحتش رنج دیگر کس است
اگر تو سچ پوچھے تو وہ آدمی بدنصیب ہے — کہ جس کی راحت میں دوسروں کا رنج ہو

همین پنج روزش تنعم بود — که شادیش در رنج مردم بود
جس کی خوشی آدمیوں کے رنج میں ہو گی — اس کی خوشی بھی پانچ دن ہو گی

اگر بر نخیزد بهِ آن مرده دل — که خسپند ازو مردم آزرده دل
جس مردہ سے آدمی آزردہ دل سوئیں — اگر وہ مردہ دل نہ اُٹھے تو اچھا ہے

شه این جمله بشنید و چیزی نگفت — به بست اسپ و سر بر نمد زین بخفت
بادشاہ نے یہ سب کچھ سنا اور کچھ نہ کہا — گھوڑا باندھا اور سر زین کے نمدے پر رکھدیا

همه شب ز بیداری اختر شمرد — ز سودا و اندیشه خوابش نبرد
تمام رات جاگا اور ستارے گنے — اور اسے تشویش اور رنج سے نیند نہ آئی

چو آواز مرغ سحر گوش کرد — پریشانیٔ شب فراموش کرد
جب مرغ سحر کی آواز سنی — تو رات کی پریشانی کو بھول گیا

سواران همه شب بزک تاختند — سحرگه پی اسپ بشناختند
لشکر کے سواروں نے تمام رات دوڑ کی — اور صبح کو بادشاہ کے گھوڑے کی ٹاپ پہچان لی

بر آن عرصه بر اسپ دیدند شاه — پیاده دویدند یکسر سپاه
اس میدان میں گھوڑے پر بادشاہ کو دیکھا — تمام سپاہ پیدل دوڑی

بخدمت نهادند سر بر زمین — چو دریا شد از موج لشکر زمین
خدمت کے واسطے سر زمین پر رکھا — اور سپاہ کی لہروں سے زمین دریا بن گئی

بزرگان نشستند و خوان خواستند — بخوردند و مجلس بیاراستند
امرا بیٹھے اور خوان منگایا (سب نے) — کھایا اور مجلس آراستہ کی

چو شورِ طرب در نهاد آمدش — ز دهقان دوشینه یاد آمدش
جب خوشی کا جوش اس کے دل میں آیا — تو رات والے کسان کی بات اسے یاد آئی

بفرمود وجستند وبستند سخت	بخواری فگندند در پای تخت
اس نے حکم دیا اور انہوں نے اسے سخت ڈھونڈا	اور مضبوط باندھا اور ذلت سے تخت کے نیچے ڈال دیا
سیه دل بر آهیخت شمشیر تیز	ندانست بیچاره روی گریز
جلاد نے تیز تلوار کھینچی	اس بیچارہ نے راہ گریز نہ جانی
شمرد آن دم از زندگی آخرش	بگفت آنچه گردید در خاطرش
اس نے وہ اپنی زندگی کا آخر وقت سمجھا	اور جو اس کے دل میں آیا کہا
نه بینی که چون کارد بر سر بود	قلم را زبانش روان تر بود
تو نہیں جانتا کہ جب چاقو قلم کے سر ہوتا ہے	تو اس کی زبان زیادہ رواں ہوتی ہے
چو دانست کز خصم نتوان گریخت	بنا باکی او تیر ترکش بریخت
جب اس نے جانا کہ دشمن سے بھاگ نہ سکونگا	تو بے باکانہ ترکش سے تیر گرائے
سر ناامیدی بر آورد وگفت	شب گور در وه محال ست خفت
ناامیدی کا سر اٹھایا اور کہا	کہ جو رات قبر میں سونی ہے وہ رات گاؤں میں نہیں سو سکتے
ز نامهربانی که در دور تست	همه عالم آوارهٔ جور تست
اس بیرحمی سے کہ جو تیرے دور میں ہے	تمام عالم میں تیرے ظلم کی شہرت ہے
نه من کردم از دست جورت نفیر	که خلقی ز خلقی یکی کشته گیر
میں ہی تیرے ظلم سے فریاد نہیں کرتا بلکہ	ایک خلقت فریاد کرتی ایک خلقت سے مجھ ایک کو مرا ہوا سمجھ
عجب گز منت بر دل آمد درشت	بکش گر توانی همه خلق کشت
عجب ہے کہ میری باتیں تیرے دلکو سخت معلوم ہوئی	ہوں۔ اگر تو ایک خلقت کو مار سکتا ہے تو مار
وگر سخت آمد نکوهش ز من	بانصاف بیخ نکوهش بکن
اور اگر تجھے میری ملامت کرنی بری معلوم ہوئی ہے	تو انصاف سے ملامت کی جڑھ اکھیڑ
ترا چاره از ظلم برگشتن است	نه بیچارهٔ بیگناه کشتن است
تیری بڑائی اس میں نہیں کہ تو بیگناہ عاجز کو مارے	بلکہ تیری بھلائی ظلم کو چھوڑنے میں ہے
چو بیداد کردی توقع مدار	که نامت به نیکی رود در دیار
جب تو ظلم کرے تو یہ امید نہ رکھ	کہ ملک میں تیرا نام نیکی سے رہے گا
ندانم که چون خسپدت دیدگان	نخفته ز دستت ستمدیدگان
میں نہیں جانتا کہ تو کس طرح سوتا ہے	جب کہ تیرے ہاتھ سے ظلم رسیدہ نہیں سوئے

بداں کی ستودہ شود پادشاہ
سوچ کہ بادشاہ کب تعریف کے قابل ہو
کہ خلقش ستایند در بارگاہ
جب بادشاہ کے سامنے اس کی تعریف کریں

چہ سود آفرین بر سرِ انجمن
محفل میں تیری تعریف ہونے سے کیا فائدہ
پس چرخہ نفرین کنان مردوزن
جب چرخے کے پیچھے تیری مردوزن مذمت کریں

گرفت این سخن شاہ ظالم بگوش
ظالم بادشاہ نے یہ بات کان میں لی
ز سر مستی غفلت آمد بہ ہوش
غفلت کی مستی سے ہوش میں آیا

ور آن دہ کہ طالع نمودش بہی
جس گاؤں میں کہ نصیبے نے اسے یاوری کی
دہی را بہ بخشید فرماندہی
اس کسان کو اس کی بادشاہت دیدی

بیاموزی از عالمان عقل و خوی
عالموں سے تو عقل اور خصلت نہیں سیکھ سکتا
بچندان کہ از جاہل عیب جوی
جتنی کہ جاہل نکتہ چین سے

ز دشمن شنو سیرتِ خود کہ دوست
اپنی خصلت دشمن سے پوچھ
ہر آنچہ از تو آید بچشمش نکوست
کیونکہ جو کچھ تو کریگا تیرے دوست کی نظر میں اچھا ہے

ستایش سرایان نہ یارِ تواند
تعریف کرنے والے تیرے یار نہیں
ملامت کنان دوستدارِ تواند
بلکہ ملامت کرنے والے تیرے خیر خواہ ہیں

ترش روئی بہتر کند سرزنش
خوش طبع شیریں زبان یار کی نسبت
کہ یاران خوش طبع شیرین منش
ترش رو بہتر ملامت کر سکتا ہے

ازین بہ نصیحت نگوید کست
اس سے بہتر کوئی نصیحت نہیں کرتا
دگر عاقلی یک اشارت بست
اگر تو عقلمند ہے تو تجھے ایک اشارہ کافی ہے

چو دورِ خلافت بمامون رسید
جب ماموں کو خلافت کا زمانہ حاصل ہوا
یکی ماہ پیکر کنیزک خرید
تو ایک چاند سی لونڈی خریدی

بچہر آفتابی بتن گلبنی!
چہرہ آفتاب جیسا اور بدن پھول جیسا
بہ عقل خردمند بازی کنی!
اور عقلمندوں کی عقل کے ساتھ بازی کرنیوالی

بخون عزیزان فروبردہ چنگ
چاہنے والوں کے خون میں پنجے رنگے ہوئے
سر انگشت ہائی کردہ عناب رنگ
اور انگلیوں کے سروں کو سرخ کئے ہوئے

برابروی عابد فریبش خضاب
اس فریبی عابد کے ابرو پر وسمہ اس طرح تھا
چو قوس قزح بود بر آفتاب
جس طرح آفتاب پر قوس قزح

شبِ خلوتِ آن لعبتِ حورزاد
مگر تن در آغوش ماموں نداد

خلوت کی ایک رات میں اس حور نژاد معشوق نے
اپنا جسم ماموں کے پہلو میں نہ رکھا

گرفت آتشِ خشم در وے عظیم
سرش خواست کردن چو جوزا دو نیم

اس کے اندر غصے کی آگ بہت تیزی سے بھڑکی
اس کا سر برج جوزا کی طرح دو ٹکڑے کرنا چاہا

بگفتا سرانیک بہ شمشیرِ تیز
بینداز و بامن مکن خفت و خیز

اس لونڈی نے کہا کہ یہ ہے میرا سر
اسے تیز تلوار سے جدا کر اور میرے ساتھ سونا اور بیٹھنا ترک کر

بگفت از کہ بر دل گزند آمدت
چہ خصلت ز من ناپسند آمدت

اس نے کہا کس چیز سے تیرے دل پر صدمہ ہوا ہے
اور میری کونسی خصلت تجھے ناپسند آئی ہے

بگفت از کشی ور شگافی سرم
ز بوئے دہانت برنج اندرم

اس نے کہا اگر تو قتل کردے یا میرا سر پھاڑ دے
میں پھر بھی کہونگی کہ تیرے منہ کی بو سے میں آزردہ ہوں

کشد تیرِ پیکار و تیغِ ستم
بہ یکبار و بوئے دہان دمبدم

لڑائی کا تیر اور ستم کی تلوار ایکدم مار ڈالتی ہے
لیکن منہ کی بدبو بار بار مارتی ہے

شنید این سخن سرورِ نیکبخت
بشورید و بر خود بہ پیچید سخت

نیک بخت سردار نے یہ بات سنی
اور اپنے اوپر نہایت پیچ و تاب کھایا اور برافروختہ ہوا

دلش گرچہ در حال ازو رنجہ شد
دوا کرد و خوشبوئے چون غنچہ شد

اگرچہ اس کا دل اس وقت سے اس آزردہ ہوا
مگر اس نے دوا کی اور وہ گل کی طرح خوشبودار ہوا

پری چہرہ را ہمنشین کرد و دوست
کہ این عیب من گفت یار من اوست

اس پری چہرہ کو ہمنشین اور دوست بنایا
کہ اس نے میرا عیب کہا ہے یہ میرا دوست ہے

بنزدِ من آنکس نکو خواہ تست
کہ گوید فلان خار در راہِ تست

میرے نزدیک وہ شخص تیرا خیرخواہ ہے
جو کہے کہ فلاں کانٹا تیری راہ میں ہے

بگمراہ رفتن نکو میروی
جفائے تمام ست و جورِ قوی

بھولے ہوئے کو کہنا کہ تو ٹھیک جا رہا ہے
نہایت ظلم اور سخت ستم ہے!

ہر آنگہ کہ عیبت نگویند پیش
ہنر دانی از جاہلی عیبِ خویش

جب کہ تیرا عیب سامنے نہ کہیں گے
تو تو جہالت سے اسے ہنر جانے گا

مگو شہدِ شیرین شکر فائق است
کسی را کہ سقمونیا لائق است

جس شخص کے لئے سقمونیا (کڑوی دوا) مناسب ہے
اسے مت کہو کہ شہد میٹھا ہے یا شکر اچھی ہے

چه خوش گفت یک روز دارو فروش | شفا بایدت داروی تلخ نوش

ایک دن ایک دوا بیچنے والے نے کیا خوب کہا | کہ اگر تجھے صحت چاہیئے تو کڑوی دوا پیو

بپرویزن معرفت بیخته | بشهد عبادت برآمیخته

خدا کی معرفت کی چھلنی ہوئی | بندگی کے شہد میں ملی ہوئی

حکایت

شنیدم که از نیک مردی فقیر | دل آزرده شد پادشاهی کبیر

میں نے سنا کہ ایک نیک مرد فقیر سے | ایک بڑا بادشاہ رنجیدہ ہوا

مگر بر زبانش حقی رفته بود | ز گردن کشی بر وی آشفته بود

شاید اس کی زبان سے کوئی سچ بات نکلی تھی | غرور سے اسپر ناراض ہوا

بزندان فرستادش از بارگاه | که زور آزمائیست بازوی شاه

اس کو دربار سے قید خانے میں بھیجدیا | اس واسطے کہ بادشاہ کا بازو زبردست ہے

ز یاران یکی گفتش اندر نهفت | مصالح نبود این سخن گفت گفت

اس فقیر کے دوستوں میں سے کسی نے اسے پوشیدگی میں کہا | کہ یہ بات کہنی اچھی نہیں تو اس نے کہا

رسانیدن امر حق طاعت ست | ز زندان نترسم که یکساعت ست

سچ بات پہنچانا عبادت ہے۔ میں قید خانے سے | نہیں ڈرتا کہ ایک ساعت کے قریب ہے

همان دم که در خفیه این راز رفت | حکایت بگوش ملک باز رفت

جس وقت کہ خفیہ طور پر یہ راز بادشاہ تک پہنچا | اور یہ حکایت اس کے کان تک جا پہنچی !

بخندید کو ظن بیهوده برد | نداند که خواهد دران حبس مرد

ہنسا اور کہا (بادشاہ) وہ بیفائدہ بدگمانی کرتا ہے | وہ نہیں جانتا کہ اس قید خانے میں وہ مرجائیگا

غلامی بدرویش برد این پیام | بگفتا به خسرو بگوای غلام

ایک غلام درویش کے پاس یہ خبر لے گیا | اس نے کہا اے غلام بادشاہ کو کہدے

که دنیا همین ساعتی بیش نیست | غم و خرمی پیش درویش نیست

کہ دنیا ایک ساعت سے زیادہ نہیں ہے | اور درویش کے واسطے خوشی اور غم یکساں ہے

نه گر دستگیری کنی خرمم | نه گر سر بری در دل آید غمم

اگر تو میری دستگیری کریگا تو میں خوش نہیں ہوسکتا | اور اگر تو میرا سر کاٹیگا تو میں غم نہیں کھاسکتا

ترا گر سپاه است و فرمان و گنج | مرا گر عیالست و حرمان و رنج

اگرچہ تیرے پاس سپاہ فوج اور خزانہ ہے | اور میرے پاس عیال اور بدنصیبی اور غم ہے

بدروازۂ مرگ چون در شویم | بیک ہفتہ باہم برابر شویم
ہم جس وقت موت کے دروازے پر جائیں گے | تو ایک ہفتہ کے اندر دونوں برابر ہو جائیں گے

منہ دل برین دولتِ پنج روز | تن خویشتن را بآتش مسوز
اس پانچ دن کی دولت میں دل مت لگا | اور اپنا بدن آگ میں مت جلا

نہ پیش از تو بیش از تو اندوختند | بہ بیداد کردن جہان سوختند
کیا تجھ سے پہلے بادشاہوں نے تجھ سے زیادہ جمع نہیں کیا | اور ظلم کرکے جہان کو جلا دیا

چنان زی کہ ذکرت بتحسین کنند | چو مردی نہ بر گورِ نفرین کنند
اس طرح جی کہ نیکی سے تیرا ذکر کریں | نہ کہ تیرے مرنیکے بعد تیری قبر پر لعنت بھیجیں

نباید برسم بد آئین نہاد | کہ گویند لعنت بران کین نہاد
بری رسم پر قانون نہیں باندھنا چاہیئے | تاکہ لوگ یہ نہ کہیں کہ لعنت اسپر جسنے یہ بنیاد رکھی

وگر سر برآید خداوندِ زور | نہ زیرش کند عاقبت خاک گور
اگر زبردست آدمی کامیاب ہو جائے | تو کیا قبر کی خاک اسے نیچا نہ دکھا دیگی

بفرمود دلتنگ روی از جفا | کہ بیرون کنندش زبان از قفا
ایک دل تنگ نے ظلم سے حکم دیا | کہ اسکی زبان پیچھے سے باہر نکالیں

چنین گفت مردِ حقایق شناس | ازین ہم کہ گفتی ندارم ہراس
حقیقت شناس آدمی نے کہا کہ | تونے جو کچھ کہا ہے اس سے نہیں ڈرتا

من از بی زبانی ندارم غمی | کہ دانم کہ ناگفتہ آید ہمی
میں اپنی بے زبانی پر افسوس نہیں کرتا | کیونکہ جانتا ہوں کہ خدا بغیر کہے سنتا ہے

اگر بینوائی برم ور ستم | گرم عاقبت خیر باشد چہ غم
اگر میں ظلم کی وجہ سے بے سروسامان ہو گیا | تاہم میرا انجام اچھا ہے تو تجھے کیا غم ہے

عروسی بود نوبتِ ماتمت | گرت نیک روزی بود خاتمت
اگر تیرا خاتمہ اچھا ہو تو تیری موت کا ماتم | تیری شادی کی نوبت کی طرح ہوگا

قصہ

یکی مشت زن بخت روزی نداشت | نہ اسباب شامش مہیا نہ چاشت
ایک پہلوان اپنی قسمت میں روزی نہ رکھتا تھا | نہ اسے شام کا سامان میسر تھا نہ صبح کا کھانا

زجورِ شکم گل کشیدی بہ پشت | کہ روزی محال ست خوردن بمشت
پیٹ کے ظلم سے پیٹھ پر مٹی لادتا تھا | اس واسطے کہ گھونسے کے زور سے روزی کھانا مشکل ہے

مدام از پریشانی روزگار — دلش محنت آلود و تن سوگوار

ہمیشہ زمانے کی پریشانی سے — اس کا دل مردہ اور بدن محنت اٹھانیوالا رہتا تھا

گہش جنگ بہ عالم خیرہ کش — گہ از بخت شوریدہ رویش ترش

کبھی اسے بیباک جہان سے لڑائی رہتی تھی — کبھی برے نصیب سے اسکا منہ ترش رہتا تھا

گہ از دیدن عیش شیریں خلق — فرو میشدی آب تلخش بہ حلق

کبھی لوگوں کے عیش و عشرت کو دیکھکر — اس کے حلق سے کڑوا پانی اترتا تھا

گہ از کار آشفتہ بگریستی — کہ کس دید ازیں صعب تر زیستی

کبھی پریشان کام سے روتا تھا اور کہتا تھا — کہ اس سے زیادہ مصیبت کی زندگی بسر کرنا کس نے دیکھا ہے

کسان شہد نوشند مرغ و برہ — مرا روی نان می نہ بیند ترہ

لوگ شہد مرغ حلوا اور گوشت کھاتے ہیں — لیکن میری روٹی ساگ کا منہ نہیں دیکھ سکتی

گر انصاف پرسی نہ نیکوست این — برہنہ من و گربہ را پوستین

اگر تو انصاف پوچھے تو کیا یہ سچ نہیں — کہ میں برہنہ ہوں اور بلی کے لئے پوستین

دریغ از فلک شیوۂ ساختی — کہ گنج بدست من انداختی

افسوس اگر زمانہ کوئی ایسا طور کرتا — کہ میرے ہاتھ میں ایک خزانہ ڈالتا

مگر روزگاری ہوس راندمی — ز خود گرد محنت بیفشاندمی

شاید ایک زمانہ میں ہوس سے علیحدہ ہوتا — اور محنت کی خاک اپنے اوپر سے جھاڑتا

شنیدم کہ روزی زمینی بکافت — عظام زنخدان پوسیدہ یافت

میں نے سنا کہ اس نے ایک دن زمین کھودی — اور بوسیدہ ٹھوڑی کی ہڈیاں پائیں

بخاک اندرش عقد بگسیختہ — گہرہای دندان فرو ریختہ

مٹی میں اسکی لڑی ٹوٹی ہوئی اور — موتی جیسے دانت گرے ہوئے

دہان بی زبان پند میگفت راز — کہ ای خواجہ با بی مرادی بساز

بے زبان منہ نصیحت اور بھید کہتا تھا — کہ اے صاحب ناکامی کے ساتھ موافقت کر

نہ این ست حال دہن زیر گل — شکر خوردہ انگار یا خون دل

کیا مٹی کے نیچے منہ کا یہ حال نہیں اگرچہ تو — اسے شکر کھانیوالا سمجھ یا خون دل پینے والا جان

غم از گردش روزگاران مدار — کہ بیجا نگردد بسی روزگار

زمانہ کی گردش سے اندیشہ مت کر — کیونکہ زمانہ بہت بیجا پھرتا ہے

همان لحظه کین خاطرش رو بداد
اس وقت جبکہ اسے یہ خیال ہو تو غم نے
غم از خاطرش رخت یکسو نهاد
اس کے دل سے اپنا اسباب علیحدہ رکھا

که ای نفس بی رای تدبیر و هش
اے بے عقل و تدبیر و ہوش و نفس بیمار کی
بکش بار تیمار و خود را مکش
تیمار داری کی زحمت اٹھا اور اپنے آپکو مت تیمار داری کے

اگر بنده بار بر سر برد
اگر کوئی بندہ سر پر بوجھ لے جائے
دگر سر باوج فلک بر برد
یا آسمان کی بلندی پر سر لے جائے

دران دم که حالش دگرگون شود
اس وقت جب کہ ان کی حالت میں تغیر ہوتا ہے
بمرگ از سرش هر دو بیرون شود
تو موت کی وجہ سے دونوں سر سے نکل جاتے ہیں

غم و شادمانی نماند ولیک
غم و خوشی باقی نہیں رہتی
جزای عمل ماند و نام نیک!
بلکہ عملوں کی جزا نیکی باقی رہ جاتی ہے

کرم پای دارد نه دیهیم و تخت
بخشش قائم رہتی ہے نہ کہ تخت و تاج
بده کز تو این ماند ای نیک بخت
تو بخشش کر تا کہ تجھ سے یہ باقی نہ رہے

مکن تکیه بر ملک جاه و حشم
ملک مرتبہ اور لشکر پر بھروسہ نہ کر
که پیش از تو بود ست و بعد از تو هم
کیونکہ یہ تیرے پہلے بھی تھا اور تیرے بعد بھی

زر افشان چو دنیا بخواهی گذاشت
جب تجھے دنیا چھوڑنی ہے تو زر بخشش کر
که سعدی دُر افشاند گر زر نداشت
کیونکہ سعدی جو روپیہ نہیں رکھتا موتی لٹاتا ہے (شعر)

حکایت

حکایت کنند از جفا گستری
ایک ظالم کی حکایت کرتے ہیں
که فرماندهی داشت بر کشوری
جو ایک ملک پر حکومت کرتا تھا

در ایام او روز مردم چو شام
اسکے عہد میں لوگوں کا دن انکی شام کی طرح سیاہ (پر ماتم)
شب از بیم او خواب مردم حرام
ہوتا تھا اور رات خواص کے خوف سے نیند حرام ہوتی تھی

همه روز نیکان ازو در بلا
نیک آدمی تمام دن اس سے مصیبت میں
بشب دست پاکان ازو بر دعا
رات کو نیک آدمیوں کا ہاتھ اسکی وجہ سے دعا کیلئے بلند

گروهی بر شیخ آن روزگار
اس زمانے کے شیخ کے پاس
ز دست ستمگر گرستند زار
ایک گروہ اس ظالم کے ہاتھ سے بہت رویا

که ای پیر دانای فرخنده رای
کہ اے مبارک اور دانا شیخ
بگو این جوان را بترس از خدای
اس جوان کو کہو کہ خدا سے ڈرے

بگفتا دریغ آیدم نامِ دوست	که هر کس نه در خورد پیغام اوست
کہا کہ مجھکو دوست کے نام سے افسوس آتا ہے	کیونکہ ہر شخص اس کے پیغام کے لائق نہیں ہوتا خدا کے)
کسی را که بینی ز حق برگران	منه بادوی ای خواجه حق در میان
جس شخص کو تو حق سے پھرا دیکھے	تو اے خواجہ اس سے حق کا واسطہ مت ڈھونڈ
حقت گفتم ای خسروِ نیک رای	توان گفت حق پیشِ مردِ خدای
اے بادشاہ نیک عقل میں نے تجھے سچ کہا	کہ ہم اللہ کے بندے کے آگے سچ کہہ سکتے ہیں
بر مردِ نادان نریزم علوم	که ضائع کنم تخم در شوره بوم
میں نادان آدمی کے سامنے علم ظاہر نہیں کرتا	کیونکہ شور زمین میں بیج بونا بیج ضائع کرنا ہے
چو در وی نگیرد عدو داندم	برنجد بجان و برنجاندم
جب اس میں اثر نہ کریگا تو مجھے دشمن جانیگا	جان سے آزردہ ہوگا اور مجھے رنج دیگا
ترا عادت ای بادشاه حق رویست	دل مرد حق گوی ازینجا قویست
اے بادشاہ تیری عادت حق پر چلنے کی ہے	اس وجہ سے حق کہنے والے کا دل قوی ہے
نگین خصلتی داری ای نیکبخت!	که در موم گیرد نه در سنگِ سخت
اے نیک بخت نگینہ یہ خصلت رکھتا ہے	کہ موم میں اثر کرتا ہے نہ سخت پتھر میں
عجب نیست گر ظالم از من بجان	برنجد که دزدست من پاسبان
عجب نہیں اگر ظالم میرے ساتھ جان سے آزردہ ہو	کیونکہ وہ چور ہے میں پاسبان (چور پاسبان سے آزردہ ہوتا ہی)
تو هم پاسبانی بانصاف و داد	که حفظِ خدا پاسبانِ تو باد
تو بھی عدل و انصاف سے نگہبان ہو	کہ خدا کی نگہبانی تیری نگہبان ہو
ترا نیست منت ز روی قیاس	خداوند را فضل و من و سپاس
قیاس کی رو سے تیرے لئے احسان نہیں	کیونکہ خدا کو بزرگی اور احسان رکھنے کا شکر ہے
که در کارِ خیرت بخدمت بداشت	نه چون دیگرانت معطّل گذاشت
کہ نیک کام میں تجھے خدمت میں رکھا	اور دوسروں کی طرح معطل نہ کر دیا
همه کس بمیدان کوشش دراند	ولی گوی بخشش نه هر کس براند
تمام آدمی کوشش کے میدان میں اترتے ہیں	لیکن بخشش کی گیند ہر کوئی نہیں لے جاتا
تو حاصل نکردی بکوشش بهشت	خدا در تو خوی بهشتی سرشت
تو نے کوشش سے بہشت حاصل نہ کی	خدا نے تیرے اندر بہشتی کی صفت رکھدی

دلت روشن و وقت مجموع باد
تیرا دل روشن زمانہ موافق
قدم ثابت و پایہ مرفوع باد
قدم ثابت اور پایہ بلند ہو

حیاتت خوش و رفتنت بر صواب
تیری زندگی اور موت نیک راہ پر ہو
عبادت قبول و دعا مستجاب
تیری عبادت قبول اور دعا مستجاب ہو

ہمی تا بر آید بہ تدبیر کار
جب تک کہ تدبیر سے کام نکل سکے
مدارای دشمن بہ از کارزار
دشمن کی صلح لڑائی سے بہتر ہے

چو نتوان عدو را بقوت شکست
جب دشمن کو قوت سے شکست نہیں دے سکتے
بباید بہ نعمت درِ فتنہ بست
تو چاہیئے کہ دولت سے فتنہ کا دروازہ بند کردے

گر اندیشہ داری ز دشمن گزند
اگر دشمن سے تکلیف کا خوف ہو تو !
بہ تعویذ احسان زبانش ببند
تو احسان کے تعویذ سے اسکی زبان بند کردے

عدو را بجائی خسک زر بریز
دشمن کے واسطے بجائے گوکھرو کے روپیہ بچھا
کہ احسان کند کند دندانِ تیز !
کیونکہ احسان تیز دانتوں کو کند کردیتا ہے

بہ تدبیر رستم در آید بہ بند
تدبیر سے جہان کو قبضہ میں لانا چاہیئے
کہ اسفندیارش نجست از کمند
اور جو ہاتھ کاٹا نہ جائے اسے چومنا چاہیئے

عدو را بفرصت توان کند پوست
دشمن کی کھال فرصت کے وقت کھینچی جا سکتی ہے
پس او را مراعات چنان کن کہ دوست
پس اس کی دوست جیسی رعایت کر

حذر کن ز پیکار کمتر کسی
ادنے شخص سے لڑائی کرنے سے پرہیز کر
کہ از قطرہ سیلاب دیدم بسی
کیونکہ بہت دفعہ میں نے قطرہ سے سیلاب دیکھا

مزن تا توانی بر ابرو گرہ
جب تک ہو سکے پیشانی پر بل نہ ڈال
کہ دشمن اگرچہ زبون دوست بہ
کیونکہ اگرچہ حقیر ہو اس کا دوست ہونا بہتر ہے

بود دشمنش تازہ دوست ریش
اس کا دشمن خوش اور دوست آزردہ ہو
کسی کش بود دشمن از دوست بیش
جس کے دشمن زیادہ ہوں اور دوست کم

مزن با سپاہی ز خود بیشتر
اپنے سے زیادہ سپاہی کے ساتھ لڑائی نہ کر
کہ نتوان انگشت با نیشتر
کیونکہ نشتر پر انگلی نہیں مار سکتے

وگر زو توانا تری در نبرد
اگر لڑنے میں اس سے زیادہ بہادر ہے
نہ مردیست بر ناتوان زور کرد
تو کمزوروں پر زور لگانا جوانمردی نہیں

اگر پیل زوری وگر شیر چنگ !	بنزدیک من صلح بهتر که جنگ
اگر تو ہاتھی کے سے زور والا ہے یا شیر کے سے	پنجے والا ہے تو میرے نزدیک جنگ سے صلح بہتر ہے
چو دست از همه حیلتی درگسست	حلال است بردن بشمشیر دست
جب ہاتھ ہر حیلہ سے عاجز رہا تو	ہاتھ شمشیر پر لیجانا جایز ہے
اگر صلح خواهد عدو سر مپیچ !	وگر جنگ جوید عنان بر مپیچ !
اگر دشمن صلح چاہے تو سر نہ پھیر	اور اگر دشمن لڑائی چاہے تو باگ مت پھیر
که گر وی به بندد در کارزار	ترا قدر و هیبت شود یک هزار
کیونکہ اگر وہ لڑائی کا دروازہ بند کرے	تو تیرا مرتبہ اور خوف ہزار گنا ہو جائے گا
ور او پای جنگ آورد در رکاب	نخواهد بحشر از تو داور حساب
جب وہ لڑائی کا پاؤں رکاب میں لا رکھے	تو اللہ تجھ سے حساب نہ چاہے گا
تو هم جنگ را باش چون فتنه خواست	که با کینه ور مهربانی خطاست !
جب دشمن فساد برپا کرتا ہے تو تو بھی لڑائی کیلئے تیار	کیونکہ کینہ ور پر مہربانی نہ کرنی چاہیئے
چو با سفله گوئی بلطف و خوشی	فزون گردش کبر و گردن کشی
جب تو کمینہ سے مہربانی اور خوشی کی بات کرے	تو اس کا کبر اور غرور اور زیادہ ہو گا
چو دشمن در آمد بعجز از درت	بدر کن ز دل کین و خشم از سرت
جب دشمن عاجزی سے تیرے دروازے پر آئے	تو دل سے دشمنی اور دماغ سے غصہ دور کر
چو زنهار خواهد کرم پیشه کن	ببخشای و از مکرش اندیشه کن
اگر وہ پناہ مانگے تو بخشش کر	بخشش اور مہربانی کر لیکن اسکے مکر سے ڈرتا رہو
ز تدبیر پیر کهن بر مگرد	که کار آزموده بود سالخورد
تو پرانے بوڑھے کی تدبیر سے مت پھر	کیونکہ بوڑھا کام آزمودہ ہوتا ہے
در آرند بنیاد روئین ز پای	جوانان به شمشیر و پیران برای
پیتل کی دیوار جڑھ سے اکھاڑ دیتے ہیں	جوان اپنی تلوار سے اور بوڑھے اپنی تدبیر سے
بیندیش در قلب هیجا مفر !	چه دانی کز آنها که باشد ظفر
اگر تو میانہ لشکر میں ہے تو بھاگنے کا خیال نہ رکھ	کیونکہ تو نہیں جانتا کہ ان میں سے کون کامیاب ہو گا
چو بینی که لشکر ز هم دست داد	به تنها مده جان شیرین بباد
جب تو دیکھے کہ تمام لشکر نے پیٹھ پھیر دی	تو تنہائی میں اپنی جان شیرین کو برباد نہ کر

اگر بر کناری برفتن بکوش
وگر درمیان لبش دشمن بپوس
اگر تو کنارے پر ہو تو جانے میں کوشش کر
اور اگر درمیان میں ہے تو دشمن کا سامان کر

وگر خود ہزاری و دشمن دویست
چو شب شد در اقلیم دشمن بالیست
اگر تم ایک ہزار ہو اور دشمن دو سو
تو جب رات پڑے تو دشمن کے ملک میں مت ٹھہر

شب تیرہ پنجہ سوار از کمین!
چو پانصد بشوکت بدرد زمین
اندھیری رات میں کمین گاہ سے پچاس سوار
پانسو کی طرح دبدبے سے زمین پھاڑتے ہیں

چو خواہی بریدن بشب راہ ہا
حذر کن نخست از کمین گاہ ہا
جب تو رات کو راہیں طے کرنا چاہے
تو پہلے کمینگاہ کا خیال رکھ

میان دو لشکر چو یک روزہ راند
سر پنجۂ زورمندش نماند
جب دو لشکروں کے درمیان ایک دن برابر لڑائی رہے
تو اس کے زورمند پنجے کی طاقت نہیں رہتی

تو آسودہ بر لشکر ماندہ زن
کہ نادان ستم کرد بر خویشتن
تو اپنی مشت کی جگہ سے آرام کے ساتھ دشمن کو مار
کیونکہ نادان نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے

چو دشمن شکستی میفگن علم
کہ بازش نیاید جراحت بہم
جب تو نے دشمن کو شکست دی تو علم مت گرا
کہ پھر اس کا زخم بھر نہ آئے گا

بسی در قفای ہزیمت مران
نباید کہ دور افتی از یاوراں
شکست کے بعد بہت پیچھا نہ کر
کیونکہ ایسا نہ ہو کہ تو مددگاروں سے دوڑ جا پڑے

ہوا بینی از گرد ہیجا چو میغ
بگیرند گردت بہ زوبین و تیغ
لڑائی کی گرد سے تو ہوا کو بادل کی طرح دیکھیگا
اور تجھے نیزہ اور تلوار سے گھیر لیں گے

بدنبال غارت نراند سپاہ
کہ خالی بماند پس پشت شاہ
لوٹ کے پیچھے سپاہ کو نہ دوڑائے
کیونکہ بادشاہ پیچھے خالی رہ جاتا ہے

سپاہ را نگہبانی شہریار
بہ از جنگ در حلقۂ کارزار
سپاہی کے لئے بادشاہ کی نگہبانی کرنا
لڑائی کے حلقے میں لڑائی سے بہتر ہے

دلاور کہ باری تہور نمود
بباید بمقدارش اندر فزود
جس دلاور نے ایک مرتبہ بہادری کی ہو
اس کے حق خدمت زیادتی کرنی چاہیے

کہ بار دگر دل نہد بر ہلاک
ندارد ز پیکار یاجوج باک
تاکہ دوسری مرتبہ بھی ہلاکت کی طرف رخ کرے
اور یاجوج سے بھی لڑائی کرنے سے نہ ڈرے

کنون دست مردان جنگی ببوس	نہ آنگہ کہ دشمن فرو کوفت کوس
سپاہی کو اطمینان میں خوش رکھ	کہ مصیبت کے وقت کام آتا ہے
سپاہی کہ کارش نباشد ببرگ	چرا دل نہد روز ہیجا بمرگ
لڑنے والے بہادروں کا ہاتھ ابھی چوم	نہ اس وقت جبکہ دشمن نے نقارہ جنگ بجا دیا ہو
نواحی ملک از کف بد سگال	بلشکر نگہدار و لشکر بمال
جس سپاہی کے کاموں کا سامان نہ ہو	وہ لڑائی کے دن کیوں مرنے پر دل رکھے
سپاہی در آسودگی خوش بدار	کہ در حالت سختی آید بکار
دشمن کے ہاتھ سے اپنی سرحد میں سپاہیوں کی مدد سے	محفوظ رکھ اور سپاہیوں کی حفاظت مال سے کر
ملک را بود بر عدو دست چیر	چو لشکر دل آسودہ باشند و سیر
جب لشکر والے آسودہ دل اور با اطمینان ہو	تو بادشاہ کا ہاتھ دشمن پر غالب آئے
بہای سر خویشتن می خورد	نہ انصاف باشد کہ سختی برد
وہ اپنے سر کی قیمت کھاتا ہے	یہ انصاف نہیں اگر اسپر ظلم ہو
چو دارند گنج از سپاہی دریغ	دریغ آیدش دست بردن بہ تیغ
جب سپاہیوں کو مال دینے سے دریغ کریں	تو وہ تلوار پر ہاتھ لے جانے سے دریغ کریگا
چہ مردی کند در صف کارزار	چو دستش تہی باشد و کارزار
میدان جنگ میں وہ کیا بہادری کرے گا	جب اس کا ہاتھ خالی ہو اور کام ابتر
بہ پیکار دشمن دلیران فرست	ہزبران نیاورد شیران فرست
دشمن کی لڑائی کے واسطے بہادروں کو بھیج	اور شیروں کی لڑائی کے واسطے شیروں کو بھیج
برای جہان دیدگان کار کن	کہ صید آزمودست گرگ کہن!
جہاں دیکھے ہوئے لوگوں کی عقل کے موافق کام کر	کیونکہ پرانا بھیڑیا شکار کو آزمائے ہوتا ہے
مترس از جوانان شمشیر زن	حذر کن ز پیران بسیار فن
جوان تلوار چلانے والوں سے مت ڈر	لیکن بہت سے ہنر جاننے والوں بوڑھوں سے پرہیز کر
جوانان پیل افگن و شیر گیر	ندانند دستان روباہ پیر
ہاتھی کو گرانے والے اور شیر کو پکڑنے والے جوان	بوڑھی لومڑی کے مکروں سے واقف نہیں ہوتے
خردمند باشد جہان دیدہ مرد	کہ بسیار گرم آزمودست و سرد
جہاندیدہ مرد بہت عقلمند ہوتا ہے	کیونکہ بہت سے گرم و سرد آزمائے ہوئے ہے

جوانان شائستہ بخت ور	زگفتار پیران نہ پیچند سر
لائق اور صاحب نصیب جوان	بوڑھوں کی باتوں سے سر نہیں پھیرتے
گرت مملکت باید آراستہ	مدہ کارِ معظم بہ نوخاستہ
اگر تجھے ملک آراستہ چاہیئے	تو بڑا کام نئے آدمیوں کو مت دے
سپاہ را مکن پیش رو جز کسی	کہ در جنگ ہا بودہ باشد بسی
سپاہ کا سردار اس شخص کے سوا مت بنا	جو اکثر جنگوں میں رہا ہو
نتابد سگِ صید روئے از پلنگ	ز روبہ رمد شیر نادیدہ جنگ!
شکاری کتا چیتے سے سر نہیں پھیرتا	لیکن شیر بغیر جنگ دیکھے لومڑی سے بھاگتا ہے
چو پروردہ باشد پسر در شکار	نترسد چو پیش آیدش کارزار
جب لڑکا شکار میں پالا گیا ہو تو	نہیں ڈرتا جب اس کے سامنے لڑائی ہو
بکشتی و نخچیر و آماج و گوی	دلاور شود مرد پرخاش جوی
کشتی اور شکار اور نشانہ اور گیند میں	لڑائی ڈھونڈھنے والا مرد بہادر ہو
بگرمابہ پروردہ و عیش و ناز	برنجد چو بیند درِ جنگ باز!
حمام میں عیش و ناز سے پالا ہوا آزردہ ہوتا ہے	جب جنگ کا دروازہ کھلا دیکھتا ہے
دو مردش نشانند بر پشت زین	بود کش زند کودکی بر زمین!
جس کو دو آدمی زین پر بٹھائیں	ہو سکتا ہے کہ ایک لڑکا اسے پٹک دے
یکی را کہ دیدی تو در جنگ پشت	بکش گر عدو در مصافش نکشت
جس شخص کی پیٹھ تو نے لڑائی میں دیکھی	تو اسے مار ڈال اگر دشمن نے اسے لڑائی میں نہیں مارا
مخنث بہ از مردِ شمشیر زن	کہ روزِ وغا سر بتابد چو زن
اس تلوار چلانے والے سے ہجڑا بہتر ہے	جو لڑائی کے دن عورت کی طرح سر پھیرے
چہ خوش گفت گرگین بہ فرزند خویش	چو قربان پیکار بربست و کیش
گرگین نے اپنے لڑکے سے کیا خوب کہا	جب اس نے لڑائی کا کمان اور ترکش باندھا
اگر چون زنان جست خواہی گریز	مرو آب مردانِ جنگی مریز
اگر تو عورتوں کی طرح بھاگنا چاہے ہے	تو لڑائی میں جا اور لڑ بہادروں عزت مت مٹا
سوار یکہ بنمود در جنگ پشت	نہ خود را کہ نام آوران را بکشت
جس سپاہی نے میدان جنگ میں پیٹھ دکھائی	اسکے اپنے آپ کو نہیں بلکہ تمام بہادروں کو مار ڈالا

تہوّر نیاید مگر زان دو یار | کہ افتند در حلقۂ کارزار

ان دو یاروں کے سوا کسی سے بہادری نہ ہوئے | جو لڑائی کے میدان میں گر پڑیں

دو ہمجنس و ہم سفرہ و ہمزبان | بکوشند در قلب ہیجا بجان

دو ہم قوم ہم نوالہ اور ہم زبان | جو لڑائی کے اندر جان سے کوشش کرتے ہیں

کہ ننگ آیدش رفتن از پیش تیر | برادر بچنگال دشمن اسیر

اس واسطے کہ اس کو تیر کے سامنے سے ہٹ جانے میں شرم | آتی ہے جب بھائی کو دشمن کے پنجے میں دیکھتا ہے

چو بینی کہ یاران نباشند یار | ہزیمت بجائے غنیمت شمار

جب تو دیکھے کہ یار مددگار نہ ہوویں | تو شکست کو غنیمت سمجھ

دو تن پرور ای شاہ کہتر نواز | یکی اہل بازو دوم اہل راز

اے چھوٹونکے پرورکرنیوالے بادشاہ دو شخصونکی پرورش کر | ایک اپنے مصاحب کی دوسرے جوانمرد کی

ز نامآوران گوئی دولت برند | کہ دانا و شمشیرزن پرورند

جو لوگ داناؤں اور تلوار چلانے والونکو پالتے ہیں | وہ ناموروں سے سبقت کی گیند لے جاتے ہیں

ہر آنکو قلم را نورزید و تیغ | برو گر بمیرد مگوای دریغ!

جس شخص نے تلوار اور قلم کو حاصل نہیں کیا | اگر وہ مرجائے تو افسوس مت کر

قلمزن نگہدار و شمشیرزن ! | نہ مطرب کہ مردی نیاید ز زن

اہل قلم اور تلوار چلانے والے کی حفاظت کر | نہ کہ گوئیے کی کیونکہ عورت سے بہادری نہیں ہوسکتی

نہ مردیست دشمن در اسباب جنگ | تو مدہوش ساقی و آواز چنگ

یہ بہادری نہیں ہے کہ دشمن سامان جنگ میں ہو | اور تو ساقی اور چنگ کی آواز کا مست ہو

بسا اہل دولت ببازی نشست | کہ دولت برفتش ببازی ز دست

اکثر دولت مند کھیل میں بیٹھے | کہ دولت کھیل میں ان کے ہاتھ سے گئی

نگویم ز جنگ بداندیش ترس | در آوازۂ صلح ازو بیش ترس

میں یہ نہیں کہتا کہ بداندیش کی لڑائی سے ڈر | صلح کے آوازے سے اس سے زیادہ ڈر

بسا کس بروز آیت صلح خواند | چو شب شد سپاہ بر سر خفتہ راند

بہت سے لوگوں نے صلح کی راہ و آیت (”الصلح خیر“) پڑھی | جب رات ہوئی تو سوئے ہوئے کے سر پر فوج چڑھائی

زرہ پوش خسپند مرد اوژنان | کہ بستر بود خوابگاہ زنان

آدمیوں کو گرانے والے زرہ پہنکر سوتے ہیں | اس واسطے کہ بچھونا عورتونکے سونے کی جگہ ہے

به خیمه درون مرد شمشیر زن
تلوار مارنیوالا آدمی خیمہ کے اندر اس طرح برہنہ نہیں سوتا

برہنہ نخسپد چو در خانہ زن
جس طرح عورتیں مکان کے اندر

بباید نہان جنگ را ساختن
سامان جنگ پوشیدہ طور پر کرنا چاہیئے

کہ دشمن نہان آورد تاختن
اس واسطے کہ دشمن پوشیدہ حملہ کرتا ہے

حذر کار مردان کار آگہ است
وقف کار آدمی پرہیز کرتے ہیں

یزک سد روئین لشکرگہ است
آگے کی فوج لشکر گاہ کے لئے کانسی کی دیوار ہے

میان دو بدخواہ کوتاہ دست
دو کمزور دشمنوں کے درمیان

نہ فرزانگی باشد ایمن نشست
بے پرواہ بیٹھے رہنا عقلمندی نہیں ہے

کہ باہر دو باہم سگالند راز
اس واسطے کہ اگر دونوں آپس میں رائے سوچیں

شود دست کوتہ ایشان دراز
توان کا کمزور ہاتھ دراز ہو جائے

یکی را بہ نیرنگ مشغول دار
ایک کو حیلہ میں مشغول رکھ

دگر را بر آور ز ہستی دمار
اور دوسرے کی ہستی سے ہلاکت نکال

اگر دشمنی پیش گیرد ستیز
اگر کوئی دشمن لڑائی اختیار کرے

بشمشیر تدبیر خونش بریز
تو تدبیر کی تلوار سے اس کا خون گرا

برو دوستی گیر با دشمنش
جا اور اس کے دشمن کے ساتھ دوستی اختیار کر

کہ زندان شود پیرہن بر تنش
تاکہ لباس اس کے بدن پر قید خانہ بن جائے

چو در لشکر دشمن افتد خلاف
دشمن کی فوج میں مخالفت بڑھ جائے

تو بگذار شمشیر خود در غلاف
تو تو اپنی تلوار میان میں بند کر دے

چو گرگان پسندند برہم گزند
جب بھیڑیئے آپس میں لڑائی پسند کریں

بر آساید اندر میان گوسفند
تو بکری درمیان میں آرام پائے

چو دشمن بدشمن شود مشتغل
جب دشمن دشمن کے ساتھ مشغول ہوئے

تو با دوست بنشین بآرام دل
تو تو دوست کے ساتھ تسکین سے بیٹھ

گفتار در ملاطفت دشمن از روی عاقبت اندیشی

دور اندیشی سے دشمن کے ساتھ مہربانی کرنا

چو شمشیر پیکار برداشتی!
جب تو نے لڑائی کی تلوار اٹھائی

نگہدار پنہان رہ آشتی
تو پوشیدہ طور پر صلح کا بھی خیال رکھ

کہ لشکر کشوفان مغفر شگاف
اس واسطے کہ لشکر پھاڑنے والے اور خود چیرنے والے
نہان صلح جویند پیدا مصاف
پوشیدہ صلح ڈھونڈتے ہیں اور ظاہر لڑائی کرتے ہیں

دل مرد میدان نہانی بجوی
میدان کے مرد کا دل پوشیدہ ڈھونڈ کیونکہ
کہ باشد کہ در پایت افتد چو گوی
ہو سکتا ہے کہ گیند کی طرح تیرے پاؤں پر گر پڑے

چو سالاری از دشمن افتد بہ چنگ
جب دشمن کا کوئی سردار ہاتھ میں آوے
بکشتن برش کردہ باید درنگ
تو اس کے مار ڈالنے میں دیر کرنا چاہیئے

کہ افتد کزین نیمہ ہم سروری
کیونکہ نہ جانئے کہ ادھر کا بھی کوئی سردار
بماند گرفتار در چنبری
کسی گھیرے میں گرفتار ہو جائے

وگر کشتی این بندئ ریش را
اگر تو نے اس زخمی قیدی کو مار ڈالا
نہ بینی وگر بندئ خویش را
تو پھر تو اپنا قیدی بھی نہ دیکھے گا

نترسد کہ دورانش بندی کند
کیا وہ قیدیوں پر سختی کرتا ہے
کہ بر بندیان زورمندی کند
وہ نہیں ڈرتا کہ زمانہ اس کو بھی قید کردیگا

کسی بندیان را بود دستگیر!
وہ شخص قیدیوں کا ہاتھ پکڑنے والا ہوتا ہے
کہ خود بودہ باشد بہ بندی اسیر
کہ آپ کسی کی قید میں قید ہوا ہو

اگر سر نہد بر خطت سروری
اگر تیرے حکم پر کوئی سردار سر جھکائے
چو نیکش بداری نہد دیگری!
جب تو اس کو اچھی طرح رکھیگا دوبارہ پھر سر جھکایگا

اگر خفیہ دہ دل بدست آوری
اگر پوشیدہ طور پر دس دل ہاتھ میں لائے
ازان بہ کہ صدرہ شبخون بری
اس سے بہتر ہے کہ سو کو شبخون میں پکڑے

گفتار اندر حذر کردن از دشمنی کہ در طاعت آید

اس دشمن سے پرہیز کرو جو پناہ اور اطاعت میں آئے

گرت خویش دشمن شود دوستدار
اگر دشمن کا عزیز تیرا دوست ہو
ز تلبیس ایمن مشو زینہار
تو اس کے مکر سے ہرگز بے پرواہ مت ہو

کہ گردد درونش بکین تو ریش
کیونکہ جب اس کو اپنے عزیز کی محبت یاد آئے
چو یاد آیدش مہر و پیوند خویش
تو اس کا دل تیری دشمنی سے زخمی ہو

بد اندیش را لفظ شیرین مبین
دشمن کی میٹھی باتوں پر خیال مت کر
کہ ممکن بود زہر در انگبین
اس واسطے ممکن ہے کہ شہد میں زہر ہووے

کسی جان ز آسیب دشمن ببرد | کہ مر دوستان را بدشمن شمرد

جس شخص نے دوستوں کو دشمن شمار کیا | وہ دشمن کے آسیب سے جان سلامت لیگیا

نگہدارد آن شوخ در کیسہ دُر | کہ بیند ہمہ خلق را کیسہ بُر

وہ دانا موتی کو تھیلی میں محفوظ رکھتا ہے | جب وہ دیکھتا ہے کہ تمام خلقت جیب کترنے والی ہے

سپاہی کہ عاصی شود در امیر! | ورا تا توانی بخدمت مگیر!

جو سپاہی کہ مالک کا نافرمان ہو۔ | اس سے جب تک ہو سکے تو خدمت مت لے

ندانست سالارِ خود را سپاس | ترا ہم نداند ز غدرش ہراس

اس نے اپنے سردار کا شکریہ نہ ادا کیا | تیرا بھی نہیں کرے گا اسکی بیوفائی سے ڈر

بسوگند و عہد استوارش مدار | نگہبان پنہان بر و بر گمار

اس کے اقرار قسم کو دوست مت جان | اسپر پوشیدہ نگہبان مقرر کر

نو آموز را ریسمان کن دراز | نہ بگسل کہ دیگر نہ بینیش باز

نئے سیکھے ہوئے کی رسی دراز کر اور اسے | مت توڑ کیونکہ تو اسے دوبارہ نہ دیکھیگا

چو اقلیم دشمن بجنگ و حصار | بگیری بزندانیانش سپار

جب تو دشمن کا ملک لڑائی اور محاصرہ سے لے | تو اس کو قیدیوں کے سپرد کر دے

کہ بندی چو دندان بخون در برد | ز حلقوم بیدادگر خون خورد

اس واسطے کہ جب قیدی دانت خون میں ڈبوئے | تو ظالم کی گردن سے خون چوسیگا

چو بر کندی از دستِ دشمن مدار | رعیت بسامان تر از وی بدار

جب دشمن کے ہاتھ سے تو نے ملک لے لیا | تو پہلے سے زیادہ اسے ساز و سامان سے رکھ

کہ گر باز کوبد درِ کارزار | بر آرند عام از دماغش دمار

اس واسطے کہ اگر پھر لڑائی کا دروازہ کھٹکھٹائے | تو تیرے آدمی اس کے دماغ سے ہلاکت نکالیں

وگر شہریاران رسانی گزند | در شہر بر روئی دشمن مبند

اگر تو شہر والوں کو تکلیف پہنچائے! | تو تو شہر کا دروازہ دشمن پر بند نہ کر

مگو دشمن تیغ زن بر درست | کہ ہم باز دشمن بشہر اندرست

جبکہ دشمن کا شریک شہر میں ہے تو یہ مت کہو | کہ تلوار مارنے والا دشمن دروازے پر ہے

بہ تدبیر جنگِ بداندیش کوش | مصالح بیندیش و نیت بپوش

اگر دوستی چاہتا ہے تو دشمن سے لڑائی کی کوشش کر | تو دوستی کا راستہ ڈھونڈ لیکن پوشیدہ رکھ

مزن در میان راز با ہر کسی	کہ جاسوس ہم کاسہ دیدم بسی
ہرایک پر راز مت کھول کیونکہ بہت	دفعہ میں نے جاسوس کو ہمپیالہ دیکھا ہے دشمن کے
سکندر کہ با شرقیان حرب داشت	در خیمہ گویند در غرب داشت
سکندر کہ جو مشرق سے لڑتا تھا کہتے ہیں	کہ خیمہ کا دروازہ مغرب میں رکھتا تھا
چو بہمن بزاولستان خواست شد	چپ آوازہ افگند و زراست شد
جب بہمن نے زابلستان کی طرف جانا چاہا	تو آواز بائیں طرف کی دی اور دائیں طرف گیا
اگر جز تو داند کہ عزم تو چیست	بران رائی دانش بباید گریست
اگر تیرے سوا کوئی تیرا ارادہ جانتا ہے	تو ایسی عقل اور دانائی پر رونا چاہیئے
کرم کن نہ پرخاش کین آوری	کہ عالم بزیر نگین آوری
دشمنی اور لڑائی کی بجائے بخشش کر تاکہ	تو تمام عالم کو زیر کرے
چو کاری بر آید بلطف و خوشی	چہ حاجت بہ تندی و گردن کشی
جب خوشی اور مہربانی سے تیرا کام نکلتا ہے	تو کیا حاجت ہے تیزی اور قتل کی
نخواہی کہ باشد دلت دردمند	دل دردمندان بر آور ز بند
اگر تو چاہتا ہے کہ تیرا دل دردمند نہ ہو	تو دردمندوں کا دل قید سے آزاد کر
بہ بازو توانا نباشد سپاہ	برو ہمت از ناتوانان بخواہ
قوت سے سپاہ زیردست نہیں ہوتی	جا اور ناتوان سے قوت طلب کر
دعائی ضعیفان امیدوار	ز بازوی مردی بہ آید بکار
امیدوار کمزوروں کی دعا	جوانمردی کی قوت سے زیادہ کام آتی ہے
ہر آنکہ استعانت بدرویش برد	اگر با فریدون زد از پیش برد
جس نے کہ درویش سے مدد حاصل کی	وہ فریدوں سے لڑا تو بھی سبقت لے گیا

باب دوم در احسان

دوسرا باب احسان کا بیان

اگر ہوشمندی بمعنی گرائی	کہ معنی زصورت بماند بجائی
اگر تو عقلمند ہے تو حقیقت کی طرف مائل ہو	کیونکہ حقیقت کو بقا ہے صورت کو بقا نہیں ہے
کرا دانش وجود و تقوی نبود	بصورت درش ہیچ معنی نبود
جس کو دانائی بخشش اور پرہیزگاری نہ تھی	اس کی صورت میں حقیقت نہ تھی

کسی خسپد آسوده در زیر گل !	که خسپند زو مردم آسوده دل
وہ آدمی قبر میں آرام سے سوئیگا	کہ اس سے لوگ آسودہ دل سوئیں
غم خویش در زندگی خور که خویش	بمرده نپردازد از حرص خویش
تو اپنا غم زندگی میں کھا کہ اپنا عزیز	مردہ کی طرف اپنی حرص سے متوجہ نہ ہو
زر و نعمت اکنون بده کان تست	که بعد از تو بیرون ز فرمان تست
مال اور نعمت ابھی دے کہ تیرا ہے	کیونکہ تیرے بعد تیرے حکم سے باہر ہے
نخواهی که باشی پراگنده دل	پراگنده گان را خاطر مهل
اگر تو چاہتا ہے کہ پراگندہ دل نہ ہووے	تو پراگندہ دلوں کو مت بھلا
پریشان کن امروز گنجینه چست	که فردا کلیدش نه در دست تست
آج کے دن خزانہ خرچ کر	کیونکہ کل اسکی کنجی تیرے ہاتھ میں نہیں ہے
تو با خود ببر توشهٔ خویشتن	که شفقت نیاید ز فرزند و زن
تو اپنا زاد سفر اپنے ساتھ لے جا	کیونکہ لڑکے اور عورت سے مہربانی نہیں ہوسکتی
کسی گوی دولت ز دنیا برد	که با خود نصیبی بعقبیٰ برد
وہ شخص دولت کا گیند دنیا سے لے جاتا ہے	جو اپنے ساتھ اپنا حصہ عقبےٰ میں لے جاتا ہے
بغمخوارگی جز سر انگشت من	نخارد کسی در جهان پشت من
غمخواری سے میرے ناخن کے سوا	کوئی میری پیٹھ نہ کھلجا دے
مکن بر کف دست نه هر چه هست	که فردا بدندان بری پشت دست
جو کچھ ہے آج ہی خرچ نہ کر	تاکہ کل اپنی ہتھیلی کی پیٹھ نہ کاٹے
بپوشیدن ستر درویش کوش	که ستر خدایت بود پرده پوش
درویش کا بدن چھپانے میں کوشش کر	تاکہ خدا تیرا پردہ چھپانے والا ہو
مگردان غریب از درت بی نصیب	مبادا که گردی بدرها غریب
مسافر کو اپنے دروازے سے خالی مت پھیر	تاکہ ایسا نہ ہو کہ تو مسافر ہو کر دروازوں پر پھرے
بزرگی رساند بمحتاج خیر	که ترسد که محتاج گردد بغیر
وہ بزرگ محتاج کا بھلا کرتا ہے	جو ڈرتا ہے کہ میں دوسرے کا محتاج نہ ہوں
بحال دل خستگان در نگر	که باری دل خسته باشی مگر
زخمی دلوں کے حال پر التفات کر	کیونکہ ہو سکتا ہے کہ کبھی تیرا دل بھی زخمی ہووے

فرو ماندگان را درون شاد کن ... ز روزِ فرو ماندگی یاد کن!

عاجزوں کا دل شاد کر ... اور عاجزی کا دن یاد کر

نخواهندهٔ بر درِ دیگران! ... بشکرانہ خواهنده از در مران

تو اوروں کے دروازے پر مانگنے والا نہیں ہے ... اس لئے تو شکرانے میں مانگنے والوں کو دروازے سے مت ہٹا

گفتار اندر نواختن یتیمان و رحمت بر حال ایشان!

یتیموں کی خاطرداری کرنے اور ان کے حال پر رحم کرنے میں

پدر مُردہ را سایہ بر سر فگن ... غبارش بیفشان و خارش بکن

یتیموں کے سر پر سایہ ڈال اور ان کے سر کی ... خاک جھاڑ اور ان کے پاؤں سے کانٹا نکال

ندانی چہ بودش فرو ماندہ سخت ... بود تازہ بی بیخ ہرگز درخت

تو نہیں جانتا کہ وہ کس قدر عاجز ہو گیا ہے ... کیو درخت بغیر جڑ کے ہرگز تازہ نہیں ہو سکتا

چو بینی یتیمی سر افگندہ پیش! ... مدہ بوسہ بر روی فرزند خویش

جب تو کسی یتیم کو سر جھکائے ہوئے اپنے سامنے دیکھے ... تو اپنے بیٹے کے منہ پر بوسہ مت دے

یتیم ار بگرید کہ نازش خرد ... وگر خشم گیرد کہ بارش برد

اگر یتیم روئے تو کون اس کا ناز اٹھائے ... اور اگر غصہ ہو تو کون اس کا بوجھ اٹھائے

الا تا نگرید کہ عرش عظیم ... بلرزد ہمی چون بگرید یتیم

خبردار کہ رونے نہ پائے کیونکہ عرش اعظم ... لرزتا ہے جب کوئی یتیم روتا ہے

برحمت بکن آبش از دیدہ پاک ... بہ شفقت بیفشانش از چہرہ خاک

شفقت سے اس کی آنکھ سے آنسو پونچھ ... اور مہربانی سے اس کے چہرے سے خاک جھاڑ

اگر سایۂ خود برفت از سرش ... تو در سایۂ خویشتن پرورش

اگر اس کا سایہ سر سے گذر گیا ہے ... تو تو اسے اپنے سایہ میں پال

من آنگہ سر تاجور داشتم ... کہ سر در کنار پدر داشتم

میں اس وقت تاج والا سر رکھتا تھا ... جب سر باپ کی گود میں رکھتا تھا

اگر بر وجودم نشستی مگس! ... پریشان شدی خاطر چند کس

اگر میرے بدن پر مکھی بیٹھتی تھی ... تو چند آدمیوں کا دل پریشان ہو جاتا تھا

کنون گر برندم بزندان اسیر ... نباشد کس از دوستانم نصیر

اب اگر مجھے قید میں لے جائیں ... تو کوئی میرے دوستوں سے مددگار نہ ہوگا

مرا باشد از درد طفلان خبر	کہ در طفلی از سر برفتم پدر
مجھ کو بچوں کے درد سے آگاہی ہے	کیونکہ بچپن میں میرے سر سے والد کا سایہ اٹھ گیا تھا

حکایت در ثمرہ نیکوکاری

باب اندر نیکی کے ثمرے کے

کسی دید در خواب صدر خجند	کہ خاری ز پائی یتیمی بکند!
خجند کے سردار نے خواب میں ایک شخص کو دیکھا	کہ ایک یتیم کے پاؤں سے کانٹا نکالتا ہے
ہمی گفت در روضہ ہا می چمید	کزان خار بر من چہ گلہا دمید
بہشتوں میں ٹہلتا تھا اور یہ کہتا تھا	کہ اس خار سے مجھ پر کیا گل اُگے
مشو تا توانی ز رحمت بری	کہ رحمت برندت چو رحمت بری
مہربانی کرنے سے آزردہ مت ہو تاکہ	جب تو آزردہ ہو تو تجھ پر مہربانی کریں
چو انعام کردی مشو خود پرست	کہ من سرورم دیگری زیر دست
جب تو احسان کرے تو اس بات پر متکبر مت ہو	کہ تو سردار ہے اور دوسرا کمزور
اگر تیغ دورانش انداختست	نہ شمشیر دوران ہنوز آختست
اگر زمانے کی تلوار نے اسے گرایا ہے	تو کیا زمانے کی تلوار ابھی تک کھینچی ہوئی نہیں ہے
چو بینی دعا گوئی دولت ہزار	خداوند را شکر نعمت گذار!
اگر تو اپنے دولت کی دعا مانگنے والے ہزار دیکھے	تو خدا کی نعمت کا شکر کر
کہ چشم از تو دارند مردم بسی	نہ تو چشم داری بدست کسی
کہ تجھ سے بہت لوگ امید رکھتے ہیں	لیکن تو کسی کے ہاتھ کی طرف نہیں دیکھتا
کرم خواندہ ام سیرت سروران	غلط گفتم اخلاق پیغمبران!
بخشش سرداروں کی خصلت ہی میں نے پڑھا ہے	بلکہ جس نے غلط کہا ہے پیغمبروں کا اخلاق ہے

حکایت در اخلاق پیغمبران ؑ!

حکایت در اخلاق پیغمبران

شنیدم کہ یکہفتہ ابن السبیل	نیامد بمہمان سرائی خلیل ؑ
میں نے سنا کہ ایک ہفتہ کوئی مسافر	حضرت خلیل اللہ کے مہمان خانے میں نہ آیا
ز فرخندہ خوئی نخوردی پگاہ	مگر بینوائی در آید ز راہ
مبارک عادت ہونے کی وجہ سے صبح کو نہ کھاتا	مگر جب کوئی غریب مسافری سے آ جاتا

برون رفت هر جانبی بنگرید
باہر گئے اور ہر طرف دیکھا

براطراف وادی نگاه کرد و دید
اور بیابان اور اس کے ادھر ادھر دیکھا

بتنها یکی در بیابان چو بید
ایک شخص میدان میں بید کی طرح اکیلا

سر و مویش از برف پیری سفید
اور اس کے سر کے بال بڑھاپے کی برف کی طرح سفید تھے

بدلداریش مرحبائی بگفت!
دلداری کے واسطے اُسے مرحبا کہا

برسم کریمان صلائی بگفت
اور کریموں کی طرح اسے کھانے کی دعوت دی

که ای چشمهائی مرا مردمک!
کہ اے میری آنکھ کی پتلی ایک بار

یکی مردمی کن بنان و نمک
روٹی اور نمک سے مروت کر

نعم گفت و برجست و برداشت گام
اس نے مانا اٹھا اور قدم بڑھایا اس واسطے

که دانست خلقش علیه السلام
کہ اس نے حضرت خلیل کی اچھی عادت دیکھی

رقیبان مهمان سرای خلیل
حضرت خلیل اللہ کے مہمان خانے کے منتظموں نے

بعزت نشاندند پیر ذلیل!
بڑی عزت سے کم مایہ بوڑھے کو بٹھایا

بفرمود ترتیب کردند خوان
فرمایا اور دسترخوان آراستہ کیا

نشستند بر هر طرف همگنان
اور سب لوگ ہر طرف بیٹھے

چو بسم الله آغاز کردند جمع!
جب سب نے بسم اللہ شروع کی

سماع ست اگر عشق داری و شور
اگر تجھے عشق و شوار ہے تو راگ ہے

مگس پیش شوریدہ دل پر نزد
شوریدہ دل کے سامنے مکھی پر نہیں مارتی
کہ او چون مگس دستِ بر سر نزد
کیونکہ وہ مکھی کی طرح ہاتھ سر پر مارتا ہے

نہ بم داند آشفتہ سامان نہ زیر
عاشق نہ بلند آواز جانتا ہے نہ باریک
بآواز مرغی بنالد فقیر
ایک پرندہ کی آواز سے فقیر نالہ کرتا ہے

سرایندہ خود می نگردد خموش
گانے والا آپ خاموش نہیں رہتا
ولیکن نہ ہر وقت باز ست گوش
لیکن ہر وقت کان کھلا ہوا نہیں ہے

چو شوریدگان می پرستی کنند	بر آواز دولاب مستی کنند
جب عاشق محبت کی شراب پیتے ہیں	تو گراری کی آواز پر مستی کرتے ہیں
برقص اندر آیند دولاب وار	چو دولاب برخود بگریند زار
گراری کی طرح ناچتے ہیں !	اور گراری کی طرح اپنے آپ پر روتے ہیں
بہ تسلیم سرور گریبان برند	چو طاقت نماند گریبان درند
تسلیم کے ساتھ سر گریبان میں لے جاتے ہیں	جب طاقت نہیں رہتے تو گریبان پھاڑتے ہیں
بگویم سماع ای برادر کہ چیست	مگر مستمع را بدانم کہ کیست
میں بتاؤں کے اے بھائی سماع کیا ہے	مگر میں نہیں جانتا کہ سننے والا کون ہے
گر از برج معنی بود طیر او !	فرشتہ فرو ماند از سیر او
اگر حقیقت کے برج سے اس کی پرواز ہو	تو فرشتہ اس کے سیر سے عاجز رہتا ہے
وگر مرد لہوست و بازی ولاغ	قوی تر شود لہوش اندر دماغ
اگر بیہودہ کھیل کود کا آدمی ہے	تو بیہودگی اور اس کے دماغ میں مضبوطی ہوتی ہے
چہ مرد سماع ست شہوت پرست	باآواز خوش خفتہ خیزد نہ مست
شہوت پرست راگ سننے کے قابل نہیں ہے	اچھی آواز سے سویا ہوا مست ہو کر نہیں اٹھتا
پریشان شود گل بباد سحر	نہ ہیزم کہ نشگافدش جز تبر
باد سحر سے گل (پھول) کھلتا ہے	نہ کہ لکڑی جو سوائے کلہاڑی کے نہیں پھٹتی
جہان پر سماع ست و مستی و شور	ولیکن چہ بیند در آئینہ کور
جہاں راگ مستی اور شور سے بھرا ہوا ہے	لیکن آئینہ میں اندھا کیا دیکھتا ہے
مکن عیب درویش حیران و مست	کہ غرقست ازان میزند پا و دست
حیران و مست و فقیر کی برائی نہ کر	کیونکہ وہ غرق ہے اس لئے وہ ہاتھ پاؤں مارتا ہے
نہ بینی شتر بر حدای عرب	کہ چونش برقص اندر آرد طرب
اونٹ کو نہیں دیکھتا کہ عرب کے حدی خوان کی آواز سے	خوشی اس کو کس طرح وجد میں لاتی ہے
شتر را چو شور طرب در سر است	اگر آدمی را نباشد خر است
اونٹ کے سر میں جب خوشی کا شور ہے	اگر آدمی کو نہ ہو تو گدھا ہے

حکایت

شکر لب جوانی نی آموختی	کہ دلہا ازو در آتش چون نی سوختی
ایک شیریں زبان جوان بانسری سیکھتا تھا	اور دلوں کو نرکل کی طرح آگ میں جلاتا تھا

پدر بارہا بانگ بروی زدی
باپ کئی دفعہ اس کو آواز مارتا تھا اور
بہ تندی و آتش دران نی زدی
وہ تندی اور غصہ سے آگ اس بانسری میں لگاتا یعنے دہجاتا (بجاتا)

شبے بر ادای پسر گوش کرد
ایک رات اس نے لڑکے کی روشن پر کان لگائے
سماعش پریشان و مدہوش کرد
راگ نے اس کو مدہوش اور پریشان کیا ہوا تھا

ہمی گفت بر چہرہ افگندہ خوی
چہرہ سے پسینہ ٹپکتا تھا اور کہتا تھا
کہ آتش بمن در زد این بار نی
کہ اس دفعہ بانسری نے مجھکو آگ لگا دی

ندانی کہ شوریدہ حالان مست
تو نہیں جانتا کہ عاشق مست حال
چرا بر فشانند در رقص دست!
وجد میں ہاتھ کیوں جھاڑتے ہیں

گشاید دری بر دل از واردات
واردات سے ایک دروازہ ان پر کھلتا ہے
فشانند سر دست بر کائنات!
اور وہ کائنات پر ہاتھ جھاڑتے ہیں یعنے ترک کرتے ہیں

حلالش بود رقص بر یاد دوست
دوست کی یاد میں رقص کرنا اس پر حلال ہے
کہ ہر آستینیش جانی دروست
کیونکہ اس کی ہر آستین میں ایک جان ہے

گرفتم کہ خود چابکی در شنائے
میں فرض کرتا ہوں تو خود تیرنے میں چالاک ہے
برہنہ توانی زدن دست و پائے
مگر ننگے ہاتھ پاؤں مار سکتا ہے

بکن خرقۂ نام و ناموس و زرق
بکر اور نام و ناموس کی گدڑی اتار ڈال
کہ عاجز بود مرد با جامہ غرق!
کیونکہ کپڑوں کے ساتھ ڈوبنے والا آدمی عاجز ہوتا ہے

تعلق حجابست بے حاصلی!
تعلق حجاب ہے اور بے حاصلی ہے
چو پیوند ہا بگسلی واصلی
جب رشتوں کو توڑتا ہے تو واصل ہوتا ہے

حکایت

کسی گفت پروانہ را کای حقیر
کسی نے پروانہ کو کہا کہ اے حقیر
برو دوستی در خور خود بگیر
جا اور اپنے لائق دوست تلاش کر

رہی رو کہ بینی طریق رجا
ایسا راستہ چل کہ امید کی راہ دیکھے
تو و مہر شمع از کجا تا کجا
تجھ میں اور شمع کی محبت میں بہت فرق ہے

سمندر نہ گرد آتش مگرد
تو سمندر نہیں ہے آتش کے گرد نہ گھوم
کہ مردانگی باید آنگہ نبرد
لڑائی کے وقت جوانمردی چاہیئے

ز خورشید پنہان شود موش کور
اندھی چھچھوندر آفتاب سے پنہاں رہتی ہے
کہ جہل است با آہنی پنجہ زور
کیونکہ مضبوط پنجہ آدمی سے زور آزمائی جہالت ہے

یکی را چو دانی که خصم تو اوست
ایک شخص کو تو جانتا ہے کہ تیرا دشمن ہے
نه از عقل باشد گرفتن بدوست
تو اس کو دوست بنانا عقلمندی نہیں ہے

ترا کس نگوید نکو می کنی!
تجھے کوئی نہیں کہتا کہ تو اچھا کرتا ہے
که جان در سر و کار او می کنی
کہ جان اس کی دوستی میں برباد کرتا ہے

گدائی که از پادشه خواست دخت
جس فقیر نے بادشاہ سے اسکی لڑکی طلب کی
قفا خورد و سودای بیهوده پخت
گردنی کھائی اور بیہودہ خیال پکایا

کجا در حساب آورد چون تو دوست
تیرے جیسے دوست کو شمع کب حساب میں لاتی ہے
که روی ملوک و سلاطین در اوست
کیونکہ بادشاہوں اور امیروں کی نظریں اسکی طرف ہیں

مپندار کو در چنان مجلسی
یہ خیال نہ کر کہ ایسی مجلس میں
مدارا کند با چو تو مفلسی
تیرے جیسے مفلس کی مدارات کی جائے

وگر با همه خلق نرمی کند
اگر تمام مخلوق کے ساتھ وہ نرمی کرے
تو بیچارهٔ با تو گرمی کند
تو تو عاجز ہے تجھ پر غصہ کرے گی

نگه کن که پروانهٔ سوزناک
نظر کر کہ اس سوز کے بھرے ہوئے پروانہ نے
چه گفت ای عجب گر بسوزم چه باک
کیا کہا۔ متعجب اگر میں جلوں تو کیا ڈر ہے

مرا چون خلیل آتشی در دل است
میرے دل میں ابراہیم علیہ السلام کی طرح ایک آگ ہے
که پنداری این بر من گل است
میں سمجھتا ہوں کہ یہ شعلہ میرے لئے پھول ہے

نه دل دامن دلستان می کشد
دل معشوق کا دامن نہیں کھینچتا ہے
که مهرش گریبان جان می کشد
بلکہ اس کی محبت جان کا گریبان کھینچتی ہے

نه خود را بر آتش بخود میزنم
میں اپنے آپ کو خود آگ پر نہیں مارتا
که زنجیر شوق ست در گردنم
بلکہ عشق کی زنجیر میری گردن میں ہے

مرا همچنان دور بودم که سوخت!
مجھے اسی طرح جب میں دور تھا جلایا
نه این دم که آتش بمن در فروخت
اس وقت مجھکو آگ نہیں لگی

نه آن میکند یار در شاهدی
معشوق معشوقی میں ناز ادا نہیں کرتا ہے
که با او توان گفتن از زاهدی
کہ اس سے پارسائی کے متعلق کہا جا سکے

که عیبم کند بر تولای دوست
کون میری برائی دوست کی محبت کرتا ہے
که من راضیم کشته در پای دوست
جبکہ میں دوست کے پاؤں پر مرا ہوا راضی ہوں

مرا بر تلف حرص دانی چراست
چو او هست اگر من نباشم رواست
تو جانتا ہے مجھے اپنے فنا ہونے پر کیوں طمع ہے
جب کہ وہ موجود تو میں نہ ہوں تو جائز ہے

بسوزم کہ یارِ پسندیدہ اوست
کہ در روی سرایت کند سوزِ دوست
میں جلتا ہوں کہ پسندیدہ یار وہی ہے
جس میں دوست کا جلنا اثر کرے

مرا چند گوئی کہ در خورد خویش
حریفی بدست آر ہمدرد خویش
مجھے تو کب تک کہیگا کہ اپنے لایق
کوئی ہمدرد دوست حاصل کر

بدان ماند اندرز شوریدہ حال
کہ گوئی بکژدم گزیدہ منال
عاشق کو نصیحت کرنا اس کے مشابہ ہے
کہ تو بچھو کے کاٹے ہوئے کو کہو کہ مت رو

کسی را نصیحت مگوای شگفت
کہ دانی کہ در وی نخواہد گرفت
کسی ایسے شخص کو نصیحت نہ کر
جس کو تو جانے کہ اس میں اثر نہ کریگی

ز کف رفتہ بیچارۂ را لگام
نگویند کاہستہ ران ای غلام
لگام ہاتھ سے چھوٹے ہوئے بیچارہ کو
نہیں کہتے کہ اے غلام تو آہستہ چلا

چہ نغز آمد این نکتہ در سندباد
کہ عشق آتش است ای پسر پند باد
کتاب سندباد میں کیا پسندیدہ نکتہ ہے
کہ عشق آگ ہے اور نصیحت ہوا ہے

بباد آتش تیز برتر شود
پلنگ از زدن کینہ ور تر شود
آگ ہوا سے زیادہ تیز ہو جاتی ہے
شیر مارنے سے زیادہ تر دشمن ہو جاتا ہے

چو نیکت بدیدم بدی میکنی
کہ رویم فرا چون خودی میکنی
جب میں نے تجھے اچھی طرح دیکھا تو تو برا کرتا ہے
کہ اپنا چہرہ اپنے جیسے کے سامنے کرتا ہے

ز خود بہتری جوی فرصت شمار
کہ با چون خودی گم کنی روزگار
اپنے سے بہتر تلاش کر اور بہتر جان
کیونکہ اپنے جیسے کیساتھ تو زمانہ ضایع کرتا ہے

پی چون خودان خود پرستان روند
بکوئی خطرناک مستان روند
اپنے جیسے کے پیچھے خود پرست جاتے ہیں
خطرناک گلی میں مست جاتے ہیں

من اوّل کہ این کار سر داشتم
دل از سر بیکبار برداشتم
میں نے اول جب یہ کام شروع کیا
تو دل کو سر سے مایوس کر دیا

سر انداز در عاشقی صادق است
کہ بد زہرہ بر خویشتن عاشق است
عشق میں سر دینے والا سچا ہے
کیونکہ بد دل اپنے پر عاشق ہوتا ہے

اجل ناگہی در کمینم کشد !	ہمان بہ کہ آن نازنینم کشد
اچانک اجل مجھ کو گھات سے مار ڈالے	اس سے بہتر ہے کہ وہ نازنین اپنے ہاتھ سے مار ڈالے
چو بیشک نبشتست بر سر ہلاک	بدست دلارام خوشتر ہلاک !
جب بلاشبہ سر پر مرنا لکھا ہے	تو معشوق کے ہاتھ سے مرنا اچھا ہے
نہ روزی بہ بیچارگی جان دہی	پس آن بہ کہ در پائی جانان دہی
کیا تو ایک روز عاجزی سے جان نہ دیگا	پس یہ بہتر ہے کہ دوست کے پاؤں کے نیچے دے

مخاطبۂ شمع و پروانہ

شمع اور پروانہ کی گفتگو

شبی یاد دارم چشمم نہ نخفت	شنیدم کہ پروانہ با شمع گفت
ایک رات مجھے یاد ہے کہ میری آنکھ نہ لگی	میں نے سنا کہ پروانہ نے شمع کو کہا
کہ من عاشقم گر بسوزم رواست	ترا گریہ و سوز باری چراست
میں عاشق ہوں جلوں تو روا ہے	تو کیوں جلتی اور روتی ہے
بگفت ای ہوادار مسکین من !	برفت انگبین یار شیرین من !
اس نے جواب دیا کہ اے مسکین کے عاشق	میرا یار شیریں جو شہد تھا مجھ سے جدا ہوا
چو شیرینی از من بدر می رود	چو فرہادم آتش بسر می رود
جب شیرین مجھ سے باہر نکل جاتی ہے	تو فرہاد کی طرح آگ میرے سر پر آجاتی ہے
ہمی گفت و ہر لحظہ سیلاب درد	فرو میدویدش برخسار زرد
شمع یہ کہتی تھی اور ہر لحہ درد کا سیلاب	اسکے زرد رخساروں کے نیچے بہت تھا
کہ ای مدعی عشق کاری تو نیست	کہ نہ صبر داری نہ یاری توایست
اے مدعی عشق تیرا کام نہیں ہے	نہ تجھے صبر ہے اور نہ ٹھہرنے کی طاقت ہے
تو بگریزی از یک شعلۂ خام	من استادہ ام تا بسوزم تمام
اے خادم تو ایک شعلہ کے سامنے سے بھاگتا ہے	میں کھڑی ہوں تاکہ سب جل جاؤں
ترا آتش عشق از پر بسوخت !	مرا بین کہ از پائی تا سر بسوخت
آتش عشق نے اگرچہ تیرا پر جلا دیا	تو مجھے دیکھ کر سے پاؤں تک جلا دیا
نرفتہ ز شب ہمچنان بہرۂ	کہ ناگہ بکشتش پری چہرۂ
رات سے زیادہ حصہ نہ گذرا تھا	کہ ناگاہ اس کو ایک پری چہرہ نے بجھا دیا

همی گفت ومیرفت دودش بسر	همین بود پایان عشق ای پسر
یہ کہتی تھی اور اس کے سر سے دھواں اٹھتا تھا	کہ اے لڑکے یہ عشق کی انتہا تھی
اگر عاشقی خواهی آموختن!	بکشتن فرج یابی از سوختن
اگر تو عاشقی سیکھنا چاہتا ہے	تو مرجانے میں جلنے سے خوشی پائیگا
مکن گریه بر گور مقبول دوست	برو خرمی کن که مقبول اوست
دوست کے مقتول کی قبر پر گریہ نہ کر	بلکہ اسپر خوشی کر کہ اس کا مقبول ہے
اگر عاشقی سر مشوی از مرض!	چو سعدی فرو شوی دست از غرض
اگر تو عاشق ہے تو مرض سے صحت نہ چاہ	بلکہ سعدی کی طرح مطلب سے ہاتھ دھو
فدائی ندارد ز مقصود چنگ!	وگر بر سرش تیر بارند و سنگ
عاشق مقصود سے ہاتھ نہیں اٹھاتا	اگرچہ اس کے سر پر تیر اور پتھر برسیں
بدریا مرو گفتمت زینهار	وگر میروی تن بطوفان سپار
میں نے تجھکو کہا کہ تو دریا میں مت جا	اگر جاتا ہے تو بدن کو طوفان کے حوالہ کردے

باب چهارم (۴) در تواضع

چوتھا باب تواضع یعنے عاجزی کے بیان میں

ز خاک آفریدت خداوند پاک	پس ای بنده افتادگی کن چو خاک
خداوند پاک نے تجھکو خاک کے سے پیدا کیا	پس اے بندے خاک کی طرح عاجزی کر
حریص و جهان سوز و سرکش مباش	ز خاک آفریدندت آتش مباش
حریص اور جہان کا جلانیوالا اور سرکش نہ ہو	تجھ کو خاک سے پیدا کیا ہے آگ نہ بن
چو گردن کشید آتش هولناک!	به بیچارگی تن بینداخت خاک
جب ہولناک آتش نے گردن اٹھائی	تو عاجزی سے خاک نے اس پہ اپنا بدن ڈالا
چو این سرفرازی نمود آن کمی!	ازین دیو کردند ازان آدمی
جب اس نے (آگ نے) غرور کیا اور اس (خاک نے) عاجزی کی	تو اللہ تعالی نے آگ سے دیو اور خاک سے آدمی پیدا کیا

حکایت درین معنی!

حکایت اسی حقیقت میں

یکی قطره باران ز ابری چکید	خجل شد چو پهنای دریا بدید
ایک بارش کا قطرہ بادل سے ٹپکا	تو دریا کی چوڑائی دیکھکر شرمندہ ہوا

کہ جائی کہ دریاست من کیستم ❊ گر او ہست حقا کہ من نیستم!
کہ جس جگہ دریا ہے میں کیا ہوں ❊ جب دریا ہے تو خدا کی قسم میں کچھ بھی نہیں ہوں

چو خود را بچشمِ حقارت بدید! ❊ صدف در کنارش بجان پرورید
جب اس نے اپنے آپ کو حقارت کی نگاہ سے دیکھا ❊ تو سیپ نے اس کو اپنی جان سے پرورش کیا

سپہرش بجائی رسانید کار ❊ کہ شد نامور لولوی شاہوار
آسمان نے اس کا کام اس درجہ تک پہنچا دیا ❊ تو وہ ایک مشہور موتی بادشاہ کے لائق ہو گیا

بلندی بدان یافت کو پست شد ❊ در نیستی کوفت تا ہست شد
بلندی اِس وجہ سے پائی کہ پست ہوا ❊ نیستی کا دروازہ کھٹکھٹایا تو ہست ہوا

حکایت در معنی نظر مردان حق در خویشتن بحقارت

مردان نے خدا نے اپنے آپ کو حقارت سے دیکھنا

جوانی خردمند پاکیزہ بوم ❊ ز دریا برآمد بدربند روم
ایک عقلمند جوان پاک فطرت ❊ دریا کے راستہ سے روم کے بندر میں آیا

درو فضل دیدند و فقر و تمیز ❊ نہادند رختش بجائے عزیز
اس میں بزرگی فقیری اور تمیز دیکھی گئی ❊ اس کا اسباب عزت کی جگہ پر رکھا گیا

سر صالحان گفت روزی بمرد ❊ کہ خاشاک مسجد بیفشان و گرد!
نیک لوگوں کے سردار نے ایک دن مرد سے کہا ❊ کہ مسجد کا کوڑا اور خاک جھاڑ

ہمان کین سخن مرد رہرو شنید ❊ برون رفت و بازش کس آنجا ندید
جب اس راہ خدا پر چلنے والے مرد نے سنا ❊ باہر چلا گیا اور پھر اس کو کسی نے نہ دیکھا

بر آن حمل کردند یاران و پیر ❊ کہ پروائی خدمت ندارد فقیر!
یاروں اور بوڑھوں نے یہ خیال کیا ❊ کہ فقیر خدمت کی پرواہ نہیں رکھتا

دگر روز خادم گرفتش براہ ❊ کہ ناخوب کردی برآئی تباہ
دوسرے روز خادم نے اس کو راستہ میں پکڑا ❊ کہ تو نے بے عقلی سے جرم کیا

ندانستی ای کودکِ خودپسند ❊ کہ مردان ز خدمت بجائی رسند
اے خودپسند لڑکے تو نہیں جانتا ❊ کہ مرد خدمت سے مرتبہ کو پہنچتے ہیں

گرستن گرفت از سرِ صدق سوز ❊ کہ ای یار جان پرور دل فروز
وہ صدق اور سوز کی وجہ سے رونے لگا ❊ کہ اے یار جان کے پرورش کرنے والے اور دل روشن کرنے والے

نہ گرد اندران بقعہ دیدم نہ خاک — من آلودہ بودم در آنجائی پاک

میں نے اس جگہ نہ گرد دیکھی اور نہ خاک — صرف میں اس پاک جگہ میں آلودہ تھا

گرفتم قدم لاجرم باز پس! — کہ پاکیزہ مسجد از خاک و خس!

ناچار میں نے قدم پیچھے کو اٹھایا — کیونکہ مسجد خاک اور کوڑے سے صاف بہتر ہے

طریقت جزین نیست درویش را — کہ افگندہ دارد تن خویش را

درویش کے لئے سوا اس کے کوئی راہ نہیں — کہ اپنے بدن کو عاجز سمجھے!

بلندیت باید تواضع گزین — کہ این بام را نیست سلم جزین

اگر تو بلندی چاہتا ہے تو عاجزی کر — کیونکہ اس نام کو سوائے ان سیڑھیوں کے اور راستہ نہیں

حکایت سلطان بایزید بسطامی رحمۃ اللہ در تواضع

عارفوں کے بادشاہ حضرت بایزید بسطامی — رحمۃ اللہ علیہ کا حال عاجزی میں

شنیدم کہ وقتی سحرگاہ عید — ز گرمابہ آمد برون بایزید

سنا میں ایک دن عید کی صبح کو — حضرت بایزیدؒ حمام سے باہر آئے

یکی طشت خاکسترش بیخبر — فرو ریختند از سرائے بسر

ایک راکھ کا طشت بے خبری سے — ایک گھر کے لوگوں نے ان کے سر پہ گرایا

ہمی گفت ژولیدہ دستار و موی — کف دست شکرانہ مالان بروی

بال اور پگڑی منتشر تھے اور کہتے تھے — اور شکرانہ کی ہتھیلی منہ پر ملتے تھے

کہ ای نفس من در خور آتشم — بخاکستری روی در ہم کشم

کہ اے نفس میں آگ کے قابل ہوں — راکھ سے کس طرح رنجیدہ ہو جاؤں

بزرگان نکردند در خود نگاہ — خدا بینی از خویشتن بین مخواہ

بزرگوں نے خود بینی نہیں کی — خود بین لوگوں سے خدا بینی نہ چاہا

بزرگی بناموس و گفتار نیست — بلندی بدعوی و پندار نیست

بزرگی عزت اور باتوں سے نہیں ہوتی — اور بلندی دعوی اور غرور سے نہیں ہوتی

قیامت کسی بینی اندر بہشت — کہ معنی طلب کرد و دعوی بہشت

قیامت کو اس شخص کو بہشت میں دیکھیگا — جس نے حقیقت کو طلب کیا اور دعوی کو چھوڑ دیا

تواضع سر رفعت افرازدت — تکبر بخاک اندر اندازدت!

عجز تیرے مرتبہ کا سر بلند کرتا ہے — اور غرور تجھکو خاک میں ملاتا ہے

بگردن فتد سرکش تند خوئے — بلندیت باید بلندی مجوئے

سرکش تند خو گردن کے بل گرتا ہے — اگر تو بلندی چاہتا ہے تو بلندی نہ ڈھونڈ

گفتار در عجب و عاقبت آن و شکستگی و برکت آن

غرور اور اس کے انجام کے بیان میں — عاجزی اور اس کی برکت کے بیان میں

ز مغرور دنیا رہِ دین مجوئی — خدا بینی از خویشتن بین مجوی

دنیا کے غرور کرنے والے سے دین کا راستہ نہ ڈھونڈ — اپنے آپ کو دیکھنے والے سے خدا کا دیکھنا نہ ڈھونڈ

گرت جاہ باید مکن چون خسان — بچشم حقارت مکہ در کسان!

اگر تو مرتبہ چاہتا ہے تو کمینوں کی طرح — حقارت سے لوگوں کو نہ دیکھ

گمان کی برد مردمِ ہوشمند — کہ در سرگران نیست قدر بلند

عقلمند آدمی کب یہ خیال کرتا ہے — کہ غرور کرنے سے بلند مرتبہ ملتا ہے

ازین نامورتر محلّا مجوی — کہ خوانند خلقت پسندیدہ خوی

اس سے زیادہ قدر و منزلت نہ ڈھونڈ — کہ لوگ تجھکو اچھی خصلت والا کہیں

نہ گر چون توئی بر تو کبر آورد — بزرگش نہ بینی بچشمِ خرد

کیا تیرے جیسا کوئی نہیں جو تجھ پر غرور کرے — مگر تو اس کو چھوٹی آنکھ سے بڑا نہیں دیکھتا

تو نیز ار تکبّر کنی ہمچنان — نمائی کہ پیشت تکبّر کنان

تو اگر تکبّر کرے تو ایسا ہی ہے — جس طرح تیرے آگے غرور کرنے والے معلوم ہوتے ہیں

چو استادۂ بر مقامِ بلند — بر افتادہ گر ہوشمندی مخند

اگر تو بلند مقام پر کھڑا ہے — عقلمند ہے تو عاجز آدمی پر نہ ہنس

بسا ایستادہ در آمد ز پائے — کہ افتادگانش گرفتند جائے

بہت سے کھڑے ہوئے لوگ گر پڑے — اور گرے ہوئے لوگوں نے ان کی جگہ لے لی

گرفتم کہ خود ہستی از عیب پاک — تعنّت مکن بر من عیب ناک

میں فرض کرتا ہوں کہ تو عیب سے پاک ہے — تو مجھ پُر عیب پر سرکشی نہ کر

یکی حلقہ کعبہ دارد بدست! — یکی در خراباتی افتادہ مست

ایک کے ہاتھ میں کعبہ کی کنڈی ہے — اور ایک شراب خانہ میں مست پڑا ہے

گر آن را بخواند کہ نگذاردش — ورین را براند کہ باز آردش

اگر خدا اس کو بلائے تو کون روکے — اور اگر اس کو رد کردے تو کون پھیر لائے

نہ مستظہر ست این باعمالِ خویش — نہ آزادر توبہ بست ست پیش!

نہ یہ اپنے اعمال سے قوت پائے ہوئے تھے — نہ اس کے آگے توبہ کا دروازہ بند ہے

حکایت عیسیٰ علیہ السلام و عابد ناپارسا

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ایک عابد — ناپارسا کی حکایت

شنیدستم از راویان کلام! — کہ در عہد عیسیٰ علیہ السلام

روایت کرنے والوں سے میں نے یہ سُنا — کہ عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں

یکی زندگانی تلف کردہ بود — بہ جہلِ و ضلالت سر آوردہ بود

ایک شخص نے زندگی تلخ (ضائع) کی ہوئی تھی — کیونکہ جہالت اور گمراہی میں مبتلا تھا

دلیری سیاہ نامہ سختِ دل! — ز ناپاکی ابلیس از وی خجل

ایک سخت دل گنہگار — شیطان بھی اس کی پلیدی سے شرمندہ تھا

بسر بردہ ایام بی حاصلی! — نیاسودہ تا بودہ از وی دلی!

زمانہ بے حاصلی میں گذرا ہوا — اور جب سے وہ پیدا ہوا ایک دل بھی اس سے آسودہ نہ ہوا

سرش خالی از عقل و پر احتشام — شکم فربہ از لقمہ ھای حرام

اس کا سر عقل سے خالی اور تکبر سے بھرا ہوا — اور اس کا پیٹ حرام کے لقموں سے پھولا ہوا

بنا راستی دامن آلودہ — بنا داشتی دودہ اندودہ

جھوٹ سے دامن آلودہ کئے ہوئے — اور برے کاموں سے خاندان کو تباہ کئے ہوئے

نہ پائی چو بینندگان راست رو — نہ گوشی چو مردم نصیحت شنو

نہ اس کا پاؤں سیدھے راستہ پہ چلنے والوں کی طرح — نہ اس کا کان نصیحت سننے والے مرد کی طرح

چو سالِ بد از وی خلایق نفور — نمایان بہم چون مہ نو ز دور

برے سال کی طرح لوگ اس سے نفرت کرتے — اور سنتے چاند کی طرح ایک دوسرے کو دکھاتے

ہوا و ہوس خرمنش سوختہ — جوی نیکنامی نیندوختہ

حرص و خواہش نے اس کا خرمن جلایا ہوا تھا — اور نیک نامی کا ایک جو بھی اس نے جمع نہ کیا تھا

سیاہ نامہ چندان تنعم براند — کہ در نامہ جای نبشتن نماند

بداعمال نے اتنی اپنی نفس پروری کی ہوئی تھی — کہ اس کے اعمال نامہ لکھنے کی جگہ نہ تھی

گنہگار و خودرای شہوت پرست — بہ غفلت شب و روز مخمور مست

گنہگار خود پسند اور شہوت پرست — غفلت میں رات دن مست اور مدہوش

شنیدم کہ عیسیٰ درآمد ز دشت — بہ مقصورۂ عابدی برگذشت

سنا ہیں نے کہ عیسےٰ علیہ السلام جنگل میں آئے — اور ایک عابد کے حجرہ پر سے گذرے

بزیر آمد از غرفہ خلوت نشین — بپایش درافتادہ سر بر زمین

وہ خلوت نشین بالاخانہ سے نیچے آیا — اس کے پاؤں پر گر پڑا اور سر زمین پر رکھا

گنہگار برگشتہ اختر ز دور! — چو پروانہ حیران در ایشان ز نور

بدنصیب گنہگار دور سے — ان کے نور سے پروانہ کی طرح حیران

تأمل بحسرت کنان شرمسار — چو درویش در دست سرمایہ دار

افسوس کے ساتھ غور کرتا ہوا شرمندہ — فقیر کی طرح دولت مند کے ہاتھ میں

مجل زیر لب عذر خواہان بسوز — ز شبہائی در غفلت آوردہ روز

پوشیدہ طور پر شرمندہ اور سوز سے عذر چاہنے والا — غفلت کی بسر کی ہوئی راتوں سے دل کٹے ہوئے

سرشکِ غم از دیدہ باران چو میغ — کہ عمرم بغفلت گذشت ای دریغ

اشک غم آنکھوں سے بادل کی طرح برساتا ہوا — کہ میری عمر غفلت سے گذری افسوس

برانداختم نقدِ عمرِ عزیز! — بدست از نکوئی نیاوردہ چیز

ہیں نے اپنی عمر عزیز کی نقدی کو ضائع کردیا — اور نیکی سے کوئی چیز ہاتھ ہیں نہ لایا

چو من زندہ ہرگز مبادا کسی — کہ مرگش بہ از زندگانی بسی

میری طرح زندہ کوئی شخص نہ ہو — کہ اس کی موت زندگانی سے بہت بہتر ہے

برست آنکہ در عہدِ طفلی بمرد — کہ پیرانہ سر شرمساری نبرد

وہ چھوٹ گیا جو بچپن میں مر گیا — کیونکہ بوڑھوں کی طرح شرمندگی نہ لے گیا

گناہم بہ بخش ای جہان آفرین — اگر با من آید فبئس القرین!

اے جہان کے پیدا کرنے والے میرے گناہ بخش — کہ اگر یہ میرے ساتھ آئے تو برا ساتھی ہے

درین گوشہ نالان گنہگارِ پیر — کہ فریاد حالم رس ای دستگیر

بوڑھا گنہگار اس گوشہ میں رونے والا — میرے حال کی فریاد کو پہنچ اے دستگیر

نگون ماند از شرمساری سرش — روان آب حسرت بشیب برش

شرمندگی سے اس کا سر جھکا ہوا — اور حسرت کے آنسوں سفید بالوں پر جاری

وزان نیمہ عابد سرِ پر غرور — ترش کردہ بر فاسق ابرو ز دور

اور اس طرف سے غرور بھرے ہوئے سر والا عابد — دور سے گنہگار پر ابرو چڑھائے ہوئے

کہ این مدبر اندر پئی ما چراست	نگون بخت نادان چہ ہمجنس ماست
کہ یہ بد نصیب ہمارے پیچھے کیوں ہے	الٹے نصیب والا بیوقوف کیا ہماری جنس سے ہے
بگردن بآتش در افتادۂ	بباد ہوا عمر بر دادۂ
گردن کے بل آگ میں گرا ہوا	ہوا و ہوس میں عمر برباد کئے ہوئے
چہ خیر آمد از نفس تردامنش	کہ صحبت بود با مسیح و منش !
اس کے گنہگار نفس سے کیا نیکی آتی ہے	کہ اس کو مجھ سے اور مسیح سے صحبت حاصل ہو
چہ بودی کہ زحمت ببردی زپیش	بدوزخ برفتی پس کارِ خویش !
کیا اچھا ہوتا کہ آگے سے زحمت لے جاتا	اور اپنے عمل کے عوض میں دوزخ میں جاتا
ہمی رنجم از طلعتِ ناخوشش	مبادا کہ در من فتد آتشش !
اس کی بری صورت سے مجھے رنج ہوتا ہے	ایسا نہ ہو کہ اس کی آگ مجھ پر پڑے
بہ محشر کہ حاضر شود انجمن !	خدایا تو با او مکن حشر من
قیامت کے دن جب اہل مجلس حاضر ہوں	تو اے خدا میرا حشر اس کے ساتھ نہ کرنا
درین بد کہ وحی از جلیل الصفات	در آمد بہ عیسیٰ علیہ الصلوٰات
وہ اسی خیال میں تھا کہ وحی اللہ تعالیٰ کی طرف سے	عیسےٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی
کہ گر عالم ست آن وگر وی جہول	مرادِ عوتِ ہر دو آمد قبول
کہ اگر وہ عالم ہے یا جاہل ہے	مجھے دونوں کی دعا قبول ہے
بتہ کردہ ایام برگشتہ زور	بنالید بر من بزاری و سوز
برگشتہ دن زمانہ برباد کئے ہوئے	زاری اور افسوس سے میری درگاہ میں رویا
بہ بیچارگی ہر کہ آید برم	نیندازمش ز آستان کرم
جو عجز کے ساتھ میری درگاہ میں آیا	میں اسے اپنے آستانہ کرم سے نہیں گراتا
عفو کردم از وی عمل ہائی زشت	در آرم بفضلِ خودش در بہشت
میں نے اس کے برے اعمال معاف کئے	اور اپنے فضل سے اس کو بہشت میں لاتا ہوں
وگر عار دارد عبادت پرست	کہ در خلد با وی بود ہم نشست
اور اگر عبادت کرنے والا شرم کرتا ہے	کہ اس کے ساتھ بہشت میں بیٹھے
بگو ننگ از و در قیامت مدار	کہ آن را بہ جنت برند این بنار
کہو کہ قیامت میں اس سے شرم نہ کرے	کہ اس کو جنت میں لے جائیں گے اور اسکو دوزخ میں

که آن را جگر خون شد از سوز و درد — گر این تکیه بر طاعت خویش کرد

کیونکہ اس کا کلیجہ درد اور سوز سے خوں ہو گیا — اگر اس نے اپنی عبادت پہ بھروسہ کیا

ندانست در بارگاه غنی ! — که بیچارگی به ز کبر و منی

یہ نہ سمجھا کہ غنی کی درگاہ میں — خودی اور غرور سے عاجزی بہتر ہے

کرا جامه پاک ست و سیرت پلید — در دوزخش را نباید کلید

جس کے کپڑے پاکیزہ رہیں اور عادت بری — اس کے دوزخ کے دروازہ کے لئے کنجی نہیں ہے

برین آستان عجز و مسکینیت — به از طاعت و خویشتن بینیت

اس آستان پر تیری عاجزی اور غریبی — اطاعت اور خود بینی سے بہتر ہے

زخود را از نیکان شمردی بدی — نمی گنجد اندر خدائی خودی

اگر اپنے آپ کو تو نے نیک شمار کیا تو برا کیا — خدائی میں خودی نہیں سمائی

اگر مردی از مردی خود مگوئی — نه هر شهسواری بدر برد گوی

اگر مرد ہے تو اپنی جوانمردی کی تعریف نہ کر — کیونکہ ہر شہسوار گیند باہر نہیں لے جاتا

پیاز آمد آن بی هنر جمله پوست — که پنداشت چون پسته مغزی دروست

وہ بے ہنر پیاز کی طرح چھلکا نکلا — جو یہ سمجھا کہ پستہ کی طرح اس میں مغز ہے

ازین نوع طاعت نیاید بکار — برو عذر تقصیر طاعت بیار

اس طرح کی عبادت کام نہیں آتی — جا اپنی عبادت کے گناہ کا عذر کر

نخورد از عبادت بر آن بیخرد — که حق نکو بود و با خلق بد

وہ بے وقوف اپنی عبادت کا پھل نہیں کھاتا — جو خدا کے ساتھ نیک ہو اور لوگوں کے ساتھ برا

سخن ماند از عاقلان یادگار — ز سعدیؒ همین یک سخن یاد دار

عقلمندوں کی باتیں یادگار رہ جاتی ہیں — سعدیؒ کی صرف یہی ایک بات یاد رکھ

گنهگار اندیشه ناک از خدای — به از پارسائی عبادت نمای

خدا سے ڈرنے والا گنہگار — ظاہری عبادت کرنے والے پارسا سے بہتر ہے

حکایت دانشمند درویش و قاضی متکبر

عقلمند فقیر اور مغرور قاضی کی حکایت

فقیهی کهن جامه تنگدست — در ایوان قاضی به صف بر نشست

ایک عالم پرانے کپڑوں والا فقیر — قاضی کے محل میں قطار میں بیٹھا

نگہ کرد قاضی درو تیز تیز
قاضی نے اس کو غصہ کی نگاہ سے دیکھا
معرف گرفت آستینش کہ خیز
چوبدار نے اس کا دامن پکڑا کہ اٹھ

ندانی کہ برتر مقام تو نیست
تو نہیں جانتا کہ تیرا درجہ بلند نہیں ہے
فروتر نشین یا برو یا بایست
نیچے بیٹھ جا یا کھڑا رہ

بجای بزرگان دلیری مکن
بزرگوں کی جگہ پر دلیری نہ کر
چو شیر پنجہ ات نیست شیری مکن
جب تم میں قوت نہیں تو شیری نہ کر

نہ ہر کس سزاوار باشد بصدر
ہر شخص صدارت کے قابل نہیں ہے
کرامت بجاہ ست منزل بقدر
بزرگی مرتبہ سے ہے اور مرتبہ اندازہ سے

دگر رہ چہ حاجت بہ پند کس است
دوسری دفعہ کسی کو نصیحت کرنے کی کیا ضرورت ہے
ہمین شرمساری عقوبت بس است
یہی شرمساری کافی عذاب ہے

بعزت ہر آن کو فروتر نشست
عزت کے ساتھ جو شخص نیچے بیٹھا
بخواری نیفتد ز بالا بہ پست
وہ خواری کے ساتھ بلندی سے نیچے نہیں گرتا

چو آتش بر آورد درویش دود
آگ کی طرح درویش نے آہ کا دھواں نکالا
فروتر نشست از مقامی کہ بود
اور جس مقام میں تھا اس سے بہت نیچے بیٹھا

فقیہان طریق جدل ساختند
عالموں نے بحث کو شروع کیا
لم لانسلم در انداختند
کس واسطے اور ہم نہیں مانتے کہنے لگے

گشادند بر ہم در فتنہ باز
اس میں فتنہ فساد کے دروازے کھول دیئے
بلا و نعم کردہ گردن دراز
ہاں اور نہیں کے ساتھ گردن اونچی کی

تو گفتی خروسان شاطر بجنگ
تو کہے کہ چالاک مرغ لڑائی میں!
فتادند در ہم بمنقار و چنگ
آپس میں پنجوں اور چونچوں سے لڑنے لگے

یکی بیخود از خشمناکی چو مست!
ایک غصہ میں مست کی طرح آپے سے باہر
یکی بر زمین میزند ہر دو دست
ایک غصہ سے زمین پر دونوں ہاتھ مارتا ہے

فتادند در عقدۂ پیچ پیچ!
ایک پیچیدہ عقدہ میں گر گئے
کہ در حل آن رہ نبردند ہیچ
اور کوئی بھی اس کے حل کرنے کی راہ کی طرف نہ گیا

کہن جامہ در صف آخرترین
پرانے کپڑوں والا آخری صف میں
بغرش در آمد چو شیر عرین
غرانے والے شیر کی طرح چلانے لگا

که برہان قوی باید و معنوی ‏ ‏ نه رگہای گردن بحجت قوی !
دلیل مضبوط اور حقیقی چاہیئے ‏ ‏ نہ کہ بحث کرنے میں گردن کی رگیں موٹی

مرا نیز چوگان حرفست گوئی ‏ ‏ بگفتند ار نیک دانی بگوئی !
میرے پاس بھی حرفوں کی چوگان اور گیند ہے ‏ ‏ لوگوں نے کہا اگر تو بہتر جانتا ہے تو کہہ

بکلک فصاحت بیانیکه داشت ‏ ‏ بدلہا چو نقش نگین برنگاشت
خوش بیانی کی قلم سے جو بیان اسکے پاس تھا ‏ ‏ دلوں پر نگینہ کی طرح لکھ دیا

سر از کوی صورت بمعنی کشید ‏ ‏ قلم بر سر حرف دعوی کشید
خیال کو ظاہری گلی سے حقیقت کی لے گیا ‏ ‏ اور حرف دعوی پر قلم کھینچ دیا

بگفتندش از ہر کنار آفرین ‏ ‏ که بر عقل و طبعت ہزار آفرین
لوگوں نے ہر طرف سے اس کو آفرین کہی ‏ ‏ کہ تیری عقل و طبیعت پر ہزار شاباش

سمند سخن تا بجائی براند ‏ ‏ که قاضی چو خر در خلابی بماند
سخن کے گھوڑے کو ہر طرف چلایا ‏ ‏ کہ قاضی گدھے کی طرح کیچڑ میں پھنس گیا

برون آمد از طاق و دستار خویش ‏ ‏ باکرام و لطفش فرستاد پیش
قاضی نے اپنا جامہ اور پگڑی اتار ڈالی ‏ ‏ بخشش اور مہربانی سے اس پیش کی

که ہیہات قدر تو نشناختم ‏ ‏ بشکر قدومت نپرداختم
افسوس میں نے تیری قدر نہ پہچانی ‏ ‏ اور تیرے آنے کا شکر یہ ادا نہ کیا

دریغ آیدم با چنین پایهٔ ‏ ‏ که بینم ترا در چنین پایهٔ
مجھے افسوس آیا کہ باوجود اس علم کے ‏ ‏ تجھے اس حالت میں دیکھوں

معرف بدلداری آمد برش ! ‏ ‏ که دستار قاضی نهد بر سرش
چوبدار خوشامد سے اس کے پاس آیا ‏ ‏ تاکہ قاضی کی پگڑی اس کے سر پر رکھے

بدست و زبان منع کردش که دور ‏ ‏ منه بر سرم پای بند غرور
ہاتھ اور زبان سے منع کیا کہ دور رہ ‏ ‏ میرے سر پر غرور کی بیڑی نہ رکھ

که فردا شود بر کہن میزران ‏ ‏ بدستار پنجه گزم سرگران
تاکہ کل پرانے آزار والوں پر ‏ ‏ اپنی پنجاہ گز دستار کی وجہ سے غرور نہ کروں

چو مولام خوانند و صدر کبیر ‏ ‏ نمایند مردم بچشم حقیر
جب مجھ کو اپنا مولا اور صدر اعظم کہیں ‏ ‏ تو آدمی میری آنکھوں میں حقیر معلوم ہونگے

تفاوت کند هرگز آب زلال !
کیا میٹھے پانی میں کبھی فرق پیدا ہوتا ہے

گرش کوزہ زرین بود یا سفالی
اگرچہ اس کا برتن سونیکا ہو یا مٹی کا

خرد باید اندر سر مرد و مغز
آدمی کے سر میں عقل اور مغز چاہیئے

نباید مرا چون تو دستار نغز
مجھے تیری طرح عمدہ پگڑی کی ضرورت نہیں

کس از سر بزرگی نباشد بہ چیز
کوئی شخص بڑا سر ہونیکی وجہ سے کسی چیز کے لائق نہیں ہوتا

کدو سر بزرگست و بے مغز نیز
کدو بزرگ سر ہے اور بے مغز بھی ہے

میفراز گردن بدستار و ریش
داڑھی اور پگڑی کی وجہ سے سر بلند نہ کر

کہ دستار پنبہ ست و سبلت حشیش
کیونکہ پگڑی روئی ہے اور مونچھ سوکھی گھاس ہے

بصورت کسانیکہ مردم وش اند
وہ لوگ جو ظاہر میں آدمی کی طرح ہیں

چو صورت ہمان بہ کہ دم در کشند
تصویر کی طرح بہتر ہیں کہ خاموش رہیں

بقدر ہنر جست باید محل
ہنر کے مطابق مرتبہ تلاش کرنا چاہیئے

بلندی و نحسی مکن چون زحل
زحل (ستارہ) کی طرح بلندی اور نحوست نہ کر

نی بوریا را بلندی نکوست
چٹائی کے نرکل کی طرح بلندی زیبا ہے

کہ خاصیت نیشکر خود در وست
کیونکہ نیشکر کی خاصیت خود اس کے اندر موجود ہے

بدین عقل و ہمت نخوانم کست
اس عقل اور ہمت کی وجہ سے میں تجھکو آدمی نہ کہوں

وگر میرود صد غلام از پست !
اگرچہ تیرے پیچھے سو غلام جاتے ہیں

چہ خوش گفت خرمہرہ در گِلی !
ایک کوڑی نے ایک کیچڑ میں کیا پسندیدہ بات کہی

چو برداشتش پر طمع جاہلی
جب اس کو ایک طامع جاہل نے اٹھایا

مرا کس نخواہد خریدن بہیچ
مجھے کوئی شخص بھی کسی چیز کے عوض نہ خریدیگا

بدیوانگی در حریرم مپیچ !
دیوانگی میں مجھ کو ریشم میں نہ لپیٹ

نہ منعم بمال از کسی بہتر است
امیر مال کی وجہ سے کسی سے بہتر نہیں ہے

خر ار جل اطلس بپوشد خر است
گدھا اگر اطلس کی جھول پہنے آخر گدھا ہے

بدین شیوہ مرد سخن گوی چست
اس طرح مرد سخن گو چالاک نے

بآب سخن کینہ از دل بشست
سخن کے پانی سے کینہ دل سے دھویا

دل آزردہ را سخت باشد سخن
دل آزردہ شخص کی باتیں سخت ہوتی ہیں

چو خصمت بیفتاد سستی مکن !
جب تیرا دشمن گر گیا تو دیر نہ کر

چو دستت رسد مغز دشمن بر آر　　　که فرصت فرو شوید از دل غبار
جب تیرا ہاتھ پہنچے تو دشمن کا مغز نکال لے　　　کیونکہ وقت دل سے غبار دھو دیتا ہے

چنان ماند قاضی بجورش اسیر　　　که گفت اِنَّ هٰذا لَیَوْمٌ عَسِیْرٌ
چوبدار اس کے پیچھے گیا اور ہر سو دوڑا　　　کہ ایک جوان اس صفت وشکل کا کسی نے دیکھا ہے

بدندان گزید از تعجب بدین　　　بماندش دو دیده چون فرقدین
تعجب سے دونوں ہاتھ دانتوں سے کاٹے　　　اور اسکی آنکھیں فرقدین ستاروں کی طرح کھلی رہیں

وز انجا جوان روی همت بتافت　　　برون رفت بازش نشان کس نیافت
اور اس جگہ سے جوان نے ارادہ کا منہ پھیرا　　　باہر چلا گیا اور پھر اس کا نشان کسی نے نہ پایا

غریو از بزرگان مجلس بخاست　　　که گوئی چنین شوخ چشم کجاست
مجلس کے بزرگوں نے ایک شور کیا　　　تو کہے کہ یہ شوخ چشم کہاں سے ہے

نقیب از پیش رفت و هر سو دوید　　　که مرد بدین نعت و صورت که دید
چوبدار اس کے پیچھے گیا اور ہر سو دوڑا　　　کہ ایک جوان اس صفت وشکل کا کسی نے دیکھا ہے

یکی گفت ازین نوع شیرین نفس　　　درین شهر سعدی شناسیم و بس
ایک نے کہا اس قسم کا شیرین زبان　　　اس شہر میں صرف سعدی کو جانتے ہیں اور بس

بر آن صد هزار آفرین کین بگفت　　　حق تلخ بین تا چه شیرین بگفت
اس پر لاکھ شاباش جس نے یہ کہا　　　کڑوے سچ کو دیکھ کہ کس قدر میٹھا بیان کیا

حکایت در توبه کردن پادشاهزاده گنجه

مقام گنجہ کے بادشاہزادہ کے توبہ کرنیکے بیان میں

یکی پادشاهزاده در گنجه بود　　　که نااهل و ناپاک و سرپنجه بود
ایک بادشاہزادہ مقام گنجہ کے رہنے والا تھا　　　اور وہ نااہل ناپاک اور ظالم تھا

به مسجد در آمد سرایان و مست　　　می اندر سر و ساتگینی بدست
مسجد میں گاتا ہوا اور مستی سے آیا　　　شراب پئے ہوئے اور ایک پیالہ ہاتھ میں

بمقصوره در پارسائی مقیم　　　زبان دلاویز و قلبی سلیم
ایک حجرہ میں ایک پارسا رہتا تھا　　　اس کی زبان دل آویز اور قلب سلیم تھا

تنی چند او گفت بر مجتمع　　　چو عالم نباشی کم از مستمع
چند آدمی اس کی گفتگو پر جمع تھے　　　اگر تو عالم نہ ہو تو سننے والے سے کم نہ ہو

چو بیعزتی پیشہ کرد آن حرون
جب اس شریر نے بے عزتی اختیار کی
شدند آن عزیزان خراب اندرون
تو ان عزیزوں کے دل خراب ہو گئے

چو منکر بود پادشاہ را قدم
جب بادشاہ کا طریقہ برا ہو
کہ یارد زد از امر معروف دم
تو امر معروف سے کون دم مار سکے

تحکم کند سیر بر بوی گل !
لہسن پھول کی خوشبو پر غالب ہوتا ہے
فرو ماند آواز چنگ از دہل
ڈھول کے سامنے چنگ کی آواز عاجز ہوتی ہے

گرت نہی منکر بر آید ز دست
اگر تیرا ہاتھ برے کاموں سے منع کر سکے
نشاید چو بیدست و پایان نشست
تو بے ہاتھ پاؤں والوں کی طرح نہ بیٹھنا چاہیئے

وگر دست قوت نداری بگوی
اگر قوت کا ہاتھ نہیں تو کہو
کہ پاکیزہ گردد باندرز خوی !
کیونکہ نصیحت سے عادت اچھی ہو جاتی ہے

چو دست و زبان را نماند مجال
جب ہاتھ اور زبان میں طاقت نہیں رہتی
بہمت نمایند مردی رجال
لوگ ہمت سے جوانمردی کرتے ہیں !

یکی پیش دانای خلوت نشین
ایک شخص ایک عقلمند خلوت نشین کے سامنے
بنالید و بگریست سر بر زمین
سر زمین پر رکھ کر رویا اور چلایا

کہ یکباری آخر برین رند مست
کہ ایک مرتبہ آخر اس مست رند پر
دعا کن کہ ما بی زبانیم و دست
دعا کر کہ ہم بے دست و پا ہیں !

دم سوزناک از دل با خبر
زندہ دل کی ایک سوز بھری آہ
قوی تر کہ ہفتاد تیغ و تبر
ستر تیغ و تبر سے زیادہ مضبوط ہوتی ہے

برآورد مرد جہاندیدہ دست
مرد جہاندیدہ نے ہاتھ اٹھائے
چہ گفت ای خداوند بالا و پست
کیا کہا اے بلندی و پستی کے مالک

خوش است این پسر وقتش از روزگار
یہ لڑکا اچھا ہے زمانے سے اس کا وقت
خدایا ہمہ وقت او خوش بدار
اے خدا ہمیشہ خوش رکھ !

کسی گفتش ای قدوۂ راستی
کسی نے کہا کہ اے سچائی کے رہبر
بدین بد چرا نیکوی خواستی
اس بدے کے لئے تو نے کیوں نیکی طلب کی

چہ بد عہد را نیک خواہی ز بہر
کیا بدعہد کے لئے تو نیک نصیب چاہتا ہے
چہ بد خواستی بر سر خلق شہر
کیا شہر کے لوگوں کے لئے تو برائی چاہتا ہے

چنین گفت بینندهٔ تیز ہوش
اس تیز ہوش دیکھنے والے نے کہا
چو سرّ سخن در نیابی مجوش
جب تو بات کا بھید نہ جانے تو جوش نہ کر

بطامات مجلس بیاراستم
میں نے بکواس سے مجلس سجائی ہے
زداد آفرین توبہ اش خواستم
انصاف پیدا کرنے والے سے میں نے اسکی توبہ چاہی

کہ ہرگہ کہ باز آید از خوئے زشت
اس لئے کہ جس وقت وہ بری عادت سے باز آجائے
بعیشی رسد جاودان در بہشت
تو ہمیشہ کے عیش کے لئے وہ بہشت میں پہنچ جائے

چنین پنج روزست عیش مدام
اور یہ شراب کا عیش صرف پانچ دن کا ہے
بترک اندرش عیشہائے مدام
اور اس کے ترک کرنے میں ہمیشہ کا عیش ہے

حدیثی کہ مرد سخن ساز گفت
جو بات کہ اس سخن فہم آدمی نے کہی
یکی زان میان مالک باز گفت
ان میں سے ایک نے بادشاہ سے کہدی

ز وجد آب در چشمش آمد چو میغ
وجد سے بادل کی طرح اسکی آنکھوں میں آنسو بھر آئے
بیارید بر چہرہ سیل دریغ
اور افسوس کا سیلاب چہرے پر برسایا

بہ نیران شوق اندرونم بسوخت
عشق کی آگ سے اس کا اندر جل گیا
حیا دیدہ بر پشت پایش بدوخت
اور حیا نے آنکھ اسکے پاؤں کی پشت پر لگائی

بر نیک محضر فرستاد کس
اس نیک آدمی کے پاس آدمی بھیجا !
در توبہ کوبان کہ فریاد رس
توبہ کا دروازہ کھٹکھٹاتے ہوئے کہ فریاد کو پہنچ

قدم رنجہ فرمائی تا سر نہم
قدم رنجہ فرما تاکہ میں اپنا سر رکھوں .
سر جہل و نادانستی بر نہم !
اور جہالت اور نادانی کا بوجھ اپنے سر سے اتار دوں

دو رو یاستادند بر در سپاہ
دروازہ کے دونوں طرف فوج کھڑی کی گئی
سخن پرور آمد در ایوان شاہ
اور وہ سخن پرور عابد بادشاہ کے محل میں آیا

شکر دید و عناب و شمع و شراب
شراب و شمع شکر و عناب دیکھے
دہ از نعمت آباد و مردم خراب
گاؤں نعمتوں سے آباد اور آدمی خراب د

یکی غایب از خود یکی نیم مست
ایک نیم مست اور ایک مدہوش
یکی شعر گویان صراحی بدست
ایک ہاتھ میں شراب کی صراحی اور شعر پڑھتا ہے

ز سوئی بر آورد مطرب خروش
اور ایک طرف مطرب شور مچائے ہوئے
ز دیگر سو آواز ساقی کہ نوش
اور ایک طرف ساقی کی آواز ہے کہ پیو

حریفان خراب از مے لعل رنگ	سر چنگی از خواب در بر چو چنگ
حریف شراب لعل رنگ سے مست	اور چنگ بجا بنوا ایکا سر نیند سے چنگ کی طرح گود میں
نبود از ندیمان گردن فراز	بجز نرگس آنجا کسی دیده باز
مغرور ماجیوں میں سے کوئی بھی نہ تھا	سوائے نرگس نے آنکھیں کھولے ہوئے
دف و چنگ با یکدگر سازگار	بر آورده زیر از میان ناله زار
چنگ اور دف ایک دوسرے سے ملے ہوئے	اور ایک باریک دردناک آواز درمیان سے نکالے ہوئے
بفرمود در هم شکستند خرد	مبدل شد آن عیش صافی بدرد
عابد نے حکم دیا اور باجے توڑ دیئے گئے	اور وہ مصفا عیش درد سے مبدل ہو گیا
شکستند چنگ و گسستند رود	بدر کرد گوینده از سر سرود
چنگ توڑ دیئے گئے اور رود بھی توڑ دیئے گئے	اور گانے والے راگ کو سر سے باہر نکال دیا
بمیخانه در سنگ بردن زدند	کدو را نشاندند و گردن زدند
شرابخانہ میں مٹکوں پر پتھر مارے گئے	صراحی کو بٹھایا اور سر توڑ دیا گیا
روان خمر و چنگ او فتاده نگون	تو گفتی شدست از بط کشته خون
شراب بہتی ہوئی اور چنگ سرنگوں پڑا ہوا	تو کہے کہ بطِ کشتہ کا خون ہے
خم آبستن خمر نه ماهه بود	دران فتنه دختر بینداخت زود
مٹکے کو شراب کا نو ماہ کا حمل تھا	اس فتنہ میں لڑکی یعنے شراب جلدی سے گرا دی گئی
شکم تا بنافش دریدند مشک	قدح را بر و چشم خونین پر اشک
مشک کو پیٹ سے ناف تک پھاڑ دیا گیا	پیالہ کی خون آلودہ آنکھیں اسکے لئے پر آب تھیں
بفرمود تا سنگ صحن سرائے	بکندند و کردند نو باز جائے
عابد کے حکم سے گھر کے صحن تک کا پتھر	اکھاڑ دیا گیا اور اس کی جگہ نیا لگا دیا گیا
که گلگونه خمر یاقوت فام	بشستن نمی شد ز روی رخام
کیونکہ شراب یاقوت رنگ کی سرخی	دھونے سے سنگ مرمر کے پتھر سے نہیں جاتی تھی
عجب نیست بالوعه گر شد خراب	که خورد اندران روز چندان شراب
تعجب نہیں اگر نابدان خراب ہو جائے	کیونکہ اس دن اتنی شراب پی گئی تھی
دگر هر که بربط گرفتی بکف	قفا خوردی از دست مردم چو دف
پھر جو شخص ہاتھ میں بربط پکڑتا	دف کی طرح آدمیوں کے ہاتھ سے گردنی کھاتا

وگر فاسقی چنگ بروی بدوش
اگر کوئی فاسق کندھے پر چنگ اٹھاتا تو
بمالیدی اورا چو طنبور گوش
تو طنبور کی طرح اس کی گوشمالی کی جاتی

جوانی سر از کبر پندار مست
وہ جوان جو غرور اور تکبر سے مست تھا
چو پیران بکنج عبادت نشست
بوڑھوں کی طرح خلوت گاہ عبادت میں جا بیٹھا

پدر بارہا گفتہ بودش بہول
باپ نے کئی دفعہ اس کو جھڑکی دیکر کہا تھا
کہ پاکیزہ رو باش شائستہ قول
کہ نیک چال چلن اور عمدہ گفتار والا بن

جفائی پدر برد و زندان و بند
باپ کا ظلم اور قید و بند کی سختی جھیلی
چنان سودمندش نیامد کہ پند
مگر اس کو ایسا فائدہ نہ ہوا جیسا کہ نصیحت عابد سے

گرش سخت گفتی سخن گوی سہل
اگر کوئی اس کو سختی و نرمی سے کہتا
کہ بیرون کن از سر جوانی و جہل
کہ اپنے سر سے جوانی و جہالت کو دور کر

خیال غرورش بران داشتی
تو اس کا خیال غرور اسے آمادہ کرتا
کہ درویش را زندہ نگذاشتی
کہ وہ درویش را زندہ نگذاشتی

سپر نفگند شیر غران ز جنگ
شیر غراں جنگ سے نہیں بھاگتا
نیندیشد از تیغ بران چنگ!
لیکن ہاتھ کاٹنے والی تلوار سے ڈرتا ہے

بہ نرمی ز دشمن توان کرد دوست
نرمی سے دشمن کو دوست بنایا جا سکتا ہے
چو با دوست سختی کنی دشمن اوست
اگر دوست سے سختی کریں تو وہ دشمن ہے

چو سندان کسی سخت روئی نکرد
کسی نے سندان کی طرح سخت روئی نہ کی
کہ خایسک تادیب بر سر نخورد
کہ تادیب کا ہتھوڑا سر پر کھایا

بگفتن درشتی مکن با امیر
امیر کے ساتھ سخت کلامی نہ کر
چو بینی کہ سختی کند سست گیر
جب دیکھے کہ وہ سختی کرتا ہے تو عاجزی کر

باخلاق با ہر کہ بینی بساز
اخلاق سے ہر کسی کو اپنا موافق بنا
اگر زیردست است و گر سرفراز
چاہے کمزور ہے یا زبردست ہے

کہ این گردن از نازکی برکشد
کیونکہ یہ ناز سے گردن اٹھاتا ہے
بگفتار خوش وان سر اندر کشد
اور خوش کرنے والی باتوں سے سر جھکا لیتا ہے

بشیرین زبانی توان برد گوئی
شیریں زبانی سے گیند لیجایا جا سکتا ہے
کہ پیوستہ تلخی برد تند خوئی!
کیونکہ تند خو آدمی ہمیشہ تکلیف اٹھاتا ہے

تو شیرین زبانی ز سعدی بگیر
تو شیرین بیانی سعدی رحمۃ اللہ علیہ سے سیکھ
ترش روئی را گو بہ تلخی بگیر
اور ترش روئے کہو کہ تلخی سے جائے

حکایت طواف عسل

ایک شہد فروش کا قصہ

شکر خندۂ انگبین می فروخت
ایک خوبصورت شہد بیچتا تھا
کہ دلہا ز شیرینیش می بسوخت
اور دل اس کی شیرینی سے جلتے تھے

نباتی میان بستہ چون نیشکر
گنے کی طرح مٹھاس کمرے باندھے ہوئے
برو مشتری از مگس بیشتر
اور اس کے خریدار مکھیوں سے زیادہ تھے

گر او زہر برداشتی فی المثل
اگر مثلاً وہ زہر بھی دیتا
بخوردند از دست او چون عسل
تو لوگ اس کے ہاتھ سے شہد کی طرح کھاتے

گرانی نظر کرد در کار او
ایک بدخصلت نے اس کے کام کو دیکھا
حسد برد بر روز بازار او
اور اس کی گرم بازاری پر رشک کیا

دگر روز شد گرد گیتی روان
دوسرے روز لوگوں کے گرد دوڑتا ہوا گیا
عسل بر سر و سرکہ برابروان
شہد سر پہ اٹھائے اور سرکہ ابروں پہ ملا ہوا

بسی گشت فریاد خوان پیش و پس
بہت شور مچاتا ہوا آگے پیچھے گیا!
کہ ننشست بر انگبینش مگس
اور اس کے شہد پر ایک مکھی بھی نہ بیٹھی

شبانگہ چو نقدش نیامد بدست
رات کو جب نقدی اس کے ہاتھ میں نہ آئی
بدل تنگروئی بکنجی نشست
تو اداس چہرہ لئے ہوئے ایک گوشہ میں بیٹھا

چو عاصی ترش کردہ روی از وعید
گنہگار کی طرح برے وعدوں سے منہ کھٹا کئے ہوئے
چو ابروی زندانیان روز عید
اور عید کے دن جیسی قیدیوں بھوئیں ہوتی ہیں

زنی گفت بازی کنان شوی را
ایک عورت نے مذاق سے شوہر کو کہا
عسل تلخ باشد ترش روی را
کہ ترش رو کو شہد کڑوا معلوم دیتا ہے

حرامست بود نان آنکس چشید!
بچہ پر اس شخص کی روٹی چکھنا حرام ہے
کہ چون سفرہ ابرو بہم درکشید
جس نے اپنے ابرو دسترخوان کی طرح پیٹے ہوئے ہوں

مکن خواجہ بر خویشتن کار سخت
اے صاحب اپنے لئے سخت کام نہ کر
کہ بدخوئی باشد نگونسار بخت
کیونکہ بدخو آدمی بہت شرمندہ ہوتا ہے

گرفتم کہ سیم و زرت چیز نیست	چو سعدی زبانت خوشت نیز نیست
میں فرض کرتا ہوں کہ تیرے پاس سونا چاندی نہیں	پر کیا سعدی کی طرح تیری زبان بھی اچھی نہیں ہے

حکایت در معنی تواضع نیکمردان!

نیک آدمیوں کی عاجزی	کی حقیقت
شنیدم کہ فرزانۂ حق پرست	گریبان گرفتش یکی رند مست
سنا میں نے کہ ایک عقلمند حق پرست کا	ایک رند مست نے گریبان پکڑ لیا
از آن تیرہ دل مرد صافی درون	قفا خورد و سر برنکرد از سکون!
اس سیاہ باطن آدمی سے اس صاف باطن نے	گردنی کھائی اور صبر سے سر اونچا نہ کیا
یکی گفتش آخر نمردی تو نیز	تحمل دریغ ست ازین بی تمیز
ایک نے اس سے کہا کیا تو آخر مرد نہیں ہے	اس بے تمیز سے تحمل کرنا افسوس ہے
شنید این سخن مرد پاکیزہ خوی	بدو گفت زین نوع با من مگوی
مرد پاکیزہ خصلت نے جب یہ بات سنی	تو اس سے کہا کہ اس قسم کی بات مجھ سے نہ کہو
دردمست نادان گریبان مرد	کہ با شیر جنگی سگالد نبرد
اگر کوئی نادان مست ایسے آدمی کا گریبان پھاڑے	کہ جو لڑنے والے شیر کے ساتھ لڑ سکتا ہے
ز ہشیار عاقل نزیبد کہ دست	زند در گریبان نادان مست!
عقلمند ہوشیار کو زیبا نہیں ہے کہ ہاتھ	نادان مست کے گریبان میں ڈالے
ہنرور چنین زندگانی کند	جفا بیند و مہربانی کند
عاقل اس طرح زندگی بسر کرتا ہے کہ	ظلم دیکھتا ہے اور مہربانی کرتا ہے

حکایت در معنی عزت نفس مردان

مردوں کے نفس کی	عزت کی حقیقت
سگی پای صحرا نشینی گزید	بہ خشمی کہ زہرش ز دندان چکید
ایک کتا نے ایک صحرا نشین کا پاؤں کاٹا	اس غصہ سے کہ اس کا زہر اس کے دانتوں سے ٹپکا
شب از درد بیچارہ خوابش نبرد	بخیل اندرش دختری بود خرد
رات کو وہ بیچارہ درد سے نہ سویا	اس کے اہل و عیال میں ایک چھوٹی لڑکی تھی
پدر را جفا کرد و تندی نمود	کہ آخر ترا نیز دندان نبود
باپ کو برا بھلا کہا اور سختی دکھلائی	کہ آخر کیا تیرے دانت نہ تھے

پس از گریہ مرد پراگندہ روز / بخندید کای بابک دلفروز

پریشان آدمی نے رونے کے بعد / ہنس کر کہا کہ اے دل خوش کرنیوالی لڑکی

مرا گرچہ ہم سلطنت بود بیش / دریغ آمدم کام و دندان خویش

اگرچہ مجھکو بھی چند زیادہ غصہ تھا / مجھکو اپنے تالو اور دانتوں کا افسوس ہوا

محال ست گر تیغ بر سر خورم / کہ دندان بپای سگ اندر برم

ناممکن ہے اگر سر پر تلوار بھی کھاؤں / کہ اپنے دانتوں سے کتوں کے پاؤں کاٹوں

توان کرد با ناکسان بدرگی / ولیکن نیاید ز مردم سگی

نالائقوں سے برائی کی جا سکتی ہے / لیکن آدمی کو کتا بننا نہیں آتا

حکایت خواجۂ نیکوکار و بندۂ نافرمان!

ایک نیک مالک اور نافرمان غلام کی حکایت

بزرگی ہنرمند آفاق بود / غلامش نکوہیدہ اخلاق بود

ایک بزرگ زمانہ کا ہنرمند تھا / اور اس کا غلام بدخصلت تھا

ازین خفرقی موی بالیدۂ / بدی سرکہ در روی مالیدۂ

بدصورتی سے بال بڑھائے ہوئے / چہرے پر سرکہ ملے ہوئے یعنے ترش رو تھا

چو ثعبانش آلودہ دندان بزہر / گرو بردہ از زشت رویان شہر

بڑے سانپ کی طرح اسکے دانت زہر سے بھرے ہوئے / اور شہر کے تمام بدصورتوں پر سبقت رکھتا تھا

مدامش بروی آب چشم سبل / دمیدی و بوی پیاز از بغل!

پر آشوب آنکھ کا پانی ہمیشہ اسکے چہرے پر بہتا / اور اس کے بدن سے پیاز کی بو آتی تھی

گرہ وقت پختن بر ابرو زدی / چو پختند با خواجہ زانو زدی

کھانا پکانے کے وقت منہ بناتا تھا / اور پک چکنے کے مالک کیساتھ بیٹھکر کھاتا تھا

دمادم بنان خوردنش ہم نفس / و گر مردی آبی ندادی بکس!

اور ہر گھڑی کھانے کے لئے اس کے ساتھ تھا / اور کاہل ایسا کہ مرنا قبول کرتا لیکن کسی پانی نہ دیتا

بگفت اندر و کار کردی نہ چوب / شب و روز ازو خانہ در کند کوب

نہ کہنے سے کام کرتا اور نہ مارنے سے / رات دن اس کی وجہ سے گھر میں لڑائی رہتی تھی

گہی خار و خس در رہ انداختی / گہی ماکیان در چہ انداختی

کبھی راستہ میں کانٹا کوڑا ڈال دیتا / کبھی مرغیاں کنوئیں میں پھینک دیتا

ز سیماش وحشت فراز آمدی	زرفتی بکاری کہ باز آمدی
اس کی پیشانی سے وحشت ظاہر ہوتی تھی	اگر کسی کام کے لئے جاتا تو پھر نہ آتا
کسی گفت ازین بندۂ بدخصال	چہ خواہی ادب یا ہنر یا جمال
کسی نے اس بدخصلت غلام کو کہا	تو کیا چاہتا ہے ادب ہنر یا خوبصورتی
نیرزد وجودی بدین ناخوشی	کہ جورش پسندی و بارش کشی
ایسی ناخوشی ایسے وجود کیساتھ زیبا نہیں	کہ اس کا ظلم پسند کرے اور بوجھ اٹھائے
منت بندۂ خوب نیکو سیر	بدست آرم این را بہ نخاس بر
میں تجھ کو ایک نیک خصلت غلام	خرید دیتا ہوں اسکو فروخت کیلئے بازار لیجا
وگر یک پشیز آورد سر مپیچ	گرانست اگر راست خواہی بہیچ
اگر ایک پیسہ پر بھی بکے تو سر نہ پھیر	اگر سچ پوچھے تو بہ مفت بھی گران
شنید این سخن مرد نیکو نہاد	بخندید کای یار فرخ نژاد
نیک خصلت انسان نے یہ بات سنی	ہنسا کہ اے دوست مبارک فطرت والے
بدست این پسر طبع و خویش ولیک	مرا زو طبیعت شود خوب و نیک
اس لڑکے کی طبیعت اور عادت بری ہے لیکن	میری طبیعت اس سے نیک خصلت بن رہی
چو زو کردہ باشم تحمل بسی	توانم جفا بردن از ہر کسی
اگر میں اس کی باتوں کو برداشت کرتا ہونگا	تو ہر شخص کے ظلم اٹھانے کے قابل ہونگا
مروت ندانم کہ بفروشمش	بدیگر کسی عیب بہ گویمش
میں مروت نہیں سمجھتا کہ اس کو فروخت کروں	اور اس کے عیوب کسی دوسرے سے کہوں
چو من در بلایش تحمل کنم	بسی بہ بود گر تحول کنم
اگر میں اس کی سختی میں تحمل کروں	تو اس سے بہتر ہے کہ اسکو کسی دوسرے کے حوالہ کروں
چو خود را پسندی کسی را پسند	تو ور زحمتی دیگری را مبند
جو اپنے لئے پسند کرتا ہو دوسری کیلئے بھی وہی پسند کر	تو دوسرے کو عذاب میں مبتلا نہ کر
تحمل چو زہرت نماید نخست	ولی شہد گردد چو در طبع رست
تحمل پہلے پہل زہر معلوم ہوتا ہے	لیکن جب طبع میں سماتا ہے تو شہد ہو جاتا ہے

حکایت معروف کرخی و مسافر رنجور

حضرت معروف کرخی (رحمتہ اللہ علیہ) اور ایک بیمار مسافر کا قصہ!

کسی راہ معروف کرخی بجست	کہ بنہاد معروفی از سر نخست!
کسی شخص نے حضرت معروف کرخی کی راہ تلاش کی	یہاں تک کہ پہلے سر سے خودی نکال دی
شنیدم کہ مہمانش آمد یکی	ز بیماریش تا بمرگ اندکی!
سنا میں نے کہ ایک دن انکے ہاں ایک مہمان آیا	اور وہ بیماری کی وجہ سے مرنے کے قریب تھا
سرش موی و رویش صفا ریختہ	بموئیش جان در تن آویختہ
درویش کے بالوں نے اس کے سر اور چہرہ کی صفائی کو چھوڑ	اور اسکی جان ایک بال میں لٹکی ہوئی تھی
شب آنجا بیفگند و بالش نہاد	روان دست در بانگ نالش نہاد
رات کو اس جگہ رکھا اور تکیہ دیا	اور اس کے ہاتھ فریاد و نالہ کر رہے تھے
نہ خوابش گرفتی بہ شب یکنفس!	نہ از دست فریاد او خواب کس
رات کو ایک دم بھی اس کو نیند نہ آئی	اور نہ اس کی فریاد سے کوئی دوسرا سویا
نہادی پریشان و طبعی درشت	نمی مرد و خلقی بحجت بکشت!
ایک پریشان فطرت اور سخت طبیعت تھی	جو خود تو مرتی نہ تھی لیکن لوگوں کو تکرار سے مار ڈالا تھا
ز فریاد و نالیدن و خفت و خیز	گرفتند از و خلق راہ گریز
اس کی فریاد رونے سونے اٹھنے کی وجہ سے	لوگوں نے اس سے بھاگنے کا راستہ اختیار کیا
ز دیار مردم دران بقعہ کس!	ہمان ناتوان ماند و معروف و بس
رہنے والے آدمیوں میں سے اس مکان میں	وہ بیمار اور صرف حضرت کرخی رہ گئے
شنیدم کہ شبہا ز خدمت نخفت	چو مردان میان بست و کرد آنچہ گفت
سنا میں نے کہ اس کی خدمت کی وجہ سے راتوں کو نہ سوئے	مردوں کی طرح کمر باندھی جو کچھ اس نے کہا کیا
شبی بر سرش لشکر آورد خواب	کہ چند آورد مرد ناخفتہ تاب
ایک رات نیند نے ان پر غلبہ کیا	مرد کب تک نہ سونے کی تاب لا سکتا ہے
بیکدم کہ چشمانش خفتن گرفت	مسافر پراگندہ گفتن گرفت!
جونہی کہ ان کی آنکھیں سونے لگیں	مسافر بیمار نے پریشان باتیں شروع کر دیں
کہ لعنت برین نسل ناپاک باد	کہ نامند و ناموس و زرق اندو باد
اس نسل ناپاک پر لعنت ہو	کہ جو نام اور عزت والے غرور اور مکر کرنے والے ہیں
بلند اعتقادان پاکیزہ پوش	فریبندۂ پارسائی فروش!
اچھے لباس والے اور بلند اعتقاد	فریب دینے والے اور نیکی بیچنے والے

چہ داند لت انبانی از خواب مست	کہ بیچارہ دیدہ برہم نہ بست
بہت کھانیوالے اور خواب سے بدمست کیا جانیں	کہ کسی بیچارہ نے آنکھ بند نہیں کی
سخن ہائے منکر بمعروف گفت	کہ یکدم چرا غافل از وی بخفت
حضرت معروف کرخی کو برا بھلا کہا	کہ کیوں سے غفلت کرکے دم بھر سوئے
فرو خورد شیخ این حدیث از کرم	شنیدند پوشیدگان حرم!
شیخ نے یہ بات مہربانی سے برداشت کی	اور محل کی پردہ نشین عورتوں نے سنی
یکی گفت معروف را در نہفت	ندیدی کہ درویش نالان چہ گفت
ایک نے حضرت معروف کو علیحدگی میں کہا	تو نے نہیں سنا کہ درویش رونے والے نے کیا کہا
برو زین سپس گو سر خویش گیر	تعنت ببر جای دیگر بمیر
اس کے پاس جا اور کہو کہ اپنی راہ لے	رنج لے جائے اور دوسری جگہ پر مرے
نکوئی و رحمت بجائی خود ست	ولی باید انیکمردی بدست!
نیکی و مہربانی اپنی جگہ پر ہے	لیکن بردں کے ساتھ نیکی کرنی بری ہے
سر سفلہ را گرد بالش منہ	سر مردم آزار بر سنگ بہ
کمینہ کے سر کے نیچے تکیہ نہ رکھ	لوگوں کو ستانیوالے کا سر پتھر پر بہتر ہے
مکن با بدان نیکی ای نیکبخت	کہ در شورہ نادان نشاند درخت
اے نیک بخت بدوں کے ساتھ نیکی نہ کر	کیونکہ شور زمین میں بیوقوف درخت لگاتا ہے
نگویم مراعات مردم مکن	کرم پیش نامردمان گم مکن!
میں نہیں کہتی کہ لوگوں سے مہربانی نہ کر	لیکن نالائقوں کے ساتھ نیکی ضائع نہ کر
باخلاق نرمی مکن با درشت	کہ سگ را نمالند چون گربہ پشت
خوش خلقی سے سخت آدمی کیسا نرمی نہ کر	کیونکہ کتے کی پیٹھ بلی کی طرح نہیں ملتے
گر انصاف خواہی سگ حق شناس	بہ سیرت بہ از مردم ناسپاس
اگر انصاف کی بات پوچھتا ہے تو حقشناس کتا	سیرت میں ناشکرے آدمی سے بہتر ہے
بہ برف آب رحمت مکن بر خسیس	چو کردی مکافات بر یخ نویس
کمینہ آدمی پر ٹھنڈے پانی سے مہربانی نہ کر	جو تو نے کی تو اس اجر برف پر لکھ یعنی ضائع ہے
ندیدم چنین پیچ بر پیچ کس	مکن ہیچ زحمت برین ہیچکس!
میں نے ایسا ٹیڑھا آدمی کبھی نہیں دیکھا	اس نالائق پر کبھی کوئی مہربانی نہ کر

بخندید و گفت ای دلارام گفت
حضرت معروف کرخی ہنسے اور کہا اے دلا آرام

پریشان مشو زین پریشان کہ گفت
اس بات پر پریشان نہ ہو کہ اس نے بری باتیں کہیں

گر از ناخوشی کرد بر من خروش
اگر اس نے مجھ پر رنج کی وجہ سے شور کیا

مرا ناخوش از وی خوش آمد بگوش
تو میرے کانوں کو اس کی بری باتیں بھلی معلوم ہوئیں

جفای چنین کس ببابد شنود
ایسے آدمی کا ظلم سننا چاہیئے

کہ نتواند از بیقراری غنود
جو بیقراری کی وجہ سے اونگھ نہیں سکتا

چو خود را قوی حال بینی و خوش
جب تو اپنے آپ کو مضبوط اور خوش دیکھے

بہ شکرانہ بارِ ضعیفان بکش!
تو شکرانہ کیساتھ کمزوروں کا بوجھ برداشت کر

اگر خود ہمین صورتی چون طلسم!
اگر خود تو اسی صورت طلسم کی طرح ہے

بمیری و اسمت بماند چو جسم!
تو مرجائے اور تیرا نام جسم کی طرح رہے

دگر پرورانی درخت کرم
اگر تو مہربانی کے درخت کا پرورش کرنیوالا ہے

برِ نیکنامی خوری لاجرم
تو نیک نامی کا پھل ضرور کھائے گا

نہ بینی کہ در کرخ تربت بسیست
تو نہیں دیکھتا کہ کرخ شہر میں بہت سی قبریں ہیں

بجز گورِ معروف معروف نیست
لیکن سوائے معروف کرخی کی قبر کے کوئی مشہور قبر نہیں

بدولت کسانی سر افراختند
دولت سے ان لوگوں نے سر بلند کیا

کہ تاجِ تکبر بیند اختند
جنھوں نے تکبر کے تاج کو سر سے پھینکدیا

تکبر کند مرد حشمت پرست
عزت پرست آدمی تکبر کرتا ہے

نداند کہ حشمت بحلم اندرست
نہیں کہ عزت بردباری میں ہے

حکایت در معنی سفاہت نااہلان و تحمل نیکمردان

نااہل لوگوں کے کمینہ پن اور نیک لوگوں کے تحمل کے بیان میں ذکر

طمع برد شوخی بصاحبدلی
ایک شریر ایک صاحبدل کے پاس طمع لیگیا یعنی کچھ مانگا

نبود آن زمان در میان حاصلی
اس وقت اس کے پاس کچھ موجود نہ تھا

کمر بند و دستش تہی بود و پاک
اس کا کمر بند اور ہاتھ خالی و صاف تھا

کہ زر بر فشاندی بر ویش چو خاک
کہ مٹی کی طرح اسکے منہ پر روپیہ جھاڑتا

برون تاخت خواہندہ تیرہ روی
بے حیا مانگنے والا باہر چلا گیا

نکوہیدن آغاز کردش بکوی!
اور گلی میں اس کو گالیاں دینی شروع کردیں

کہ زنہار ازین کژدمان خموش ۔ پلنگان درندہ صوف پوش
کہ ان خاموش بچھوؤں سے اللہ پناہ دے ۔ یہ گدڑی پوش پھاڑنے والے شیر ہیں

کہ چون گربہ زانون بدل برنہند ۔ وگر صیدے افتد چو سگ درجہند
بلی کی طرح گھاٹ میں بیٹھے ہیں ۔ اگر کوئی شکار گرے تو کتے کی طرح کودتے ہیں

سوئ مسجد آوردہ دکان شید ۔ کہ در خانہ کمتر توان یافت صید
مسجد کی طرف مکر کی دکان لائے ہوئے ۔ کیونکہ گھر میں شکار کم پا سکتے ہیں

رہ کاروان شیر مردان زنند ۔ ولی جامہ مردان اینان کنند
خیر مرد ہیں جو قافلے کی راہ لوٹتے ہیں ۔ لیکن یہ آدمیوں کے کپڑے پھاڑتے ہیں

سپید و سیاہ پارہ بردوختہ ۔ بسا لوس پنہان زر اندوختہ
سفید اور سیاہ ٹکڑے سیئے ہوئے ہیں ۔ مکر اور پوشیدگی سے روپیہ جمع کئے ہوئے ہیں

زہی جو فروشان گندم نمای ۔ جہان گرد و شب کوک خرمن گدای
کیا خوب گندم دکھانیوالے اور جو فروخت کرنیوالے ۔ جہان کے گھومنے والے رات کے مانگنے کم ہمت فقیر ہیں

مبین در عبادت کہ پیر اند و سست ۔ کہ در رقص و حالت جوانند و چست
نہ دیکھ کہ عبادت کرنے میں بوڑھے اور سست ہیں ۔ کیونکہ وجد اور ناچ کی حالت میں جوان اور چست ہیں

عصای کلیم اند بسیار خوار ۔ پس آنگہ نمایند خود را نزار
موسیٰ علیہ السلام کے عصا کی طرح بہت کھانے والے ہیں ۔ پھر اس وقت اپنے آپ کو دبلا بتلاتے ہیں

نہ پرہیزگار و نہ دانشور اند ۔ ہمین بس کہ دنیا بدین میخورند
نہ پرہیزگار ہیں اور نہ عقلمند ہیں ۔ یہی کافی ہے کہ دنیا کو دین کے عوض خریدتے ہیں

عبادی بلالانہ در تن کنند ۔ بدخل حبش جامہ زن کنند
حضرت بلالؓ کی طرح عبا پہنتے ہیں ۔ اور حبش کے خراج سے عورت کے کپڑے بناتے ہیں

نہ سنت نہ بینی در ایشان اثر ۔ مگر خواب پیشین و نان سحر
سنت کا ایک اثر تو ان میں نہ دیکھے گا ۔ مگر دوپہر کے وقت سونا اور صبح کے وقت کھانا

شکم تا سر آگندہ از لقمہ تنگ ۔ چو زنبیل دریوزہ ہفتاد رنگ
تنگ لقموں سے پیٹ منہ تک بھرا ہوا ۔ بھیک مانگنے کی جھولی کی طرح ستر رنگ

نخواہم درین باب ازین بیش گفت ۔ کہ شنعت بود سیرت خویش گفت
اس بارہ میں میں اس سے زیادہ کہنا نہیں چاہتا ۔ کیونکہ اپنی تعریف کرنا برائی ہوتی ہے

فرو گفت ازین شیوہ نادیدہ گوئی — نہ بیند ہنر دیدۂ عیب جوئی

اس شریر نے اس قسم کی بہت باتیں کہیں — عیب تلاش کرنے والی آنکھ ہنر نہیں دیکھتی

یکی کردہ بی آبروئی بسی ! — چہ غم دارد از آبروئی کسی !

ایک شخص جس نے اپنی بہت بے عزتی کی ہوئی ہو — وہ کسی کی آبرو کا کیا غم رکھتا ہے

مریدی بشیخ این سخن نقل کرد — اگر راست پرسی نہ از عقل کرد

ایک مرید نے پیر سے یہ بات کہی — اگر تو سچ پوچھے تو اس نے اچھا نہ کیا

بدی در قفا عیب من گفت و خفت — بتر زو قرینی کہ آورد و گفت

ایک بد نے میری غیر حاضری میں برائی کی اور چلا گیا — اس سے بدتر وہ ہے جو آپ کے ساتھ لایا اور کہا

یکی تیری افگند و در رہ فتاد — وجودم نیازرد و رنجم نداد

ایک شخص نے تیر پھینکا اور وہ راستہ میں گر پڑا — اس نے میرے بدن کو نہ ستایا اور نہ دکھ دیا

تو برداشتی و آمدی سوی من — ہمین در پس پوزی بہ پہلوی من

تو نے وہ اٹھایا اور میری طرف آیا — اور اس کو میرے پہلو میں چبھو دیا

بخندید صاحبدل نیک خوئی — کہ سہل ست ازین بیشتر گو بگوئی

صاحب دل نیک خصلت والا ہنسا ! — کہ اس سے زیادہ کہنا بھی آسان ہے کہہ کہہ

ہنوز آنچہ گفت از بدم اندکیست — از آنہا کہ من دانم از صد یکیست

اب تک جو اس نے میری برائی کی ہے کم ہے — اور وہ جو میں جانتا ہوں ان میں سے ایک ہے

ز روی گمان بر من اینہا کہ بست — من از خود یقین می شناسم کہ ہست

اس نے شبہ کے طور پر جو کچھ میری نسبت کہا — میں یقین سے جانتا ہوں کہ ہے

وی امسال پیوست با ما وصال — کجا داندم عیب ہفتاد سال

وہ تو اس سال مجھ سے ملا — میرے ستر سال کے عیب کہاں جانے

بہ از من کس اندر جہان عیب من — نداند بجز عالم الغیب من !

میرے عیب جہان میں مجھ سے بہتر — سوائے اللہ کے اور کوئی نہیں جانتا

ندیدم چنین نیک پندار کس — کہ پنداشت عیب من اینست و بس

میں نے اسطرح کا نیک یقین آدمی کوئی نہیں دیکھا کہ — جس نے میرے عیبوں کو صرف اتنا ہی سمجھا ہو

بمحشر گواہ گناہم گر او ست — ز دوزخ نترسم کہ حالم نکوست

اگر قیامت کے دن وہ میرے گناہوں کا گواہ ہے — تو میں دوزخ سے نہیں ڈرتا کیونکہ میرا حال اچھا ہے

گرم عیب گوید بداندیش من ۔ بیا گو ببر نسخہ از پیش من!

اگر میرا دشمن میرا عیب بیان کرتا ہے ۔ تو اس کو کہو کہ ادھر مجھ سے میرے گناہوں کی کتاب لے جا

کسان مرد راہ خدا بودہ اند ۔ کہ برجاس تیر بلا بودہ اند

وہ لوگ خدا کے مرد ہوتے ہیں ۔ جو تیر بلا کا نشانہ بنے ہوئے ہیں

زبان باش تا پوستینت درند ۔ کہ صاحبدلان بار شوخان برند

چپ رہ تاکہ لوگ تیرے عیب بیان کریں ۔ کیونکہ صاحب دل سرپھروں کا بوجھ اٹھاتے ہیں

گر از خاک مردم سبوئی کنند ۔ بسنگش ملامت کنان بشکنند

اگر آدمی کی خاک سے گھڑا بنائیں ۔ تو اس کو ملامت کرنے والے پتھر سے توڑ دیں

حکایت در گستاخی درویشان و حلم پادشاہان

درویشوں کی گستاخی اور بادشاہوں کی بردباری کے بیان میں ذکر

ملک صالح از پادشاہان شام ۔ برون آمدی صبح دم با غلام

بادشاہان شام میں سے ملک صالح نام بادشاہ ۔ صبح کے وقت غلام کیساتھ باہر آیا

بگشتی در اطراف بازار و کوی ۔ برسم عرب نیمہ بربستہ روی

بازار اور ہر گلیوں کی طرف پھرا ۔ رسم عرب کے مطابق آدھا منہ بند کئے ہوئے

کہ صاحب نظر بود و درویش دوست ۔ ہر آنکہ این دو دارد ملک صالح اوست

کیونکہ وہ صاحب نظر اور فقیر دوست تھا ۔ جو شخص ان دونوں خصلتوں کا مالک ہے صالح بادشاہ وہی ہے

دو درویش در مسجدی خفتہ یافت ۔ پریشان دل و خاطر آشفتہ یافت

ایک مسجد میں دو درویشوں کو سویا ہوا پایا ۔ پریشان حال اور پراگندہ دل دیکھا

شب سردشان دیدہ نابردہ خواب ۔ چو حربا تأمل کنان آفتاب!

رات کے جاڑے کی وجہ سے ان کو نیند نہ آتی تھی ۔ اور وہ گرگٹ کی طرح آفتاب کو دیکھ رہے تھے

یکی زان دو میگفت با دیگری ۔ کہ ہم روز محشر بود داوری!

ایک نے ان دونوں میں دوسرے کو کہا ۔ کہ قیامت کے دن بھی کوئی حاکم ہوگا

گر این پادشاہان گردن فراز ۔ کہ در لہو عیش اند با کام و ناز

اگر یہ گردن بلند کرنے والے (مغرور) بادشاہ ۔ جو کہ کھیل عیش مقصد اور ناز میں ہیں

در آیند با عاجزان در بہشت ۔ من از گور سر برنگیرم ز خشت

غریبوں کے ساتھ بہشت میں داخل ہوسکے ۔ تو میں قبر کی اینٹ سے سر نہ اٹھاؤں گا

بہشت برین ملک و ماوای ست
کہ بند غم امروز برپای ماست
بہشت بریں ہمارا ملک اور ہمارے رہنے کی جگہ ہے
کیونکہ غموں کی زنجیر آج ہمارے پاؤں میں ہے

ہمہ عمر ازینان چہ دیدی خوشی
کہ در آخرت نیز زحمت کشی
تمام عمر تو نے ان سے کیا خوشی دیکھی
کہ قیامت کے دن بھی انکی زحمت اٹھائے

اگر صالح آنجا بدیوار باغ
در آید بکفشش بدرم دماغ
اگر صالح نام بادشاہ باغ کی دیوار میں
آئے تو جوتی سے اس کی کھوپڑی پھوڑ دوں

چو مرد این سخن گفت صالح شنید
دگر بودن آنجا مصالح ندید
جب مرد نے یہ بات کہی اور صالح نے سنی
تو پھر اس جگہ رہنا مصلحت نہ سمجھا

دمے رفت تا چشمۂ آفتاب
ز چشم خلایق فروشست خواب
اس وقت صالح گیا یہانتک کہ آفتاب کے چشمہ نے
لوگوں کی آنکھوں سے نیند کو دھو دیا

روان ہر دو کس را فرستاد و خواند
بہیبت نشست و بحرمت نشاند
دو آدمیوں کو بھیجکر ان کو بلایا
رعب کیساتھ بیٹھا اور عزت کیساتھ بٹھایا

بر ایشان ببارید باران جود
و وشست شان گرد ذل از وجود
اور ان پر سخاوت کی بارش کی
اور ذلت کی خاک ان کے بدن سے دھو ڈالی

پس از رنج و سرماؤ باران سیل
نشستند با نامداران خیل!
سردی بارش اور سیلاب کی تکلیف اٹھانیکے بعد
نامور لوگوں کے ساتھ بیٹھے

گدایان بیجامہ شب کردہ روز
معطر کنان جامہ بر عود سوز
فقیر بلا کپڑا رات کو دن کئے ہوئے
عود اور سوز سے کپڑوں کو خوشبودار کئے ہوئے

یکی گفت ازینان ملک را نہان
کہ ای حلقہ در گوش حکمت جہان
ایکنے ان میں سے پوشیدہ طور پر بادشاہ کو کہا
کہ اے تیرے حکم کا فرمانبردار جہان

پسندیدگان در بزرگی رسند
ز ما بندگانت چہ آمد پسند
پسندیدہ لوگ مرتبہ کو پہنچتے ہیں
ہم غلاموں سے تجھے کیا پسند آیا ہے

شہنشہ ز شادی چو گل بر شگفت
بخندید در روی درویش و گفت
بادشاہ خوشی سے پھول کی طرح شگفتہ ہوا
فقیر کے سامنے ہنسا اور کہا

من آنکس نیم کز غرور حشم
ز بیچارگان روی درہم کشم
میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں کہ لشکر کے غرور
غریبوں سے منہ پھیرے رکھوں

توهم بامن از سر بنه خوی زشت — که ناسازگاری کنی در بهشت
تو بھی میرے ساتھ برا سلوک کر — تاکہ بہشت میں مجھ سے ناموافق رہے

من امروز کردم در صلح باز — تو فردا مکن در برویم فراز
میں نے آج صلح کا دروازہ کھولدیا ہے — تو کل قیامت کو میرے لئے دروازہ بند نہ کر

چنین راه گر مقبلی پیش گیر — شرف بایدت دست درویش گیر
اگر تو مقبول ہے تو ایسی راہ اختیار کر — اگر تو بزرگی چاہتا ہے تو فقیر کا ہاتھ پکڑ

بر از شاخ طوبی کسی بر نداشت — که امروز تخم ارادت نکاشت
شاخ طوبی سے اس شخص نے پھل نہ اٹھایا — کہ آج کے دن جس نے اعتقاد کا بیج نہ بویا

ارادت نداری سعادت مجوی — بچوگان خدمت توان برد گوی
اگر تو اعتقاد نہیں رکھتا تو سعادت نہ ڈھونڈ — خدمت کی چوگان سے گیند لیجایا جاسکتا ہے

ترا کی بود چون چراغ التهاب — که از خود پری همچو قندیل از آب
تجھے چراغ کی طرح کس طرح روشنی حاصل ہو — جب تو خود غرضی سے بھرا ہے جیسے قندیل پانی سے

وجودی دهد روشنائی بجمع — که سوزیش در سینه باشد چو شمع
وہی وجود مجلس کو روشنی دیتا ہے — جو سینہ میں شمع کی سوز رکھتا ہو

حکایت اندر محرومی خویشتن بینان

مغرور لوگوں کی بدنصیبی کے بیان میں

یکی در نجوم اندکی دست داشت — ولیک از تکبر سر مست داشت
ایک شخص نجوم میں کچھ مہارت رکھتا تھا — لیکن تکبر کی طرح سرمست رکھتا تھا

سوی گوشیار آمد از راه دور — دلی پر ارادت سری پر غرور
گوشیار نجومی کے پاس بہت دور سے آیا — دل اعتقاد سے بھرا ہوا لیکن سر غرور سے پر

خردمند ازو دیده در دوختی — یکش حرف خدمت نیاموختی
عقلمند نے اس سے چشم پوشی کی — اور خدمت کے متعلق ایک حرف نہ سکھلایا

چو بی بهره عزم سفر کرده باز — بدو گفت دانای گردن فراز
جب بدنصیب نے پھر سفر کا ارادہ کیا — اس سے بلند گردن والے دانا نے کہا

تو خود را گمان برده پر خرد — انائی که پر شد دگر چون برد
تو اپنے آپ پر عقلمندی کا گمان کرتا ہے — جو برتن پہلے بھرا ہو پھر کس طرح بھرا جائے

زدعوی تہی آئی تا پر شوی	تو از خود پری زان تہی می روی
تو اگر دعویٰ سے خالی آتا تو بھر جاتا	تو خودی سے بھرا ہے اس لئے خالی جاتا ہے
زہستی در آفاق سعدیؒ صفت	تہی گرد و باز آئی پر معرفت
جہان میں سعدیؒ کی طرح خودی سے	خالی ہوتا کہ معرفت سے بھرا جائے

حکایت در معنی تسلیم و حق شناسی آن!

تسلیم کی حقیقت اور اس کی حق شناسی

بخشم از ملک بندہ سر بتافت	بفرمود جستن کسش در نیافت
ایک غلام نے غصہ کی وجہ سے بادشاہ سے سر پھیر لیا	بادشاہ نے اسکو ڈھونڈنے کا حکم دیا لیکن انہوں نے نہ پایا
چو باز آمد از راہ خشم و ستیز	بشمشیر زن گفت خونش بریز
جب واپس آیا تو بادشاہ نے غصہ اور لڑائی کی راہ سے	جلاد کو اس کا خون بہانیکا حکم دیا
بخون تشنہ جلاد نامہربان!	برون کردہ چون تشنہ دشنہ زبان
خون کے پیاسے جلاد نامہربان نے	پیاسے کی طرح خنجر باہر نکالی
شنیدم کہ گفت از دل تنگ ریش	خدایا بحل کردمش خون خویش!
سنا میں نے کہ اس زخمی دل غلام نے کہا	اے خدا میں نے اپنا خون اس کو معاف کیا
کہ پیوستہ در نعمت و ناز و نام	در اقبال او بودہ ام دوستکام
کیونکہ ہمیشہ ناز و نعمت اور نام میں	اس کے اقبال میں خوشی و خورم رہا ہوں
مبادا کہ فردا بخون منش!	بگیرند و خرم شود دشمنش
ایسا نہ ہو کہ قیامت کے دن میں خون کے عوض میں کل	اس کو پکڑیں اور اس کے دشمن خوش ہوں
ملک را چو گفت وی آمد بگوش	دگر دیگ خشمش نیاورد جوش
بادشاہ کے کان میں جب اس کی یہ بات پہنچی	پھر اس کے غصہ کی دیگ میں جوش نہ آیا
بسی بر سرش داد بر دیدہ بوس	خداوند رایت شد و طبل کوس
اس کے سر اور آنکھوں کو بہت بوسے دیئے	اور وہ غلام صاحب نشان ڈھول اور نقارہ کا ہوا
برفق از چنان سہمگین جایگاہ	رسانید دہرش بدان پایگاہ
نرمی کی وجہ سے ایسی خوفناک جگہ سے	زمانہ نے اس مرتبہ تک پہنچا دیا
غرض زین حدیث آنکہ گفتار نرم	چو آبست بر آتش مرد گرم!
غرض اس بات سے یہ ہے کہ نرم کلامی	غصہ کے بھرے ہوئے مرد کی آگ پر پانی کی طرح ہے

نہ بینی کہ در معرض تیغ و تیر — بپوشند خفتان صد تو حریر

تو نہیں دیکھتا کہ تیغ و تیر کے میدان میں — ایکسو تہ کے حریر کا چلتہ پہنتے ہیں

تواضع کن ای دوست با خصم تند — کہ نرمی کند تیغ برندہ کند

اے دوست تیز دشمن کے ساتھ عاجزی کر — کیونکہ نرمی کاٹنے والی تلوار کو کند کر دیتی ہے

حکایت در عجز و نیازمندی صالحان

نیک لوگوں کی عاجزی اور خاکساری کے بیان میں

ز ویرانۂ عارف زندہ پوش — یکی را نباح سگ آمد بگوش

ایک گدڑی پوش فقیر کے ویرانہ سے — ایک آدمی کو کتے کی آواز آئی

بدل گفت کوئی سگ اینجا چراست — در آمد کہ درویش صالح کجاست

دل میں کہا کہ کتا یہاں کیوں ہے — اندر آیا تاکہ دیکھے کہ نیک فقیر کہاں ہے

نشان سگ از پیش از پس ندید — بجز عارف آنجا دگر کس ندید

آگے پیچھے کتے کا نشان تک نہ دیکھا — اور سوائے عارف کے اور کسی کو نہ پایا

خجل باز گردیدن آغاز کرد — کہ شرم آمدش بحث آن راز کرد

شرمندگی سے واپس جانے لگا — کیونکہ اس کو اس راز کی بحث سے شرم آئی

شنید از درون عابد آواز پائی — ہلا گفت بر در چہ پائی درای

فقیر نے اندر سے اسکے پاؤں کی آواز سنی — کہا خبردار دروازہ پر کیوں کھڑا ہے اندر آ

نہ پنداری ای دیدۂ روشنم — کز اید رسگ آواز کرد این منم

اے میرے روشن آنکھ تو نہیں جانتا — جو یہاں کتے نے آواز کی وہ میں ہی ہوں

چو دیدم کہ بیچارگی می خرد — نہادم ز سر کبر و رای و خرد

جب میں نے دیکھا کہ خدا عاجزی خریدتا ہے — تو میں نے سر سے عقل اور غرور کو نکال دیا

چو سگ بر درش بانگ کردم بسی — کہ مسکین تر از سگ ندیدم کسی

اس کے دروازہ پر کتا کی طرح بہت آواز کی — کیونکہ میں نے کتا سے زیادہ مسکین کوئی نہیں دیکھا

چو خواہی کہ در قدر والا رسی — ز شیب تواضع بہ بالا رسی

اگر تو چاہتا ہے کہ بلند مرتبہ پر پہنچے — تو عاجزی کی پستی سے بلندی پر پہنچے گا

درین حضرت آنان گرفتند صدر — کہ خود را فراتر نہادند قدر

اس دربار میں انہوں نے عزت کی جگہ لی — جنہوں نے اپنے مرتبہ کو بہت نیچے رکھ

چو سیل اندر آمد بہول و نہیب — فتاد از بلندی بسر در نشیب
جب سیلاب زور شور میں آیا — تو بلندی سے سر کے بل زمین پر گر پڑا

چو شبنم بیفتاد مسکین و خرد — بگرد کافتابش بعیوق برد
جب شبنم مسکین اور عاجز ہو کر گر پڑی — دیکھ آفتاب اس کو بلندی پر لے گیا

حکایت حاتم اصم و سیرت او در تواضع

حاتم اصم اور عاجزی میں اس کی سیرت کا بیان

گروہی برآنند از اہل سخن — کہ حاتم اصم بود باور مکن!
مورخین کا ایک گروہ اس پر متفق ہے — کہ حاتم بہرے تھے اس کو باور نہ کر

برآمد طنین مگس بامداد — کہ در چنبر عنکبوتی فتاد
صبح کے وقت مکھی کی آواز آئی — کہ وہ مکڑی کے جالے میں گر پڑی

ہمہ ضعف و خاموشیش کید بود — مگس قند پنداشتش قید بود
اس کی کمزوری اور خاموشی مکر تھی — مکھی نے اس کو قند سمجھا اور قید ہو گئی

نگہ کرد شیخ از سر اعتبار — کہ ای پای بند طمع پای دار
شیخ نے عبرت کی نظر سے دیکھا — اے طمع کے قیدی ٹھیر جا

نہ ہر جا شکر باشد و شہد و قند — کہ در گوشہا دام بازست و بند
ہر جگہ شکر شہد اور قند نہیں ہوتی — بلکہ کونوں میں جال اور قید موجود ہے

یکی گفت ازان حلقۂ اہل رائی — عجب دارم ای مرد راہ خدائی
عقلمندوں کے حلقہ میں سے ایک نے کہا — اے راہ خدا کے مرد مجھے تعجب ہے

مگس را تو چون فہم کردی خروش — کہ مارا بدشواری آمد بگوش
مکھی کا شور تو نے کس طرح سن لیا — کہ جو ہمارے کانوں میں مشکل سے آیا

تو آگاہ گردی ببانگ مگس — نشاید اصم خواندنت زین سپس
تو جو مکھی کی آواز سے خبردار ہو گیا ہے — اس کے بعد تم حاتم بہرا نہیں کہنا چاہیئے

تبسم کنان گفتش ای تیز ہوش — اصم بہ کہ گفتار باطل نیوش
مسکراتے ہوئے کہا کہ اے تیز ہوش — بہرا ہونا بہتر ہے بہ نسبت اسکے جو جھوٹی باتوں کو سنے

کسانیکہ بامن خلوت درآند — مرا عیب پوش و ہنر گسترآند
وہ لوگ جو میرے ساتھ خلوت میں ہیں — میرے عیب پوشیدہ کہنے والے اور ہنر ظاہر کرنیوالے ہیں

چو پوسیده دارندم اخلاق دون
جب میرے برے اخلاق کو چھپاتے ہیں
کنند ہمتم زیر نخوت زبون
تو مجھ کو خودی بغرور تکبر خراب کرتا ہے

فرا می نمایم که می نشنوم
میں ظاہر کرتا ہوں کہ میں نہیں سنتا
مگر کس تکلف مبرّا شوم
شاید تکلیف سے بری ہو جاؤں

چو کالیو دانندم اہل نشست
جب بیوقوف لوگ مجھ کو اپنے پاس بیٹھنے والا جانیں
بگویند نیک و بدم ہر چہ ہست
تو میری نیکی اور بدی جو کچھ بھی ہو کہدیں

اگر بد شنیدن نیاید خوشم
اگر مجھ کو برا سننا اچھا معلوم نہیں دیتا
ز کردار بد دامن اندر کشم
تو مجھے چاہیئے کہ برے کاموں سے بچوں

بحبل ستائش فرا چہ مشو
تعریف کی رسی کے ساتھ کنوئیں میں مت گر
چو حاتم اصم باش و غیبت شنو
حاتم کی طرح بہرا بن اور غیبت سن

سعادت نجست و سلامت نیافت
اس نے سلامتی نہ ڈھونڈھی اور سلامتی نہ پائی
که گردن ز گفتار سعدیؒ بتافت
جس نے سعدیؒ کی باتوں سے گردن پھیری

ازین بہ نصیحت گری بایدت
اس سے اچھا تجھکو نصیحت کرنیوالا چاہیئے
ندانم پس از وی چہ پیش آیدت
میں نہیں جانتا کہ اسکے بعد تجھے کیا پیش آئے

حکایت زاہد و دزد

ایک پرہیزگار اور چور کی حکایت

عزیزی در اقصای تبریز بود
ایک عزیز تبریز کی طرف رہتا تھا
که ہمواره بیدار و شب خیز بود
ہمیشہ جاگنے والا اور رات کو اٹھنے والا تھا

شبی دید جائی که دزدی کمند
ایک رات اس نے دیکھا کہ ایک چور نے کمند
بہ پیچید و بر طرف بامی فگند
لپیٹی اور ایک مکان پر پھینکدی

کسان را خبر کرد و آشوب خاست
لوگوں کو اس نے خبر دی اور شور مچایا
ز ہر نی مرد با چوب خاست
لوگ ہر طرف لاٹھیاں لے کر اٹھے

چو نامردم آواز مردم شنید
جب نامرد نے آدمیوں کی آواز سنی
میان خطر جائی بودن ندید
تو خطرہ میں کھڑے ہونے کی جگہ نہ پائی

نہیبی ازان گیر و دار آمدش
اس دار و گیر سے اس کو خوف آیا
گریزی بوقت اختیار آمدش
اور اس وقت اس نے بھاگنا اختیار کیا

ز رحمت دل پارسا موم شد	که شب دزد بیچاره محروم شد
رحم سے نیک آدمی کا دل موم ہو گیا	کہ رات کو چور بیچارہ محروم واپس گیا
بتاریکی از وی فراز آمدش	براه دگر پیش باز آمدش
اندھیرے میں اس کے سامنے آیا	دوسرے راستہ سے پھر اس کے آگے آیا
که یارا مرو کآشنای توام	بمردانگی خاکپای توام
کہ اے دوست نہ جا میں تیرا آشنا ہوں	مردانگی میں میں تیرے پاؤں کی خاک ہوں
ندیدم بسرپنجگی چون تو کس	که جنگ آوری بر دو نوع است بس
میں نے تیری طرح کسی کو بہادر نہیں دیکھا	کیونکہ جنگ صرف دو قسم پر ہے
یکی پیش خصم آمدن مردوار	دوم جان بدر بردن از کارزار
ایک تو دشمن کے سامنے مردوں کی طرح آنا	دوم میدان سے اپنی جان کو سلامت لیجانا
بدین هر دو خصلت غلام توام	چه نامی تو مولای نام توام
ان دو خصلتوں کی وجہ سے میں تیرا غلام ہوں	تیرا کیا نام کیونکہ میں تیرے نام کا غلام ہوں
گرت رای باشد بحکم کرم	بجائی که میدانمت ره برم
اگر مہربانی سے تیری رائے ہو	تو جو جگہ میں جانتا ہوں وہاں تجھ کو لیجاؤں
سرائیست کوتاه و در بسته سخت	نه پندارم آنجا خداوند رخت
ایک چھوٹا سا گھر ہے لیکن دروازہ مضبوط بند ہے	وہاں کے اسباب کے مالک کو میں نہیں جانتا ہوں
کلوخی دو بالای هم برنهیم	یکی پای بر دوش دیگر نهیم
ایک دو ڈھیلے نیچے اوپر رکھ لیں	اور ایک دوسرے کے کندھوں پر پاؤں رکھیں
بچندانکه در دستت افتد بساز	ازان به که گردی تهیدست باز
جس قدر تیرے ہاتھ لگے موافقت کر	اس سے بہتر ہے کہ تو خالی ہاتھ جائے
بدلداری و چاپلوسی و فن	کشیدش سوی خانهٔ خویشتن!
دلداری خوشامد اور فریب سے	اس کو اپنے گھر کی طرف لایا
جوانمرد شب رو فرو داشت دوش	بکتفش بر آمد خداوند هوش
رات کے چلنے والے جوانمرد نے کندھا جھکایا	اور وہ فقیر اس کے کندھوں پر چڑھا
بغلطاق و دستار و رختی که داشت	ز بالا بدامان او در گذاشت
ٹوپی پگڑی اور جو اسباب کہ رکھتا تھا	اوپر سے اس چور کے دامن میں رکھدیا

وزانجا برآورد غوغا دزد — ثواب ای جوانان و یاری و مزد

پھر اسجگہ شور کیا کہ چور — اے جوانوں میری مدد سے ثواب حاصل کرو

بدر جست از آشوب دزد دغل — دوان جامۂ پارسا در بغل

کھوٹا چور شور کی وجہ سے باہر کودا — دوڑتا ہوا فقیر کے کپڑے بغل میں لئے ہوئے

دل آسودہ شد مرد نیک اعتقاد — کہ سرگشتہ را بر آمد مراد

وہ مرد نیک اعتقاد آسودہ دل ہوا — کہ ایک پریشان کی مراد پوری ہوئی

خبیثی کہ بر کس ترحم نکرد — بہ بخشود بروی دل نیک مرد

ایک خبیث جس نے کسی پر مہربانی نہیں کی — ایک نیک دل کے مرد نے اس پر بخشش کی

عجب نیست در سیرت بخردان — کہ نیکی کنند از کرم بر بدان

عقلمندوں کی خصلت سے تعجب نہیں ہے — کہ بخشش کی وجہ سے بروں پر نیکی کریں

در اقبال نیکاں بدان می زیند — وگرچہ بدان اہل نیکی نیند

نیکوں کے اقبال میں برے لوگ جیتے ہیں — چاہے اگرچہ برے نیکی کے قابل نہیں ہیں

حکایت در معنی جفائی دشمن از بہر دوست

دوست کے لئے دشمن کی جفاؤں کی — حقیقت کے بیان میں

یکی را چو سعدی دلی سادہ بود — کہ با سادہ روئی بر افتادہ بود

ایک شخص کا دل سعدی کی طرح سادہ تھا — کہ ایک سادہ رو یعنے معشوق کے ساتھ لگا ہوا تھا

جفا بردی از دشمن سخت گوئی — ز چوگان سختی بجستی چو گوئی!

سخت کلام دشمن کی جفائیں برداشت کرتا تھا — اور سختی کی چوگان میں گیند کی طرح اچھلتا تھا

ز کس چین برابرو نینداختی — ز بازی بہ تندی نپرداختی!

اور کسی شخص سے ابروں پر بل نہ ڈالتا — اور ہنسی سے غصہ کی طرف نہ آتا

یکی گفتش آخر ترا ننگ نیست — خبر زین ہمہ سیلی و سنگ نیست

ایک نے اسے کہا کہ آخر تجھے شرم نہیں آتی — اور اس تمام پتھر اور گردنی سے خبر نہیں

تن خویشتن سغبہ دونان کنند — ز دشمن تحمل زبونان کنند

کمینہ لوگ اپنے بدن کو ذلیل کرتے ہیں — اور دشمن سے تحمل کمزور کرتے ہیں

نشاید ز جاہل خطا در گذاشت — کہ گویند یارا و مردی نداشت

جاہل کی خطا سے درگذر نہ کرنا چاہیئے — کیونکہ لوگ کہیں گے کہ طاقت اور جوانمردی نہ رکھتا تھا

چہ خوش گفت شیدای شوریدہ سر — جواب کہ شاید نبشتن بہ زر
ایک عاشق شوریدہ سر نے کیا اچھا کہا ہے — وہ ایسا جواب ہے جو سونے سے لکھنا چاہئے

دلم خانۂ مہر یارست و بس — ازاں می نگنجد درو کین و کس
میرا دل یار کی محبت کا گھر ہے — اس سبب سے اس میں کسی کا کینہ نہیں سماتا

چہ خوش گفت بہلول فرخندہ خوئی — کہ بگذشت بر عارف جنگجوئی
بہلول مبارک خصلت نے کیا اچھا کہا ہے — جب کہ وہ ایک جنگجو عابد کے پاس سے گئے

کہ این مدعی دوست بشناختی — بہ پیکار دشمن نپرداختی
اگر یہ مدعی دوست کو پہچان لیتا — تو دشمن کے ساتھ لڑائی میں مشغول نہ ہوتا

گر از ہستی حق خبر داشتی — ہمہ خلق را نیست پنداشتی
اگر حقتعالے کی ہستی سے خبر رکھتا — تو تمام مخلوق کو فانی سمجھتا

حکایت لقمان حکیم با بغدادی

لقمان حکیم اور ایک بغداد کے شخص کی حکایت

شنیدم کہ لقمان سیہ فام بود — نہ تن پرور و نازک اندام بود
سنا میں نے کہ لقمان سیاہ رنگ کے تھے — تن پرور اور نازک اندام نہ تھے

یکی بندۂ خویش پنداشتش — بہ بغداد در کارِ گل داشتش
ایک شخص نے ان کو اپنا بندہ غلام سمجھا — اور بغداد میں مزدوری مٹی کے کام میں لگا دیا

بسالی سرائی بپرداختش — کس از بندہ خواجہ نشناختش
ایک سال تک انہوں نے مکان بنایا — کسی نے بھی اس شخص کے غلام اور ان میں تمیز نہ کی

چو پیش آمدش بندۂ رفتہ باز — ز لقمانش آمد نہیبی فراز
جب اس کا غلام گیا ہوا پھر واپس آیا — تو اس کو لقمان سے ڈر لگنے لگا

بپایش در افتاد و پوزش نمود — بخندید لقمان کو پوزش کہ سود
ان کے پاؤں پر گر پڑا اور عذر خواہی کی — لقمان ہنسے کہ عذر خواہی سے کیا فائدہ

بسالی ز جورت جگر خون کنم — بیکساعت از دل بدر چون کنم
ایک سال تیرے ظلم سے جگر خون کر دوں — تو ایک ساعت میں اس کو دل سے کیسے نکال دوں

ولی ہم بہ بخشایم ای نیکمرد — کہ سود تو ما را زیانی نکرد
لیکن میں پھر بھی معاف کر دیتا ہوں — کیونکہ تیرے نفع نے میرا نقصان نہیں کیا

تو آباد کردی شبستانِ خویش	مرا حکمت و معرفت گشت بیش
تونے اپنا محل آباد کر لیا	اور مجھے حکمت و معرفت میں ترقی ہوئی
غلامیست در خیلم ای نیکبخت	کہ فرمایمش وقت ہای کارِ سخت
اے نیک بخت میرے گھر میں ایک غلام ہے	اکثر اوقات اس کو مشکل کام کے لئے کہتا ہوں
دگر رہ نیازارمش سخت دل	چو یاد آیدم سختی کارِ گل
دوسری دفعہ میں اس کا دل سخت نہ ستاؤنگا	جب مجھکو مٹی کے کام کی سختی یاد آئیگی
ہر آنکس کہ جورِ بزرگان نبرد	نسوزد دلش بر ضعیفانِ خرد
جس شخص نے بزرگوں کی سختی برداشت نہ کی	اس کا دل کمزور چھوٹوں پر نہ جلے گا
چنین گفت بہرام شہ با وزیر	کہ دشخوار باز یردستان مگیر
بہرام بادشاہ نے وزیر سے یہ کہا	کہ کمزور لوگوں پر سختی نہ کر
گر از حاکمان سختت آید سخن	تو بر زیردستان درشتی مکن
اگر حاکم لوگ تجھ پر سختی کریں	تو تو اپنے ماتحت لوگوں پر سختی نہ کر

حکایت جنید بغدادی و سیرتِ او در تواضع !

حضرت جنید بغدادی کی خصلت عاجزی میں حکایت

شنیدم کہ در دشت صنعا جنید	سگی دیدہ بر کندہ دندانِ صید
سنا میں نے کہ صنعا کے جنگل میں جنید نے	ایک کتے شکار کرنے والے کے دانت اکھڑے دیکھے
ز نیروی سر پنجۂ شیر گیر	فرو ماندہ عاجز چو روباہِ پیر
شیر پکڑنے والے پنجہ کی طاقت سے	اب وہ ایک کمزور بوڑھی لومڑی کی طرح ہو گیا
پس از غرم و آہو گرفتن بپی	لگد خوردہ از گوسپندانِ حی
پہاڑی بکری اور ہرن پکڑنے کے بعد	اب وہ محلہ کی بکریوں سے لاتیں کھاتا تھا
چو مسکین و بیطاقتش دید و ریش	بدو داد یک نیمہ از زاد خویش
جب اس کو مسکین بے طاقت اور زخمی دیکھا	تو اپنے توشہ میں سے اس کو آدھا دیدیا
شنیدم کہ می گفت و خون می گریست	کہ داند کہ بہتر ز ما ہر دو کیست
سنا میں نے حضرت جنید کہتے تھے اور روتے تھے	کون جانتا ہے کہ ہم دونوں میں سے کون بہتر ہے
بظاہر من امروز ازین بہترم	دگر تا چہ راند قضا بر سرم
بظاہر تو آج میں اس سے بہتر ہوں	پھر دیکھئے قضا میرے سر پہ کیا جاری کرتی ہے

کرم پای ایمان نہ لغزد زجای ‌‌ ‌‌ بسر بر نہم تاج عفوی خدای

اگر میرے ایمان کے پاؤں جگہ سے نہ ہلے ‌‌ ‌‌ تو میں پھر خدا کی بخشش کا تاج سر پر رکھوں

وگر کسوت مغفرت در برم ‌‌ ‌‌ نماند بہ بسیار ازین کمترم

اور اگر مغفرت کا جامہ میرے بدن پر ‌‌ ‌‌ نہ رہا تو میں اس سے بہت کمتر ہوں

کہ سگ با ہمہ زشت نامی چو مرد ‌‌ ‌‌ مر او را بدوزخ نخواہند برد

کیونکہ کتا جب باوجود اس تمام بدنامی کے مرا ‌‌ ‌‌ تو اس کو دوزخ کی راہ پر نہ لیجائیں گے

رہ اینست سعدی کہ مردان راہ ‌‌ ‌‌ بعزت نکردند در خود نگاہ

ای سعدی راستہ یہ ہے کہ خدا کے راہ پر چلنے والوں ‌‌ ‌‌ اپنے آپ کو عزت کی نگاہ سے نہ دیکھا

ازین بر ملایک شرف داشتند ‌‌ ‌‌ کہ خود را بہ از سگ نہ پنداشتند

اور اسی وجہ سے وہ فرشتوں سے افضل تھے ‌‌ ‌‌ کہ اپنے آپ کو وہ کتے سے بہتر نہ جانتے تھے

حکایت پارسا و بربط زن

ایک نیک آدمی اور ایک بربط بجانے والے کی حکایت

یکی بربطی در بغل داشت مست ‌‌ ‌‌ بشب بر سر پارسائی شکست

ایک مست آدمی بغل میں بربط لئے ہوئے تھا ‌‌ ‌‌ رات کے وقت ایک پارسا کے سر پر توڑ دی

چو روز آمد آن نیکمرد سلیم ‌‌ ‌‌ بر سنگدل برد یکمشت سیم

جب دن ہوا تو وہ نیک فطرت مرد ‌‌ ‌‌ ایک مٹھی روپوں کی اس سنگدل کے پاس لے گیا

کہ دوشینہ مغرور بودی و مست ‌‌ ‌‌ ترا و مرا بربط و سر شکست

کہ کل رات جب تو مغرور و مست تھا ‌‌ ‌‌ تیری بربط اور میرا سر ٹوٹ گیا

مرا بہ شد آن زخم و برخاست بیم ‌‌ ‌‌ ترا بہ نخواہد شد الا بسیم

میرا زخم اچھا ہوگیا اور درد جاتا رہا ‌‌ ‌‌ لیکن تیرا بربط سوائے روپیہ کے اچھا نہ ہوگا

ازین دوستان خدا بر سرند ‌‌ ‌‌ کہ از خلق بسیار بر سر خورند

اسی سبب سے خدا کے دوست غالب ہیں ‌‌ ‌‌ کہ لوگوں سے بہت درد دکھ برداشت کرتے ہیں

حکایت در معنی صبر مردان بر جفائی نااہلان

نااہل لوگوں کی جفاؤں پر خدا کے مردوں کے صبر کی حکایت

شنیدم کہ در خاک وخش از مہان ‌‌ ‌‌ یکی بود در کنج خلوت نہان

سنا میں نے کہ شہر وخش کی زمین کے بزرگوں میں سے ‌‌ ‌‌ ایک بزرگ کنج خلوت میں پوشیدہ تھے

مجرد بمعنی نہ عارف بہ دلق
حقیقت میں آزاد نہ گدڑی پہنے ہوئے فقیر
کہ بیرون کند دست حاجت بخلق
کہ دست حاجت لوگوں کے سامنے پھیلائے

سعادت گشادہ دری سوی او
نیک بختی نے اس پر دروازہ کھولدیا تھا
در از دیگران بستہ روی او
اور دوسروں کے دروازے اس پر بند تھے

زبان آوری بیخرد سعی کرد
ایک بیوقوف شاعر نے کوشش کی
زشوخی بہ بدگفتن نیکمرد
بیہودگی سے اس نیک مرد کو برا کہنے میں

کہ زنہار ازین مکر و دستان و ریو
کہ اس مکر حیلہ و فریب سے پناہ
بجای سلیمان نشستن چو دیو
کہ سلیمان کی جگہ میں دیو کی طرح بیٹھنا

دمادم بشویند چون گربہ روی
اور گھڑی گھڑی بلی کی طرح منہ دھوتے ہیں
طمع کردہ در صید موشان کوی
گلی کے چوہوں کے شکار کا لالچ کرتے ہیں

ریاضت کش از بہر نام و غرور
نام اور غرور کے لئے ریاضت کرنے والے
کہ طبل تہی را رود بانگ دور
کیونکہ خالی ڈھول کی آواز بہت دور جاتی ہے

ہمی گفت و خلقی برو انجمن
شاعر یہ کہتا تھا اور لوگ جمع تھے
بر ایشان تفرج کنان مرد و زن
اور مرد و عورت اس پر خوشی کرتے تھے

شنیدم کہ بگریست دانای وخش
سنا میں نے کہ وخش کا رہنے والا دانا رو دیا
کہ یارب مر این مرد را توبہ بخش
کہ اے رب اس شخص کو خاص توبہ کی توفیق بخش

وگر راست گفت ای خداوند پاک
اگر اے خدائے پاک اس نے سچ کہا ہے
مرا توبہ دہ تا نگردم ہلاک
تو مجھے توبہ کی توفیق دے تاکہ میں ہلاک نہ ہوں

پسند آمدم از عیب جوئی خودم
مجھے اپنے عیب ڈھونڈھنے والے کی یہ بات پسند آئی
کہ معلوم من کردہ خوئی بدم
کہ اس نے میری بری عادت مجھ پر ظاہر کردی

گر آنی کہ دشمنت گوید مرنج
اگر تو وہی ہے جو تجھ کو دشمن کہتا ہے تو رنج نہ کر
وگر نیستی گو برو باد سنج
اور اگر تو نہیں ہے تو اسکو کہو کہ ہوا کو تول

وگر ابلہی مشک را گندہ گفت!
اور اگر ایک بیوقوف نے مشک کو گندہ کہدیا
تو مجموع شو گو پراگندہ گفت
تو تو اطمینان رکھ کہ اس نے پراگندہ بات کہی

نہ آئین عقل است و رائی خرد
رائے سمجھداری اور عقل کا طریقہ یہ نہیں ہے
کہ دانا فریب مشعبد خورد
کہ عقلمند آدمی بازیگر کا دھوکا کھائے

پس کار خویش آنکہ عاقل نشست
جس شخص نے اپنا کام عقلمندی سے کیا
زبان بد اندیش بر خود ببست
تو اس نے بد اندیش کی زبان اپنے لئے بند کر دی

تو نیکو روش باش تا بد سگال
تو نیک چلن رہ تاکہ دشمن
نیابد بنقص تو گفتن مجال
تیرے نقصان کی بات کہنے کی مجال نہ رکھے

چو دشخوار آید ز دشمن سخن
جب دشمن کی باتوں سے تجھے سختی پہنچے
تو بر زیر دستان درشتی مکن
تو تو کمزور لوگوں پر سختی نہ کر

جز آنکس ندانم نکو گوئے من
میں اس شخص کے سوا اپنا خیر خواہ کسی کو نہیں سمجھتا
کہ روشن کند بر من آہوئے من
کہ جو مجھ پر میرے عیب ظاہر کرے

حکایت امیر المومنین حضرت علیؓ و سیرت آنہا در تواضع

حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور آپ کی خصلت عاجزی کے بیان میں

کسی مشکلی برد پیش حضرت علیؓ !
کوئی شخص ایک مشکل حضرت علیؓ کے پاس لیگیا
مگر مشکلش را کند منجلی
تاکہ وہ اس کی مشکل کو حل کریں

امیر عدو بند کشور کشائے
امیر دشمن کے قید کرنیوالے اور ملک کے فتح کرنیوالے نے
جوابش بگفت از سر علم و رائے
علم و عقل کی راہ سے اس کو جواب دیا

شنیدم کہ شخصی در ان انجمن
سنا میں نے ایک شخص نے اس مجلس سے
بگفتا چنین نیست یا ابو الحسن !
کہا کہ اے حسن کے باپ یہ اس طرح نہیں ہے

نرنجید از و حیدر نامجوئے
نامور حیدر اس سے رنجیدہ نہ ہوئے
بگفت از تو دانی ازین بہ بگوئے
کہا اگر تو اس سے بہتر جانتا ہے تو کہو

بگفت آنچہ دانست و پاکیزہ گفت
جو کچھ وہ جانتا تھا کہا اور اچھا کہا
بگل چشمۂ خور نشاید نہفت !
مٹی سے آفتاب کا چشمہ نہیں چھپایا جا سکتا

پسندید از شاہ مردان جواب
شاہ مرداں نے اس کا جواب پسند کیا
کہ من بر خطا بودم او بر صواب
کہ میں غلطی پر تھا اور وہ راستی پر ہے

بہ از من سخن گفت و دانا یکیست
مجھ سے اچھی بات کہی اور دانا صرف ایک خدا ہی ہے
کہ بالاتر از علم او علم نیست !
کہ اس کے علم سے بڑھ کر کوئی علم نہیں ہے

گر امروز بودی خداوند جاہ
اگر آج کے دن کوئی صاحب مرتبہ ہوتا
نکردی خود از کبر در وی نگاہ
تو غرور سے اس کی طرف نگاہ نہ کرتا

بدر کردی از بارگاه حاجتش
فرو کوفتندی بناواجبش!

دربار سے اس کو دربان نکال دیتا
اور ناحق اس کو مارتے کوٹتے

کہ من بعد بی آبروئی مکن
ادب نیست پیش بزرگان سخن

کہ اس کے بعد بے عزتی نہ کرے
بزرگوں کے سامنے بات کرنا ادب نہیں ہے

کسی را کہ پندار در سر بود
مپندار هرگز کہ حق بشنود!

جس شخص کے سر میں غرور ہو
یہ خیال نہ کر کہ وہ حق بات سنیگا

ز علمش ملال آید از وعظ ننگ
شقایق بباران نروید ز سنگ

علم سے اس کو رنج اور نصیحت سے شرم آتی ہے
بارش سے پتھر میں لالہ نہیں اُگتا

نہ بینی کہ از خاک افتادہ خوار
بروید گل و بشگفد نوبهار

تو نہیں دیکھتا کہ ہیچ مٹی میں ذلیل ہوکر پڑتا ہے
پھر پھول ہوکر اگتا ہے اور نوبہار ہوکر کھلتا ہے

مریز ای حکیم آستینهای در
کجا بینی از خویشتن خواجہ پُر

اے حکیم آستین سے موتی نہ گرا
جس جگہ تو صاحب کو غرور سے بھرا ہوا دیکھے

بچشم کسان در نیاید کسی
کہ از خود بزرگی نماید بسی

وہ شخص لوگوں کی آنکھوں کو اچھا نہیں لگتا
جو اپنی بزرگی کو بہت ظاہر کرے

مگو تا بگویند شکرت هزار
چو خود گفتی از کس توقع مدار

مت کہو جب تک تیرے مشکور نہ ہوں
جو تو اپنے آپ کہیگا تو شکر کی تو نہ رکھ

حکایت امیرالمؤمنین حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ

حضرت امیرالمومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کی حکایت

گدائی شنیدم کہ در تنگ جائی
نهادش عمر پای بر پشت پای

سنا میں نے کہ ایک فقیر تنگ جگہ میں تھا
حضرت عمرؓ نے اسکی پشت پر پاؤں رکھ دیا

ندانست درویش بیچارہ کوست
کہ رنجیدہ دشمن نداند ز دوست

فقیر بیچارہ نے نہ جانا کہ وہ کون ہے
کیونکہ رنجیدہ آدمی دوست دشمن کی تمیز نہیں رکھتا

برآشفت بروی کہ کوری مگر
بدو گفت سالار عادل عمرؓ

فقیر حضرت پر غصہ ہوا کہ شاید تو اندھا ہے
امیر سالار عادل حضرت عمرؓ نے کہا

نہ کورم ولیکن خطا رفت کار
ندانستم از من گنہ درگذار

میں اندھا تو نہیں لیکن مجھ سے غلطی ہوگئی!
میں نہیں جانتا تھا تو میرا گناہ معاف کر

چه منصب بزرگان دین بوده اند — که بازیر دستان چنین بوده اند
بزرگان دین منصب مزاج تھے — کہ درویشوں کے ساتھ یہ سلوک کرتے تھے

فروتن بود هوشمند گزین — نهد شاخ پر میوه سر بر زمین
پسندیدہ عقلمند عاجز ہوتا ہے — میوہ سے بھری ہوئی شاخ زمین پر سر جھکاتی ہے

بنازند فردا تواضع کنان — نگون از خجالت سر گردنان
کل قیامت کو عاجزی کرنے والے ناز کرینگے — اور مغروروں کا سر شرمندگی سے جھکیگا

اگر می بترسی ز روز شمار — ازان کز تو ترسد خطا در گذار
اگر تو قیامت کے دن سے ڈرتا ہے — تو اس شخص کی خطا درگذر کر جو تجھ سے ڈرتا ہے

مکن چیره بر زیر دستان ستم — که دستیست بالای دست تو هم
اے غالب کمزور لوگوں پر ظلم نہ کر — کیونکہ ایک ہاتھ تیرے ہاتھ پر بھی ہے

یکی خوب کردار خوش خوی بود — که بد سیرتان را نکوگوی بود
ایک شخص نیک عمل نیک مزاج تھا — یہاں تک کہ برے لوگوں کو بھی نیک ہی کہتا تھا

بخوابش کسی چو دیدن در گذشت — که باری حکایت کن از سر گذشت
جب وہ مرا تو کسی نے اس کو خواب میں دیکھا اور پوچھا — کہ اپنی سرگذشت سے ایک حکایت کر

دهانی بخنده چو گل باز کرد — چو بلبل بصوت خوش آغاز کرد!
گل کی طرح ہنسی سے اس نے منہ کھولا — اور ببل کی طرح اچھی آواز سے بولا

بگفتند با من بسختی بسی — که من سخت نگرفتمی بر کسی
فرشتوں نے مجھے سختی سے نہ پوچھا — کیونکہ میں نے کسی پر سختی نہ کی ہوئی تھی

حکایت ذوالنون مصری رحمتہ اللہ علیہ و شکستگی او!

حضرت ذوالنون مصری رحمتہ اللہ علیہ اور آپ کی عاجزی کے بیان میں

چنین یاد دارم که سقای نیل — نکرد آب بر مصر سالی سبیل
مجھے ایسا یاد ہے کہ ایک دفعہ آسمان نے — ایک سال مصر میں بارش کی دعا کی

گروهی سوی کوهساران شدند — بزاری طلبگار باران شدند
ایک گروہ پہاڑوں کی طرف گیا — اور عاجزی سے بارش کی دعا کی

گرستند و از گریه جوی روان — بیاید مگر گریهٔ آسمان
روتے تھے اور انکے رونے سے نہر جاری ہوئی — تا شاید آسمان کو بھی رونا آئے (یعنے بارش برسائے

بذی النون خبر برد از ایشان کسی	کہ بر خلق رنج ست و سختی بسی
ان میں سے ایک شخص حضرت ذوالنون کی طرف گیا	کہ لوگوں پر بہت سختی اور مصیبت ہے
فرو ماندگان را دعائی بکن	کہ مقبول را رد نباشد سخن
حضرت عاجزوں کے لئے دعا کیجئے !	کیونکہ مقبول کی دعا رد نہیں ہوتی
شنیدم کہ ذوالنون بمدین گریخت	بسی بر نیامد کہ باران بریخت
سنا میں نے کہ حضرت ذوالنون مداین کو بھاگ گئے	بہت دن نہ گذرے کہ بارش ہو گئی
خبر شد بمدین پس از روز بیست	کہ ابر سیاہ دل بر ایشان گریست
مداین میں بیس روز کے بعد خبر ہوئی	کہ سیاہ دل بادل انپر رویا ہے (یعنے بارش ہوگئی)
سبک عزم باز آمدن کرد پیر	کہ پر شد بسیل بہاران غدیر
حضرت نے جلد واپس آنے کا ارادہ کیا	کہ بہت بارش سے تالاب بھر گئے
بپرسید از و عارفی در نہفت	چہ حکمت درین رفتنت بود گفت
ایک عارف نے حضرت سے پوشیدگی میں پوچھا	آپ کے جانے میں کیا حکمت تھی
شنیدم کہ بر مرغ و مور و دوان	شود تنگ روزی بفعل بدان !
میں نے سنا ہے پرندوں چیونٹی اور درندوں پر	بداعمال لوگوں کی وجہ سے روزی تنگ ہوجاتی ہے
درین کشور اندیشہ کردم بسی	پریشان تر از خود ندیدم کسی
اس ملک میں میں نے بہت غور کیا	اپنے سے زیادہ گنہگار کسی کو نہ پایا
برفتم مبادا کہ از شر من !	بہ بندد در خیر بر انجمن
تو اس وقت لوگوں میں عزیز ہو گا	کہ خاص اپنے آپ کو کچھ چیز نہ سمجھے گا
توانگہ شوی پیش مردم عزیز	کہ مر خویشتن را نگیری بچیز !
جس بزرگ نے اپنے آپ کو چھوٹا سمجھا	وہ دنیا اور آخرت میں بزرگ ہو گیا
بزرگی کہ خود را بخردی شمرد	بدنیا و عقبیٰ بزرگی ببرد
اس دنیا سے وہ بندہ پاک گیا	جو کسی کمتر آدمی کی پاؤں کی خاک ہوا
ازین خاندان بندۂ پاک شد	کہ در پای کمتر کسی خاک شد
اس جہان سے وہ بندہ پاک گیا	کہ ایک کمتر آدمی کے پاؤں کی خاک ہوا
الا ای کہ بر خاک ما بگذری	بخاک عزیزان کہ یاد آوری
اے شخص جو کہ میری قبر پر گذرے	تجھے عزیزوں کی قسم مجھے یاد کر

که گر خاک شد سعدی او را چه غم — که در زندگی خاک بودست هم
اس واسطے اگر سعدی خاک ہوگیا تو کیا غم — کیونکہ زندگی میں بھی وہ خاک رہا ہے

بہ بیچارگی تن فرا خاک داد — وگر گرد عالم برآمد چو باد
عاجزی سے خاک کو بدن دے دیا — اگرچہ جہان میں ہوا کی طرح آیا

بسی بر نیاید که خاکش خورد — دگر باره بادش بعالم برد
بہت دن نہ گذریں کہ خاک اس کو کھائے — اور دوسری مرتبہ ہوا اس کو جہان میں لیجائے

نگر تا گلستان معنی شگفت — بر و ہیچ بلبل چنین خوش نگفت
دیکھ جب سے معنے کا باغ شگفتہ ہوا — اس پر کسی بلبل (یعنے شاعر) نے ایسا اچھا نہ کہا

عجب گر بمیرد چنین بلبلی — که بر استخوانش نروید گلی
تعجب ہے اگر ایسا بلبل مر جائے — اور اس کی ہڈیوں سے پھول پیدا نہ ہو

باب پنجم در رضا (۵)

پانچواں باب رضا کے بیان میں

شب از بیت فکرت ہمی سوختم — چراغ بلاغت بر افروختم
ایک رات فکر کا روغن میں جلاتا تھا — اور خوش بیانی کا چراغ روشن کرتا تھا

پراگنده گوئی حدیثم شنید — جز احسنت گفتن طریقی ندید
ایک بدگو نے میری باتیں سنیں — سوائے احسنت کہنے کے کوئی چارہ نہ دیکھا

ہم از خبث نوعی در آن درج کرد — که ناچاره فریاد خیزد ز درد
لیکن اس میں ایک طرح کی برائی بھی ملادی — کیونکہ درد سے بے ساختہ آواز اٹھتی ہے

که فکرش بلیغ است و رایش بلند — درین شیوه زہد و طامات و پند
کہ اس کا خیال بلند ہے اور اسکی رائے اونچی ہے — اور وعظ و نصیحت کے اس میں طریقے ہیں

نه در خشت و گوپال و گرز گران — که این شیوه ختم است بر دیگران
لیکن چھوٹے نیزہ اور چھوٹے گرز اور بڑے گرز میں نہیں — بلکہ ان کا بیان کرنا دوسروں پر ختم ہے

نداند که ما را سر جنگ نیست — وگرنه مجال سخن تنگ نیست
نہیں جانتا ہے کہ ہم کو لڑائی کا خیال نہیں — ورنہ بات کرنے کی طاقت کم نہیں ہے

توانم که تیغ زبان برکشم! — جہان سخن را قلم درکشم
میں زبان کی تلوار کو کھینچ سکتا ہوں — اور جہان سخن کو نابود کر سکتا ہوں

بیا تا درین شیوه چالش کنم
آ تا کہ اس طریق میں مقابلہ کریں
سر خصم را سنگ بالش کنم
اور دشمن کے سر کو پتھر کا تکیہ بنائیں

گفتار در صبر و رضا و تسلیم بحکم قضا

حکم خدا کے ساتھ صبر و رضا اور تسلیم کے بیان میں

سعادت بہ بخشایش داور است
نیک بختی اللہ تعالیٰ کی بخشش سے ہے
نہ در چنگ و بازوی زور آور است
طاقتور کے بازو اور پنجہ میں نہیں ہے

چو دولت نہ بخشد سپہر بلند
جب آسمان بلند دولت نہ بخشے
نیاید بمردانگی در کمند
تو جوانمردی سے کمند میں نہیں آتی

نہ سختی رسید از ضعیفی بمور
چیونٹی کو کمزوری سے سختی نہ پہنچی
نہ شیران بسرپنجہ خوردند و زور
اور نہ شیروں نے قوت اور زور سے کھایا

چو نتوان بر افلاک دست آختن
جب آسمان پر نہ پہنچ سکیں
ضروریست باگردشش ساختن
تو اس کی گردش کے ساتھ موافقت ضروری ہے

گرت زندگانی نبشتست دیر
اگر تیری زندگانی دیر تک لکھی ہے
نہ مارت گزاید نہ شمشیر و شیر
تو نہ تجھ کو سانپ کاٹ سکتا ہے نہ تلوار تیز

دگر در حیاتت نماندست بہر
اور اگر تیری زندگی کا حصہ باقی نہیں ہے
چنانت کشد نوشدارو کہ زہر
تو تجھ کو نوشدارو اس طرح مارے جس طرح زہر

نہ رستم چو پایان روزی بخورد
کیا نہیں سنا جب رستم نے آخری روزی کھائی
شغاد از نہادش بر آورد گرد
تو شغاد نے اس کی ذات ہر گرد نکالی یعنی مار ڈالا

حکایت شاطر سپاہانی

سپاہان کے ایک جوانمرد کی حکایت

مرا در سپاہان یکی یار بود
شہر سپاہان میں میرا ایک دوست تھا
کہ جنگ آور و شوخ و عیار بود
لڑائی لڑنے والا اور شوخ عیار تھا

مدامش بخون دست و خنجر خضاب
ہمیشہ اس کے ہاتھ اور خنجر کو خون کا خضاب تھا
بر آتش دل خصم ازو چون کباب
اور اس کے دشمن کا دل آگ پر کباب کی طرح رہتا تھا

ندیدمش روزی کہ ترکش نہ بست
میں نے کسی دن نہیں دیکھا کہ اس نے ترکش نہ باندھا ہو
ز پولاد پیکانش آتش نہ جست
اور اس کے تیر کے فولاد سے آگ نہ نکلی ہو

دلاور بسرپنجهٔ گاوزور	نه هوش بشیران درافتاده شور
گاؤزور کے سرپنجہ سے دلاور	اور اس کی ہیبت سے شیروں میں شور پڑا ہوا تھا
بدعوی چنان ناوک انداختی	که غذرا بهر یک یک انداختی
دعوے کے ساتھ اس طرح تیر مارتا	کہ غذر کو ایک ایک کے ساتھ گراتا
چنان خار در گل ندیدم که رفت	که پیکان او در سپرهای جفت
ایسا خار میں نے پھول میں گیا نہ دیکھا	جیسے اس کے تیر موٹی ڈھالوں میں جاتے تھے
نزد تارکِ جنگجوی بخشت	که خود و سرش را نه درهم سرشت
نہیں کسی لڑنے والے کے سر پر نیزہ مارا	کہ اس کے خود اور سر کو باہم نہ ملایا ہو
چو گنجشک روز ملخ در نبرد	بکشتن چه گنجشک پیشش چه مرد
ٹڈی نکلنے کے دن چڑیا کی طرح لڑائی میں	اس کے سامنے مار ڈالنے میں کیا چڑیا اور کیا آدمی
گرش بر فریدون بدی تاختن	امانش ندادی به تیغ آختن
اگر اس کو فریدوں پر حملہ کرنا ہوتا	تو اس کو تلوار نکالنے کی بھی مہلت نہ دیتا
پلنگانش از زور سرپنجه زیر	فرو برده چنگال در مغز شیر
اس کے سرپنجہ کے زور سے شیر عاجز تھے	شیر کے مغز میں پنجہ لے جاتا
گرفتی کمربند زورآزمای	دگر کوه بودی بکندی زجای
جنگ آزما لوگوں کی کمر کو پکڑتا	اور اگر پہاڑ ہوتا تو اس کو جگہ سے اکھاڑتا
زره پوش را چون تبرزین زدی	گذر کردی از مرد و برزین زدی
زرہ پوش آدمی کو اس طرح تبر مارتا	کہ آدمی سے گذر کر زین پر جا لگتا
نه در مردی او را نه در مردمی	دوم در جهان کس شنید آدمی
جوانمردی میں اور نہ مروت میں اس کا	ثانی کسی نے جہاں میں نہ سنا
مرا یکدم از دست نگذاشتی	که با راست طبعان سری داشتی
مجھ کو اپنے پاس سے ایک لمحہ علیحدہ نہ کرتا	کیونکہ راست طبع آدمیوں سے محبت رکھتا تھا
سفر ناگهم زان زمین در ربود	که عیشم در آن بقعه روزی نبود
ناگہاں ایک سفر نے مجھ کو اس زمین سے جدا کیا	کیونکہ اس جگہ کا عیش میرے نصیب میں نہ تھا
قضا نقل کرد از عراقم بشام	خوش آمد در آن خاک پاکم مقام
خدا نے مجھکو عراق سے شام میں بھیجا	اور مجھے اس جگہ ٹھیرنا اچھا معلوم ہوا

دگر پر شد از شام پیمانه ام	کشید آرزومندی خانه ام
پھر شام سے میرا دل بھر گیا	میرے گھر کی آرزو نے مجھے کھینچا
قضا را چنان اتفاق اوفتاد	که بازم گذر در عراق افتاد
اتفاقاً ایسا اتفاق پڑا	کہ پھر میرا گذر عراق سے پڑا
شبی سر فرو شد باندیشه ام	بدل برگذشت آن هنر پیشه ام
ایک رات میرا سر خیال میں گیا	اور میرے دل میں اس ہنرمند کی یاد پیدا ہوئی
نمک ریش دیرینه ام تازه کرد	که بودم نمک خورده از دست مرد
نمک نے میرے دل کے پرانے زخموں کو زندہ کردیا	کیونکہ میں نے اس مرد کے ہاتھ کا نمک کھایا تھا
بدیدار وی زی سپاهان شدم	بمهرش طلبگار و خواهان شدم
اس کے دیکھنے کے لئے شہر سپاہان کو گیا	اس کی محبت سے اس کا طلبگار اور چاہنے والا ہوا
جوان دیدم از گردش دهر پیر	خدنگش کمان ازغوانش زریر
جوان کو گردش زمانہ سے بوڑھا پایا	اس کا قد کمان کی طرح جھکا ہوا اور سرخ رنگ زرد دیکھا
چو کوه سپیدش سر از برف موی	دوان آبش از برف پیری بروی
سفید بالوں کی برف سے اسکا سر پہاڑ کی طرح سفید دیکھا	اور بڑھاپے کی برف کا پانی اس کے چہرہ پر بہتا تھا
فلک دست قوت برو یافته	سر دست مردیش برتافته
آسمان نے قوت کا ہاتھ اس پر رکھا	اور اس کی جوانمردی کا پنجہ پھیرا
بدر کرده گیتی غرور از سرش	سر ناتوانی بزانوی برش
جہان نے اس کے سر سے غرور باہر کردیا تھا	اور ناتوانی کا سر اس کے زانو پر تھا
بدو گفتم ای سرور شیر گیر	چه فرسوده کردت چو روباه پیر
اس سے میں نے کہا کہ اے شیر کے پکڑنیوالے سردار	کس چیز نے تجھ کو بوڑھی لومڑی کی طرح عاجز کردیا
بخندید کز روز جنگ تتر!	بدر کردم آن جنگجوی ز سر
ہنسا اور کہا کہ تاتار کی جنگ کے بعد سے	میں اس جنگجوئی کو سر سے باہر کردیا
زمین دیدم از نیزه چون نیستان	گرفته علم ها چو آتش دران
میں نے زمین کو نیزہ سے جنگل کی طرح دیکھا	اور آگ کی طرح اس میں جھنڈا لئے ہوئے
برانگیختم گرد هیجا چو دود!	چو دولت نباشد تهور چه سود
اور لڑائی کی گرد کو میں نے دھوئیں کی طرح اڑایا	جب اقبال ہی نہ ہو تو جوانمردی سے کیا فائدہ

من آنم که چون حمله آوردمی
میں وہ ہوں کہ جب حملہ کرتا تھا
برمح از انگشتری بردمی!
تو نیزے سے ہتھیلی میں سے انگوٹھی لے جاتا تھا

ولی چون نکرد اخترم یاوری
لیکن جب میرے ستارہ نے میری مدد نہ کی
گرفتند گردم چو انگشتری
تو انگوٹھی کی طرح مجھ کو گھیر لیا

غنیمت شمردم طریق گریز
میں نے بھاگنے کے راستہ کو غنیمت جانا
که نادان کند با قضا پنجہ تیز
کیونکہ بیوقوف حکم خدا سے پنجہ تیز کرتا ہے

چه یاری کند مغفر و جوشنم
میرا خود اور زرہ میری کیا مدد کرے
چو یاری نکرد اختر روشنم
جب کہ میرے روشن ستارہ نے میری مدد نہ کی

کلید ظفر چون نباشد بدست
جب ہاتھ میں فتح کی کنجی نہ ہو
بباز و در فتح نتوان شکست
تو بازو سے فتح کے دروازہ کو نہیں توڑا جا سکتا

گروہ پلنگ افگن پیل زور
ایک گروہ شیر گرانے والا اور ہاتھی کی طاقت والا
در آهن سر مرد و سم ستور
لوہے میں غرق آدمی کا سر اور گھوڑے کے سم ظاہر تھے

همان دم که دیدیم گرد سپاه
اس وقت جب کہ سپاہ کی گرد دیکھی
زره جامه کردیم و مغفر کلاه
ہم نے زرہ اور خود کی ٹوپی کو پہن لیا

چو ابر اسپ تازی برانگیختیم
بادل کی طرح میں نے عربی گھوڑے کو اٹھایا
چو باران پلالک فرو ریختیم
اور بارش کی طرح تلوار کا جوہر گرایا

دو لشکر بهم بر زدند از کمین!
دونوں لشکروں نے ایک دوسرے پر حملہ کیا
تو گفتی زدند آسمان بر زمین!
تو کہے کہ آسمان کو زمین پر مارا

ز باریدن تیر همچون تگرگ
اولوں کی طرح تیروں کے برسنے سے
بهر گوشه برخاست طوفان مرگ
ہر گوشہ سے موت کا طوفان اٹھا

بصید هژبران پرخاش ساز
شیروں سے لڑنے والوں کے شکار کے لئے
کمند اژدهای دهن کرده باز
اژدہا کی طرح کمندوں نے منہ کھول دیئے

زمین آسمان شد ز گرد کبود
نیلی رنگ کی گرد سے زمین آسمان بن گئی
چو انجم درو برق شمشیر و خود
ستاروں کی طرح اس میں تلواریں اور خود چمکے

سواران دشمن چو دریافتم
جب دشمن کے سواروں کو ہم نے پایا
پیاده سپر در سپر یافتم
تو پیادہ ہو کر ڈھال سے ڈھال ہم نے ملائی

چه زور آورد پنجهٔ جهد مرد	چو بازوی توفیق یاری نه کرد
مرد کی کوشش کا پنجہ کیا زور کرے	جب کہ بازوے توفیق نے اس کی مدد نہ کی
نه شمشیر کند آوران کند بود	که کین آوری اختری تند بود
لڑانے والوں کی تلواریں کند نہ تھیں	بلکہ یہ دشمنی سخت ستارے کی طرف سے تھی
کس از لشکر ما ز هیجا برون	نیامد جز آغشته خفتان بخون
کوئی بھی ہمارے لشکر میں سے لڑائی سے باہر	نہ آیا بغیر چلتہ خون میں آلودہ کئے ہوئے
کسان را نشد ناوک اندر حریر	که گفتیم بدوزند سندان به تیر
حریر میں ان لوگوں کا تیر نہ گیا	کہ میں نے کہا تھا کہ تیرے آہرن کو بیٹھ گئے
چو صد دانه مجموع در خوشهٔ	فتادیم هر دانهٔ گوشهٔ
سو دانہ کی طرح اکٹھا ایک خوشہ میں	علیحدہ علیحدہ دانہ کی طرح ایکطرف کو دجھلکے
بنامردی از هم بدادیم دست	چو ماهی که با جوشن افتد بشست
نامردی کیساتھ ایک دوسرے سے علیحدہ علیحدہ ہوگئے	مچھلی کی طرح بغیر جوشن کے شکار ہو گئے
چو طالع ز ما روی برپیچ بود	سپر پیش تیر قضا هیچ بود
جبکہ مقدر کا چہرہ ہم سے پھرا ہوا تھا	تو ڈھال تیر قضا کے سامنے کچھ نہ تھی

حکایت

یکی آهنی پنجه در اردبیل	همی بگذرانید بیلک ز بیل!
ایک شخص لوہے کے پنجہ والا شہر اردبیل میں	دو شاخہ تیر کو بیلک (زمین کھودنیکا آلہ) میں گذار دیتا تھا
نمد پوشی آمد بجنگش فراز	جوانی جهان سوز پیکار ساز
ایک کمبل لڑائی کے لئے اس کے سامنے آیا	جہان کے جلانیوالا جوان جنگ کرنے والا
بپرخاش جستن چو بهرام گور	کمندی بکتفش بر از خام گور
لڑائی تلاش کرنے میں بہرام گور کی طرح	ایک گور خر کی کھال اس کے کندھے پر
به پنجاه تیر خدنگش نبرد	که یکچو به پیرون نرفت از نمد
خدنگ کے پچاس تیر اس کو مارے	لیکن ایک تیر بھی اس کے کمبل سے باہر نہ گیا
دلاور در آمد چو دستان گرد	بخم کمندش در آورد برد
بہادر دستاں گرد پہلوان کی طرح آیا	کمند کے پیچ اس کو پھانس لیا اور لے گیا
به لشکرگهش برد بر خیمه دست!	چو دزدان خونی بگردن به بست
لشکرگاہ میں خیمہ کے دروازہ پر اس کے ہاتھ	خونی چوروں کی طرح گردن سے باندھ دیئے

شب از غیرت و شرمساری نخفت	سحرگہ پرستاری از خیمہ گفت
رات بھر شرم اور غیرت سے نہ سویا	صبح کے وقت ایک لونڈی نے خیمہ سے کہا
تو کاہن بناوک بدوزی بتیر	نمد پوش را چون فتادی اسیر
تو کہ لوہے اور تیر کو تیر سے سیتا ہے	کمبل پوش کے کس طرح گرفتار ہوگیا
شنیدم کہ میگفت و خون می گریست	ندانی کہ روز اجل کس نہ زیست
سنا میں نے کہ خون روتا تھا اور کہتا تھا	تو نہیں جانتا کہ اجل کے دن کوئی نہیں جیا
من آنم کہ در شیوہ طعن و ضرب	برستم در آموز آداب حرب
میں وہ ہوں کہ نیزہ اور تلوار چلانے میں	رستم کو لڑائی کے ادب سکھاؤں
چو بازوی بختم قوی حال بود	سطبری بیلم نمدی نمود!
جب میرے نصیب کا بازو زبردست تھا	تو بیلچہ کی موٹائی مجھ کو نمدہ معلوم ہوتی تھی
کنونم کہ در پنجہ اقبال نیست	نمد پیش تیرم کم از بیل نیست
اب جب کہ میرے پنجہ میں اقبال نہیں ہے	تو نمدہ میرے تیر کے سامنے بیلچہ سے کم نہیں ہے
بروز اجل نیزہ جوشن درد	زپیراہن بی اجل نگذرد
اجل کے دن نیزہ جوشن پھاڑ دیتا ہے	اور جس کی موت نہ ہو اس کے کپڑے سے نہیں گذرتا
کرا تیغ قہر اجل در قفاست	برہنہ است گر جوشنش چند لاست
جس شخص کے پیچھے موت کے غصہ کی تلوار ہے	وہ برہنہ ہے اگرچہ اس کا جوشن کئی تہ کا ہو
ورش بخت یاور بود دہر پشت.	برہنہ نشاید بساطور کشت!
اور اگر اس کا نصیب یاور ہو اور زمانہ مددگار ہو	وہ ننگا بھی ہو تو تلوار سے نہیں مارا جاسکتا
نہ دانا بسعی از اجل جان ببرد	نہ نادان بناساز خوردن بمرد
نہ کوئی عقلمند کوشش سے موت سے بچ سکا	اور نہ کوئی بیوقوف ناموافق چیز کھانے سے مرگیا

حکایت طبیب و کرد

ایک حکیم اور گنوار کی حکایت

شبی کردی از درد پہلو نخفت	طبیبی دران ناحیت بود گفت
ایک رات ایک گنوار درد پہلو کی وجہ سے نہ سویا	اس طرف ایک حکیم تھا اس نے کہا
ازین دست کو برگ رزمی خورد	عجب دارم ار شب بپایان برد
اس وجہ سے کہ وہ انگور کے پتے کھاتا ہے	مجھے تعجب ہے کہ وہ رات بسر کرسکے یعنی نہ مرے

که در سینه پیکان تیر تتار — به از نقل ماکول ناسازگار

اس سے تیر تاتار کا پیکان سینہ میں — بہتر ہے غذائے غیر موافق سے

گر افتد بیک لقمه در روده پیچ — همه عمر نادان برآید بهیچ

اگر ایک لقمہ سے آنتوں میں اینٹھن پڑ جائیں — تو بیوقوف کی تمام عمر بے چینی سے گذرے

قضا را طبیب اندران شب بمرد — چهل سال ازین رفت زنده است کرد

اتفاقاً حکیم اس رات مر گیا — اور کرد اس کے بعد چالیس سال تک زندہ رہا

حکایت

یکی روستائی سقط شد خرش — علم کرد بر تاک بستان سرش

ایک کسان کا گدھا مر گیا — اس نے باغ کی ٹٹی پر اس کا سر لٹکا دیا

جهاندیده پیری برو بر گذشت — چنین گفت خندان بناطور دشت

ایک جہاندیدہ بوڑھے کا اس پر گذر ہوا — اور اس جنگل کے نگہبان کو ہنستے ہوئے کہا

مپندار جان پدر کین حمار — کند دفع چشم بد از کشت زار

باپ کی جان یہ نہ سمجھ کہ یہ گدھا — بری نظر کو کھیت سے دور کریگا

که این دفع چوب از سر و گوش خویش — نمی کرد تا ناتوان مرد و ریش

کیونکہ یہ گدھا اپنے سر اور کان سے لکڑی کو دفع — اپنی زندگی میں دفع نہیں کرتا تھا یہانتک کہ ناتواں زخمی مرگیا

چه داند طبیب از کسی رنج برد — که بیچاره خواهد خود از رنج مرد

حکیم کسی کی تکلیف کو رفع کرنا کیا جانے — بلکہ بیچارہ خود رنج سے مر گیا

حکایت

شنیدم که دیناری از مفلسی — بیفتاد و مسکین بجستش بسی

میں نے سنا ایک مفلس سے ایک دینار — گر پڑا اور اس مسکین نے بہت تلاش کیا

بآخر سر ناامیدی بتافت — یکی دیگرش ناطلب کرده یافت

آخر اس نے ناامیدی کا سر پھیرا — اور ایک شخص نے بلا تلاش کئے اس کو پا لیا

به بدبختی و نیکبختی قلم — بگردید و ما همچنان در شکم

بدبختی اور نیک بختی کے ساتھ قلم — پھر گیا اور ہم اسی طرح ماں کے پیٹ میں تھے

نه روزی بسر پنجگی می خورند — که سر پنجگان تنگ روزی ترند

روزی زور کی وجہ سے نہیں کھاتے ہیں — بلکہ زور آور زیادہ تنگ روزی ہیں!

حکایت

فرو کوفت پیری پسر را بچوب — بگفت ای پدر بیگناهم مکوب

ایک بوڑھے نے اپنے لڑکے کو لکڑی سے مارا — لڑکے نے کہا اے باپ مجھ کو بے گناہ نہ مار

توآن بر تو از جور مردم گریست
ولی چون تو جورم کنی چاره چیست

لوگوں کے ظلم سے میں تیرے سامنے رو سکتا ہوں
اگر تو ظلم کرے تو پھر کیا تدبیر ہے

بداور خروشند خداوند هوش
نه از دست داور برآرد خروش

صاحب عقل آدمی خدا کے پاس فریاد کرتا ہے
خدا کے ہاتھ سے شور نہیں کرتا

حکایت

بلند اختری نام او بختیار
قوی دستگه بود و سرمایه دار

ایک بلند ستارے والا جس کا نام بختیار تھا
بڑا صاحب مال اور صاحب مقدور تھا

همون را دران لقعه زر بود و مال
دگر تنگدستان پرگشته حال

اس کے پاس اس جگہ مال اور روپیہ تھا
اور دوسرے لوگ تنگدست اور پریشان حال ہے

زنی جنگ پیوست با شوی خویش
شبانگه چو رفتش تهیدست پیش!

ایک عورت اپنے خاوند سے لڑنے لگی
رات کے وقت جبکہ وہ خالی ہاتھ اسکے پاس گیا

که کس چون تو بدبخت درویش نیست
چو زنبور سرخت جز این نیش نیست

کوئی شخص بھی تیری طرح غریب و بدبخت نہیں
سرخ بھڑکی طرح سوائے ڈنگ تیرے پاس کچھ نہیں

بیاموز مردی ز همسایگان
که آخر نیم قحبهٔ رایگان

جوانمردی ہمسایوں سے سیکھ
کہ آخر میں بد عصمت عورت نہیں ہوں

کسان را زر و سیم و ملک است و رخت
چرا همچو ایشان نه نیکبخت!

لوگوں کے پاس سونا چاندی اور مال ہے
تو ان کی طرح خوش نصیب کیوں نہیں

برآورد صافی دل صاف پوش
چو طبل از تهی گاه خالی خروش

گدڑی پہننے والے صاف دل نے
ڈھول کی طرح خالی یعنی مصفا دل سے یوں کہا

که من دست قدرت ندارم بهیچ
بسرپنجه دست قضا بر مپیچ

کہ میں کسی چیز پر قدرت کا ہاتھ نہیں رکھتا
زور کے ساتھ قضا کا ہاتھ نہ مروڑ

نکردند در دست من اختیار
که من خویشتن را کنم بختیار

میرے ہاتھ میں اختیار نہیں دیا گیا
کہ میں اپنے آپ کو بختیار بنا لوں

حکایت

یکی مرد درویش در خاک کیش
نکو گفت با همسر زشت خویش

ایک مرد درویش نے کیش کی سرزمین میں
اپنی بڑی بی بی کو نصیحت کی

چو دست قضا زشت رویت نوشت
میندای گلگونه بر روی زشت!

جب قضا کے ہاتھ نے تجھ کو بدصورت لکھا
تو اپنے بڑے چہرہ پر گلگونہ نہ مل

که حاصل کند نیک بختی بزور	بسرمه که بینا کند چشم کور
کون نیک بختی زور سے حاصل کر سکتا ہے	اندھے کی آنکھیں سرمہ سے کون روشن کرتا ہے
نیاید نکوکاری از بدرگان	محال است دوزندگی از سگان
بدذاتوں سے نیکی عمل میں نہیں آتی	کتوں سے سلائی کا کام ہونا محال ہے
ہمہ فیلسوفان یونان و روم	ندانند کرد انگبین از زقوم
یونان اور روم کے تمام عقلمند	زقوم سے شہد بنانا نہیں جانتے ہیں
ز وحشی نیاید که مردم شود	بسعی اندر تربیت گم شود
جانور کو آدمی نہیں بنایا جاسکتا	کوشش سے اس میں تعلیم ضائع ہو جاتی ہے
توان پاک کردن ز زنگ آئینہ	ولیکن نیاید ز سنگ آئینہ
آئینہ سے زنگ دور کیا جا سکتا ہے	لیکن پتھر کو آئینہ نہیں بنایا جا سکتا
بکوشش نروید گل از شاخ بید	نہ زنگی بگرمابہ گردد سفید
کوشش کرنے سے شاخ بید سے پھول نہیں اگتا	اور نہ زنگی حمام کرنے سے سفید ہو جاتا ہے
چو ردمی نگردد خدنگ قضا	سپر نیست مر بندہ را جز رضا
جب قضا کا تیر رد نہیں ہوتا ہے	تو بندہ کے پاس سوائے رضا کے اور کوئی تیر نہیں

حکایت کرکس و زغن

گدھ اور چیل کی حکایت

چنین گفت پیش زغن کرکسی	که نبود ز من دوربین ترکسی
ایک گدھ نے ایک چیل سے کہا	کہ مجھ سے زیادہ دوربین کوئی نہیں ہو سکتا
زغن گفت ازین درنشاید گذشت	بیا تا چہ بینی براطراف دشت
چیل نے کہا اس بات سے درگذر نہیں کرنا چاہیے	آ تو جنگل کے کناروں پر کیا دیکھتا ہے
شنیدم که مقدار یک روزہ راہ	بہ کرد از بلندی بہ پستی نگاہ
سنا میں نے کہ ایک دن کی راہ کے موافق	اس نے بلندی سے پستی کو دیکھا
چنین گفت دیدم گرت باور است	کہ یکدانہ گندم بہامون در است
گدھ نے کہا میں نے دیکھا ہے اگر تو یقین کرے	کہ گیہوں کا ایک دانہ جنگل میں ہے
زغن را نماند از تعجب شکیب	ز بالا نہادند سر در نشیب
چیل کو تعجب کی وجہ سے صبر نہ رہا	اوپر سے دونوں نے سر نیچے کو جھکایا

چو کرگس بر دانه آمد فراز
جب گدھ دانہ کے نزدیک آیا
بر او بر بہ پیچید قیدی دراز
تو اس پر ایک بہت بڑا جال لپٹ گیا

ندانست ازان دانہ خوردنش
اس نے نہ سمجھا کہ اس دانہ کھانے سے
کہ دہر افگند دام در گردنش
زمانہ جال اس کی گردن میں ڈال دیگا

نہ آبستن در بود ہر صدف
ہر سیپی موتی سے حاملہ نہیں ہوتی
نہ ہر بار شاطر زند بر ہدف
اور نہ تیر انداز ہر بار تیر نشانہ پر مارتا ہے

زغن گفت ازان دانہ چندن سود
چیل نے کہا کہ اس دانہ دیکھنے سے کیا فائدہ
چو بینائی دام خصمت نہ بود
جب تجھے دشمن کا جال دیکھنے کی قوت نہ تھی

شنیدم کہ میگفت و گردن بہ بند
سنا میں نے وہ کہتا تھا اور قید تھا
نباشد حذر با قدر سودمند
تقدیر سے پرہیز کرنا فائدہ مند نہیں ہوتا

اجل چون بخونش بر آورد دست
موت نے جب اسکے خون کے لئے ہاتھ اٹھایا
قضا چشم باریک بینش بہ بست
تو قضا نے اس کی باریک بین آنکھوں کو بند کر دیا

در آبی کہ پیدا ندارد کنار
جس پانی کا کوئی کنارہ ظاہر نہ ہو
غرور شناور نیاید بکار
تیرنے والے کا غرور وہاں تمام نہیں آتا

حکایت

چہ خوش گفت شاگرد منسوج باف
زربفت کا کپڑا بننے والے کے شاگرد نے کیا اچھا کہا
چو عنقا بر آورد و پیل و زراف
جبکہ اس نے کپڑے پر عنقا شتر گاؤ اور ہاتھی بنائے

مرا صورتی بر نیاید ز دست
میرے ہاتھ سے کوئی ایسی تصویر نہیں بنتی
کہ نقشش معلم ز بالا نہ بست
کہ جس کا خاکہ معلم یعنی (خدا) نے نہ باندھا ہو

گر تصورت حال بد یا نکوست
اگر تیری موجودہ صورت اچھی یا بری ہے
نگارندہ دست تقدیر اوست
اس کے یعنے (قدرت) کے ہاتھ کی بنائی ہوئی ہے

درین نوع از شرک پوشیدہ ہست
اس قسم میں ایک شرک پوشیدہ ہے
کہ زیدم بیازرد و عمرم بخست
کہ زید نے مجھ کو آزردہ کیا اور عمر نے ستایا

گرت دیدہ بخشد خداوند امر
اگر حکم کرنے والا خدا تجھے آنکھ عطا کرے
نہ بینی دگر صورت زید و عمر
تو تو پھر زید اور عمر کی صورت کو نہ دیکھے

نہ پندارم از بندہ دم در کشد
میں نہیں سمجھتا کہ اگر بندہ چپ رہے
خدا ایش بروزی قلم درکشد
تو (خداوند تعالے) اس کی روزی پر قلم پھیر دے

جہان آفرینت کشایش دہاد ۔ اگر وی بہ بندد کشاید کشاد

جہان کے پیدا کرنیوالا تجھ کو کشادہ روزی دے ۔ اور اگر وہ بند کردے تو پھر کھولنا ممکن نہیں

حکایت

شتر کرہ با مادر خویش گفت ۔ پس از رفتن آخر زمانی بخفت

ایک اونٹ کا بچہ اپنی ماں سے کہنے لگا ۔ چلنے کے بعد کچھ دیر سو رہ

بگفت ار بدست منستی مہار ۔ ندیدی کسم بارکش در قطار

اس نے کہا اگر میرے ہاتھ میں مہار ہوتی ۔ تو کوئی بھی مجھے بوجھ اٹھائے قطار میں نہ دیکھتا

قضا کشتی آنجا کہ خواہد برد ۔ وگر ناخدا جامہ بر خود درد

قضا جس جگہ چاہتی ہے کشتی لے جاتی ہے ۔ ملاح اگرچہ ہر چند اپنے کپڑے پھاڑے

مکن سعدیا دیدہ بر دست کس ۔ کہ بخشندہ پروردگارست و بس

سعدی کسی کے ہاتھ کی طرف نہ دیکھ ۔ کیونکہ عطا کرنیوالا صرف پروردگار ہے اور بس

اگر حق پرستی ز درہا بست ۔ کہ گروی بر آند نخواند کست

اگر تو خدا کی پرستش کرنیوالا ہے تو وہ دروازہ تجھے کافی ہے ۔ اگر وہ تجھے نکالدے تو تجھے کوئی نہ چاہیئے

گر از نیک بختت کند سر برار ۔ وگرنہ سر ناامیدی بخار

اگر وہ تجھ کو خوش نصیب کرے تو سر اٹھا ۔ ورنہ ناامیدی کا سر کھجلا

گفتار در اخلاص و برکت آن و ریا و آفت آن

(خلوص اور اس کی برکت، ریا ظاہرداری اور اس کی مصیبت کے بیان میں)

عبادت باخلاص نیت نکوست ۔ وگرنہ چہ آید ز بی مغز پوست

عبادت کرنی خلوص نیت کیساتھ بہتر ہے ۔ ورنہ بے مغز پوست سے کیا حاصل ہوتا ہے

چہ زنار مغ بر میانت چہ دلق ۔ کہ در پوشی از بہر پندار خلق

کیا آتش پرست کی زنار تیری کمر پر اور کیا گدڑی ۔ اگر تو لوگوں کے دکھانے کے لئے پہنتا ہے

مکن گفتمت مردی خویش فاش ۔ چو مردی نمودی مخنث مباش

میں نے تجھ کہا کہ تو اپنی مردمی ظاہر نہ کر ۔ اگر تو نے مردمی ظاہر کی تو ہیجڑا نہ بن

باندازۂ بود باید نمود ۔ خجالت نبرد آنکہ ننمود بود

جس قدر اصلیت ہو اسی قدر ظاہر کرنا چاہیئے ۔ کیونکہ وہ شخص جو اصلیت ظاہر کرتا ہی شرمندہ نہیں ہوتا

کہ چون عاریت بر کنند از سرش ۔ بماند کہن جامہ در برش

کیونکہ جب مانگا ہوا لباس اس کے سر سے اتار لیں ۔ تو ایک پرانا کپڑا ابھی اس کے بدن پر نہ رہیگا

اگر کوتهی پای چوبین مبند	که در چشم طفلان نمائی بلند
اگر تو چھوٹا ہے تو لکڑی کے پاؤں نہ باندھ	کہ لڑکوں کی نظروں میں اونچا معلوم ہو
وگر نقره اندود باشد نحاس	توان خرج کردن بر ناشناس
اگر تانبا پر چاندی کا ملمع کیا ہوا ہو	تو وہ ناواقف آدمی کے پاس خرچ کیا جاسکتا ہے
منه جان من آب زر بر پشیز!	که صراف دانا نگیرد بچیز
اے میری جان سونے کا پانی پیسہ پر نہ پھیر	کیونکہ عقلمند صراف اس کو کسی چیز کے عوض نہیں لیتا
زراندودگان را بآتش برند	پدید آید آنگه که مس یا زرند
کیونکہ ملمع کی ہوئی چیز کو آگ میں ڈالتے ہیں	تاکہ اس وقت ظاہر ہو جائے سونا ہے یا تانبا
ندانی که بابای کوهی چه گفت	بمردی که ناموس را شب نخفت
تو نہیں جانتا کہ پہاڑی بابا یعنی قلندروں کے سردار نے کیا کہا	ایک شخص جو اپنی عزت کیلئے رات بھر سویا یعنی لوگ اسکو عابد جانیں
برو جان بابا در اخلاص پیچ	که نتوانی از خلق بربست هیچ
اے جان بابا اخلاص کے لئے کوشش کر	کیونکہ تو مخلوق سے کوئی فائدہ حاصل نہیں کرسکتا
کسانیکه فعلت پسندیده اند	هنوز از تو نقش برون دیده اند
وہ لوگ جو تیرے فعل کو پسند کرتے ہیں	ابھی تو انہوں نے تیرا ظاہری طریقہ ہی دیکھا ہے
چه قدر آورد بندهٔ حوردیس	که زیر قبا دارد اندام پیس
اس حور کے چہرہ والے بندہ کی کیا قدر ہے	کہ جس کی قبا کے نیچے بدن پر مرض برص سے سفید داغ ہوں
نشاید بدستان شدن در بهشت	که بازت رود چادر از روی زشت
عبادت ریائی کے ذریعہ سے بہشت میں جانا ناممکن ہے	کیونکہ تیرے برے چہرے سے قیامت کو چادر کھل جائیگی

حکایت طفل روزه دار

ایک روزہ رکھنے والے لڑکے کا قصہ

شنیدم که نابالغی روزه داشت	بصد محنت آورد روزی بچاشت
سنا میں نے کہ ایک نابالغ نے روزہ رکھا	سو مشکل سے اس نے ایک پہر دن بسر کیا
بکتابش آن روز سابق نبرد	بزرگ آمدش طاعت از طفل خورد
معلم اس دن اسے مکتب نہ لے گیا	اس کو چھوٹے لڑکے کی عبادت بڑی معلوم ہوئی
پدر دیده بوسید و مادر سرش	فشاندند بادام و زر بر سرش
ماں اور باپ نے اس کا منہ سر چوما	اور بادام اور روپیہ اس کے سر پر سے نثار کیا

چو روزی گذر کرد یک نیمہ روز ... فتادندر روز آتش معدہ سوز

جب اس پر نصف دن گذر گیا ... تو بھوک کی آگ سے اس کے معدہ میں جلن پیدا ہوئی

بدل گفت اگر لقمہ چندی خورم ... چہ داند پدر غیب یا مادرم

دل میں کہا اگر چند لقمے کھا لوں ... تو میرے ماں باپ کو غیب کا کیا حال معلوم ہے

چو روئی پسر در پدر بود و قوم ... نہان خورد و پیدا بسر برد صوم

جب لڑکے کا خیال باپ اور قوم کی طرف تھا ... چھپا کر کھالیا اور ظاہری طور پر روزہ تمام کیا

کہ داند چو در بند حق نیستی ... اگر بی وضو در نماز ایستی

کون جانتا ہے کہ تو خدا کی یاد میں نہیں ہے ... اگرچہ تو بے وضو نماز میں کھڑا ہے

پس این پیر از ان طفل نادان ترست ... کہ از بہر مردم بطاعت درست

پس یہ بوڑھا اس لڑکے سے زیادہ نادان ہے ... جو آدمیوں کو دکھلانے کے لئے عبادت کرتا ہے

کلید در دوزخ ست آن نماز ... کہ در چشم مردم گذاری دراز

وہ نماز دوزخ کے دروازہ کی کنجی ہے ... جو تو آدمیوں کی آنکھوں کے سامنے زیادہ لمبا ادا کرے

اگر جز بحق میرود جادہ اَت ... در آتش فشانند سجادہ اَت

اگر تیرا راستہ خدا کے سوا کوئی اور ہے ... تو تیری جانماز آگ میں جھاڑینگے یعنے دوزخ میں ڈالینگے

نکو سیرت بی تکلف درون ... بہ از پارسائی خراب اندرون

نیک سیرت آدمی بے تکلف دل والا ... خراب دل (یعنے ریاکار) سے بہتر ہے

بنزدیک من شب رو راہ زن ... بہ از فاسق پارسا پیرہن

میرے نزدیک رات کے چلنے والا ڈاکو ... نیکی کے لباس والے فاسق سے بہتر ہے

یکی بر در خلق رنج آزمای ... چہ مزدش دہد در قیامت خدای

ایک شخص مخلوق کے دروازہ پر رنج اٹھاتا ہے ... خدا تعالیٰ اس کو قیامت میں کیا مزدوری دیگا

ز عمرو ای پسر چشم اجرت مدار ... چو در خانۂ زید باشی بکار

اے لڑکے عمرو سے اجرت کی توقع نہ رکھ ... جب تو نے زید کے گھر کام کیا ہو

نگویم تواند رسیدن بدوست ... درین راہ جز آنکس کہ درویش اوست

میں نہیں جانتا کہ دوست کے پاس پہنچ سکتا ہے ... اس راہ میں سوائے اس کے جو اس کا فقیر ہو

رہ راست رو تا بمنزل رسی ... تو بر رہ نۂ زین قبل واپسی

سیدھے راستہ پر چل تاکہ منزل پر پہنچے ... تو راستہ پر نہیں ہے اس لئے پیچھے ہے

چو گاوی که عصّار چشمش ببست / دوان تا بشب سب هم آنجا که هست

اس بیل کی طرح کہ تیلی نے اس کی آنکھیں بند کر دیں / رات بھر دوڑے اور پھر رات کو اسی جگہ

کسی گر تباید ز محراب روی / بکفرش گواہی دہد اہل کوی

وہ شخص جو محراب سے منہ پھیر لیتا ہے / اس کے کفر کی اہل محلہ گواہی دیتے ہیں

تو ہم پشت برقبلہ در نماز / گرت در خدا نیست روی نیاز

تو بھی نماز میں پیٹھ قبلہ کی طرف کئے ہوئے ہے / اگر تیرا روئے نیاز خدا کی طرف نہیں ہے

درختی کہ بیخش بود برقرار / بپرور کہ روزی دہد میوہ بار

وہ درخت جس کی جڑ مضبوط ہو / اس کو پرورش کر تاکہ وہ ایک دن پھل دیگا

گرت بیخ اخلاص در بوم نیست / ازین بر کسی چون تو محروم نیست

اگر تیرے اخلاص کی جڑ زمین میں نہیں ہے / تو اس پھل سے تیری طرح کوئی بھی محروم نہیں ہے

ہر آنکہ افگند تخم بر روی سنگ / جوی وقت دخلش نیاید بچنگ

جو شخص بیج پتھر کے منہ میں ڈالتا ہے / تو غلہ کاٹنے کے وقت ایک جو بھی اس کے ہاتھ نہیں آتا

منہ آبروی ریا را محل / کہ این آب در زیر دارد وحل

ریا سے حاصل کی ہوئی عزت کو مرتبہ نہ سمجھ / کیونکہ یہ پانی اپنے نیچے کیچڑ رکھتا ہے

چو در خفیہ بد باشم و خاکسار / چہ سود آب ناموس بر روی کار

جب پوشیدگی میں میں برا اور ذلیل ہوں / تو ظاہر طریق پر عزت کا کیا فائدہ

بروی ریا خرقہ سہل ست دوخت / گرش با خدا در توانی فروخت

ریا کے چہرے پر گدڑی سینا آسان ہے / اگر تو اس کو خدا کے پاس فروخت کرے

چہ دانند مردم کہ در جامہ کیست / نویسندہ داند کہ در نامہ چیست

آدمی کیا جانیں کہ جامہ میں کون ہے / لکھنے والا جانتا ہے کہ خط میں کیا ہے

چہ وزن آورد جائی انبان باد / کہ میزان عدل ست و دیوان داد

اس جگہ ہوا کے جھولے کی کیا قیمت ہو / جہاں عدل کی ترازو اور انصاف کی کچہری ہے

مرائی کہ چندین ورع می نمود / بدیدند و ہیچش در انبان نبود

ریاکار جو کہ اس قدر پرہیزگاری دکھلاتا ہے / دیکھا تو اس کی جھولی میں کوئی چیز نہ تھی

کنند ابرہ پاکیزہ تر ز آستر / کہ آن در حجاب ست و این در نظر

ابرہ کو استر سے اچھا بناتے ہیں / کیونکہ یہ پردہ میں ہے اور وہ سامنے ہے

بزرگان فراغ از نظر داشتند	ازان پرنیان آستر داشتند
بزرگ لوگ ظاہری سے فارغ تھے	اس وجہ سے پرنیا کا آستر رکھتے تھے
در آوازہ خواہی در اقلیم فاش	برون حلہ کن گو درون حشو باش
اگر تو ظاہر کے ملک میں مشہوری چاہتا ہے	تو ظاہر الباس پر تکلف نہیں اگرچہ بھرتی ہی ہو
بہ بازی نگفت این سخن بایزید	کہ از منکر ایمن ترم کز مرید
حضرت بایزید نے یہ بات ہنسی سے نہیں کہی	کہ مرید کی نسبت میں منکر سے زیادہ امن میں ہوں
کسانیکہ سلطان و شاہنشہ اند	سراسر گدایان این درگہ اند
وہ لوگ جو سلطان اور بادشاہ ہیں	سب اسی درگاہ کے محتاج ہیں
طمع در گدا مرد معنی نہ بست	نشاید گرفتن در افتادہ دست
صاحب باطن فقیری میں لالچ نہیں کرتے	گرے ہوئے کا ہاتھ مدد کے لئے پکڑنے مناسب نہیں
ہمان بہ گر آبستن گوہری	کہ ہمچون صدف سر بخود در بری
اگر تو کوئی جوہر رکھتا ہے تو یہی بہتر ہے	کہ صدف کی طرح سر عاجزی سے نیچے رکھے
چو روئی پرستیدنت در خدا است	اگر جبرئیلت نہ بیند روا است
اگر تیری عبادت کا منہ خدا کی طرف ہے	جو تجھ کو جبرئیل نہ دیکھے روا ہے
ترا پند سعدی بس است ای پسر	اگر گوش گیری چو پند پدر
اے لڑکے تیرے لئے سعدی کی نصیحت کافی ہے	اگر تو باپ کی نصیحت کی طرح اسے سنے
گر امروز گفتار ما نشنوی	مبادا کہ فردا پشیمان شوی
اگر آج تو نے ہمارا کہنا نہ سنا	تو ایسا نہ ہو کہ کل تجھے پشیمانی حاصل ہو

باب ششم در قناعت

چھٹا باب قناعت کے بیان میں

خدا را ندانست و طاعت نکرد	کہ بر بخت و روزی قناعت نکرد
اس نے خدا کی اطاعت نہ کی اور نہ خدا کو جانا	جس نے اپنے نصیب کی روزی پر صبر نہ کیا
قناعت توانگر کند مرد را	خبر کن حریص جہان گرد را
قناعت مرد کو امیر بنا دیتی ہے	جہاں میں گھومنے والے حرص کو کہدے
سکونی بدست آور ای بی ثبات	کہ بر سنگ گردان نروید نبات
کہ اے بے قرار صبر کر	کیونکہ گھومتے پتھر یعنی چکی پر گھاس نہیں اگتی

مپرور تن ار مرد رای و هشی	که او را چو می پروری میکشی!
اگر تو صاحب عقل اور ہوش ہے تو تن پروری نہ کر	کیونکہ جب تو تن کو پالتا ہے تو در حقیقت اسکو مارتا ہے
خردمند مردم هنر پرورند	که تن پروران از هنر لاغرند
عقلمند لوگ ہنر کو پرورش کرنے والے ہیں	اور تن پرور لوگ ہنر سے خالی ہیں!
کسی سیرتِ آدمی گوش کرد	که اوّل سگِ نفس خاموش کرد
اس شخص نے آدمی کی خصلت کو سنا	کہ جس نے پہلے نفس کے کتے کو خاموش کر دیا
خور و خواب تنها طریق ددست	بر این بودن آیین نابخردست
کھانا سونا صرف درندوں کا طریقہ ہے	اور اس پر رہنا صرف بیوقوفوں کا طریقہ ہے
خنک نیکبختی که در گوشهٔ	بدست آرد از معرفت توشهٔ
خوش نصیب وہ شخص ہے جو تنہائی میں	خدا کی معرفت کا توشہ حاصل کرے
بر آنان که شد سرِ حق آشکار	نکردند باطل بر او اختیار
وہ لوگ جن پر خدا کا بھید ظاہر ہوا	انہوں نے نفس پروری کو اختیار نہ کیا
ولیکن چو ظلمت نداند ز نور	چه دیدار دیوش چه رخسار حور
لیکن جو شخص اندھیرے اور نور کو نہیں جانتا	اس کے لئے کیا دیو کا دیکھنا اور کیا حور کا
تو خود را از آن در چه انداختی	که چه را ز ره باز نشناختی
تونے اپنے آپ کو اسی لئے کنوئیں میں گرایا	کہ تونے کنوئیں کو راستہ سے علیحدہ نہ جانا
بر اوجِ فلک چون پرد جرّه باز	که در شهپرش بسته سنگِ آز
باز آسمان کی بلندی پر کس طرح اڑے	کیونکہ تونے اسکے شاہ پر میں حرص کا پتھر باندھ دیا
گرش دامن از چنگ شهوت رها	کنی رفت تا سدرة المنتهیٰ!
اگر حرص کے پنجے سے تو اس کا دامن چھوڑ دیتا	تو وہ سدرۃ المنتہیٰ تک پرواز کرتا!
بکم کردن از عادتِ خویش خورد	توان خویشتن را ملک خوی کرد
اپنی عادت سے کھانا کم کھانے سے	اپنے آپ کو فرشتہ خصلت بنایا جا سکتا ہے
کجا سیر وحشی رسد در ملک	نشاید پرید از ثری تا فلک!
وحشی (مراد بندہ اسیر حرص) کب عالم ملکوت میں پہنچے	تحت الثریٰ سے آسمان تک اڑنا ممکن نہیں
نخست آدمی سیرتِ پیشه کن!	پس آنگه ملک خوئی اندیشه کن
پہلے آدمی کی سیرت حاصل کر	پھر اس کے بعد فرشتہ خصلت ہونیکا خیال کر

تو بر کرّهٔ توسنی بر کمر !
تو ایک سرکش بچھڑے کی کمر پر سوار ہے

نگر تا نپیچد ز حکم تو سر
دیکھ تاکہ وہ تیرے حکم سے سر نہ پھیرے

کہ گر پالہنگ از کفت در گسیخت
اگر اس نے باگ ڈور تیرے ہاتھ سے توڑ ڈالی

تن خویشتن کشت و خون تو ریخت
تو اپنے بدن کو مار ڈالا اور تیرا خون گرایا

باندازہ خور زاد اگر مردمی
اگر تو آدمی ہے تو اندازہ کے مطابق کھانا کھا

چنین پر شکم آدمی یا خمی
ایسا پیٹ بھرا ہوا آدمی ہے یا مٹکا ہے

درون جای ذکرست و قوت و نفس
اندر اللہ کے ذکر اور کھانے اور سانس کی جگہ ہے

تو پنداری از بہر نان ست و بس
لیکن تو صرف اسے روٹی کے لئے سمجھا ہے

کجا ذکر گنجد کز انبار آز
حرص کے ڈھیر کی وجہ سے ذکر کی گنجائش کس طرح ہو

بسختی نفس میکند پا دراز
جب کہ سانس سختی سے پاؤں دراز کرتی، یعنے نکلتی ہے

ندارند تن پروران آگہی !
تن پرور لوگ خبر نہیں رکھتے

کہ پر معدہ باشد ز حکمت تہی
کیونکہ پر معدہ حکمت سے خالی ہوتا ہے

دو چشم و شکم پر نہ گردد بہیچ
دونوں آنکھیں اور پیٹ کسی چیز سے نہیں بھرتے

تہی بہتر این رودہ پیچ پیچ !
یہ پیچ در پیچ آنتیں خالی بہتر ہیں

چو دوزخ کہ سیرش کنند از وقید
اگر اس کو دوزخ کی طرح ایندھن سے پر کردیں

دگر بانگ دارد کہ ہل من مزید
پھر بھی یہی کہے کہ اس سے کچھ زیادہ ہے

ہمی میردت عیسی از لاغری
تیرا عیسیٰ، یعنے روح اس دبلے پن سے مرتا ہے

تو در بند آنی کہ خر پروری
تو اس خیال میں ہے کہ گدھے (یعنی جسم کو) پالے

بدین ای فرومایہ دنیا مخر
اس کمینے دین کے بدلے دنیا نہ خرید

چو خر با نجیل عیسی مخر !
گدھے کا بوجھ حضرت عیسیٰ کی انجیل کے بدلے نہ خرید

مگر می ندانی کہ دد را و دام
دیکھ تو نہیں جانتا کہ درندوں اور چارپایوں کو

نیندا خت جز حرص خوردن بدام
سوا کھانے کی حرص اور کسی چیز نے جال میں نہیں ڈالا

پلنگی کہ گرشد بر وحوش
وہ شیر جو جانوروں پر تکبر کرتا ہے

بدام افتد از بہر خوردن چو موش
کھانے کی حرص سے چوہے کی طرح جال میں پھنستا ہے

چو موش آنکہ نان و پنیرش خوری
چوہے کی طرح جس شخص کی روٹی اور پنیر کھاتا ہے

بدامش در افتی و تیرش خوری
اس کے جال میں تو پھنسیگا اور تو اس سے تیر کھائیگا

حکایت

مرا حاجئی شانهٔ عاج داد
ایک حاجی نے مجھ کو دانت کی کنگھی دی
که رحمت بر اخلاق حجاج باد
اللہ تعالےٰ کی رحمت حاجیوں کے اخلاق پر ہو

شنیدم که باری سگم خوانده بود
سنا میں نے ایک دفعہ اس نے مجھکو کتا کہا تھا
که از من بنوعی دلش مانده بود
کیونکہ ایک وجہ سے اسکا دل مجھ سے آزردہ تھا

بینداختم شانه کین استخوان
میں نے کنگھی پھینک دی کہ یہ ہڈی
نمی بایدم دیگرم سگ مخوان
مجھ کو نہیں چاہیئے دوسری بار مجھ کو کتا نہ کہنا

مپندار چون سر که خود خورم
جب میں اپنا سرکہ کھاؤں تو یہ نہ سمجھ
که جور خداوند حلوه برم
کہ حلوہ والے کی تکلیف برداشت کروں گا

قناعت کن ای نفس بر اندکی
اے نفس تھوڑے پر قناعت کر
که سلطان و درویش بینی یکی
تاکہ بادشاہ اور فقیر کو ایک دیکھے

چرا پیش خسرو بخواهش روی
تو بادشاہ کے سامنے کیوں مانگنے جاتا ہے
که یکسو نهادی طمع خسروی
جب تونے ایک طرف رکھدیا تو تو خود بادشاہ ہے

وگر خود پرستی شکم طبله کن
اگر تو نفس پرور ہے تو پیٹ کو طبلہ بنا
در خانهٔ این و آن قبله کن
اور اس کے گھر کے دروازہ کو قبلہ بنا

حکایت

یکی با طمع پیش خوارزم شاه
ایک لالچی شاہ خوارزم کے پاس
شنیدم که شد بامدادی پگاه
میں نے سنا کہ صبح کے وقت گیا

چو دیدش بخدمت دوتا گشت و راست
جب اسکے لڑکے نے دیکھا کہ بادشاہ کی فرقت میں اس نے کمر جھکائی
دگر روی بر خاک مالید و خاست
اور سیدھا ہوا، پھر منہ کو زمین پر ملا اور کھڑا ہوا

پسر گفتش ای بابک نامجوی
لڑکے نے کہا کہ اے باپ ناموری ڈھونڈنے والے
یکی مشکلت می بپرسم بگوی!
ایک مشکل میں تجھ سے پوچھتا ہوں کہو

نگفتی که قبله است خاک حجاز
تو نے نہ کہا تھا کہ قبلہ مکہ کی طرف ہے
چرا کردی امروز این سو نماز
آج تو نے اس طرف نماز کیوں پڑھی

مگر طاعت نفس شهوت پرست
نفس شہوت پرست کی عبادت نہ کر
که هر ساعتش قبلهٔ دیگر است!
کیونکہ ہر گھڑی اس کا قبلہ دوسرا ہے

مبر ای برادر بفرمانش دست
اے بھائی (اس بے (نفس کے) حکم نہ مان
که هر کس که فرمان نبردش برست
کیونکہ جس شخص نے اسکا کہا نہ مانا وہ رہائی پا گیا

قناعت سرافرازد ای مرد هوش

اے صاحب عقل قناعت سر بلند کرتی ہے (یعنی عزت دیتی ہے)

سر پر طمع بر نیاید ز دوش

اور طمع والا سر کندھوں سے نہیں اٹھتا یعنی ذلیل رہتا ہے

طمع آبروی توقر بریخت

لالچ نے دبدبہ کی آبرو گرائی (دبدبے کھوئی)

برای دو جو دامن در بریخت

دو جو کے واسطے دامن بھر موتی گرائے

چو سیراب خواهی شدن از آب جوی

جب تو نہر کے پانی سے سیراب ہونا چاہتا ہے

چرا ریزی از بهر برف آبروی

تو پھر برف کے لئے اپنی آبرو کیوں گراتا ہے

مگر از تنعم شکیبا شوی

تجھے چاہیے کہ نعمت سے صبر کرے

وگرنه ضرورت بدرها شوی

اگر نہیں تو ضرور دروازوں پر جائے گا

برو خواجه کوتاه کن دست آز

اے خواجہ جا اور طمع کے ہاتھ کو کوتاہ کر

چه می بایدت از آستین دراز

تجھے ہاتھ دراز کرنے سے کیا حاصل ہوتا ہے

کسی را که درج طمع در نوشت

جس شخص نے اپنے لالچ کے نالہ کو لپیٹا یعنی طمع کو چھوڑا

نباید بکس عبد و خادم نبشت

اسکو نہ چاہیئے کہ اپنے آپ کو کسی کا بندہ و خادم لکھے

توقع براند ز هر مجلست

امید ہر محفل سے تجھ کو نکلوا دے گی

بران از خودش تا نراند کست

اس کو اپنے سے نکال دے تاکہ تجھے کوئی نہ نکالے

حکایت

یکی را تپ آمد ز صاحبدلان

ایک صاحبدل آدمی کو بخار آیا

کسی گفت شکر بخواه از فلان

کسی نے کہا کہ فلاں آدمی سے شکر مانگ

بگفت ای پسر تلخی مردنم

اس نے کہا اے لڑکے مرنے کی تلخی میرے لئے

به از جور روی ترش بردنم

بہتر ہے اس سے کہ میں کسی ظالم کا ظلم اٹھاؤں

شکر عاقل از دست آنکس نخورد

عقلمند نے اس شخص کے ہاتھ سے شکر نہ کھائی

که روی از تکبر بر او سرکه کرد

جو کہ غرور کی وجہ سے اس پر ترش رو ہوا

مرو در پی هر چه دل خواهدت

ہر چیز کے پیچھے جب کہ تیرا دل چاہے نہ جا

که تمکین تن نور جان کاهدت

کیونکہ اس سے تیرے بدن کی طاقت اور جان کا نور کم ہوگا

کند مرد را نفس اماره خوار

آدمی کو نفس امارہ ذلیل کرتا ہے

اگر هوشمندی عزیزش مدار

اگر تو عقلمند ہے تو نفس امارہ کو عزیز نہ رکھ

وگر هر چه باشد مرادش خوری

اگر تو جو اس کی مراد ہو وہ کھائے

ز دوران بسی نامرادی بری

تو زمانہ سے بہت سی نامرادی تیرے نصیب ہو

تنور شکم دمبدم تافتن ! | مصیبت بود روز نایافتن
پیٹ کے تندور کو گھڑی گھڑی گرم کرنا | مصیبت ہوتی ہے نہ پانے کے دن

بہ تنگی بریزاندت روی رنگ | چو وقت فراخی کنی معدہ تنگ
تنگی کے وقت تیرے چہرے کا رنگ گرائے | اگر تو سمت دگی کے وقت معدہ کو پُر کرے

کشد مرد پرخوارہ بارِ شکم ! | وگر در نیابد کشد بارِ غم
پیٹ بھر کر کھانیوالا آدمی پیٹ کا بوجھ اٹھاتا ہے | جب کھانا میسر نہیں ہوتا تو غم کا بوجھ اٹھاتا ہے

شکم بندہ بسیار بینی خجل | شکم پیش من تنگ بہتر کہ دل
پیٹ کے بندہ کو تو بہت شرمندہ وذلیل دیکھیگا | میری نزدیک شکم تنگ بہتر ہے بہ نسبت دل تنگ کے

حکایت در مذلّت بسیار خوردن

بہت کھانے رسوائی کے بیان میں

چہ آوردم از بصرہ دانی عجب | حدیثی کہ شیرین تر ست از رطب
تو جانتا ہے کہ میں بصرہ سے کیا عجب چیز لایا | ایک بات کو جو خرما سے بھی زیادہ شیریں ہے

تنی چند در خرقۂ راستان | گذشتیم بر طرفِ خرماستان
ہر چند آدمی سچ لوگوں کی گدڑی میں | کھجوروں کے درختوں کی طرف سے گذرے

یکی در میان معدہ انبار بود | زپرخواریٔ خویش بدخوار بود
ایک ہم میں سے بہت کھانے والا تھا | اور اپنے بہت کھانے کی وجہ سے بہت ذلیل تھا

میان بست مسکین وشد بر درخت | وزانجا بگردن درافتاد سخت
اس مسکین نے کمر باندھی اور درخت پر چڑھا | اور وہاں سے گردن کے بل سختی سے گر پڑا

نہ ہر بار خرما توان خورد و برد | لت انبان بدعاقبت خورد و مرد
ہر دفعہ خرما کھایا اور لیجایا نہیں جاسکتا | بڑے حریص نے آخر کھایا اور مر گیا

رئیس دہ آمد کہ این را کہ کشت | بگفتم مزن بانگ بر ما درشت
گاؤں کا سردار آیا کہ اس کو کس نے قتل کیا | میں نے کہا کہ ہمیں سخت سست نہ کہو

شکم دامن اندر کشیدش ز شاخ | بود تنگدل رودگانی فراخ
پیٹ نے اس کا دامن شاخ کی طرف کھینچا | فراخ آنتوں والا یعنے زیادہ کھانیوالا تنگ ہوتا ہے

شکم بند دست است و زنجیر پای | شکم بندہ نادر پرستد خدای
پیٹ ہاتھ کی ہتھکڑی اور پاؤں کی بیڑی ہے | پیٹ کا غلام خدا کو بہت کم پوجتا ہے

سراسر شکم شد ملخ لاجرم
ٹڈی سراسر پیٹ ہو گئی
بپایش کشد مور کوچک شکم
اور اس کو چیونٹی چھوٹے پیٹ والی پاؤں سے کھینچتی ہے

برو اندرونی بدست آر پاک
جا اور اندر کی پاکیزگی حاصل کر
شکم پر نخواہد شد الا بخاک
پیٹ نہ بھرے گا مگر خاک سے یعنی قبر کی مٹی سے

حکایت

شکم صوفئی را زبون کرد و فرج
ایک صوفی کو پیٹ اور شہوت نے تنگ کیا تھا
دو دینار بر ہر دو آن کرد خرج
اس کے پاس دو دینار تھے دونوں خرچ کر دیئے

یکی گفتش از دوستان در نہفت
ایک دوست نے اس کو پوشیدگی میں کہا
چہ کردی بدین ہر دو دینار گفت
تو نے ان دو دینار کو کیا کیا اس نے کہا

بدیناری از پشت راندم نشاط
ایک دینار سے میں نے اپنے پیٹ سے خوشی نکالی
بدیگر شکم را کشیدم سماط
اور دوسرے سے میں نے پیٹ کی ضیافت کی

فرومایگی کردم و ابلہی
میں نے کمینہ پن کیا اور بیوقوفی کی
کہ این ہمچنان پر نشد آن تہی
کہ یہ (یعنی نہ پیٹ ہی بھرا نہ پیٹھ منی سے خالی ہوگئی)

غذا گر لطیف است و گر سرسری
غذا اگر معمولی ہے اور لطیف ہے
چو دیرت بدست اوفتد خوشخوری
اگر دیر سے میسر ہو لیکن تو اچھی طرح کھائے

سر آنگہ ببالین نہد ہوشمند
عقلمند اس وقت تکیہ پر سر رکھتا ہے
کہ خوابش بقہر آورد در کمند
کہ نیند غلبہ سے اس کو کمند میں لاتی ہے

مجال سخن تا نیابی مگوی
جب تک مجھ میں بات کرنے کی مجال نہ ہو نہ کہو
چو میدان نہ بینی نگہدار گوی
جب تو میدان نہ دیکھے تو گیند کا خیال رکھ

مگوئی و منہ تا توانی قدم
مت کہو اور مت رکھ پاؤں جبتک تجھ سے ہو سکے
از اندازہ بیرون و ز اندازہ کم
اندازہ سے کم اور اندازہ سے زیادہ

حکایت

یکی نیشکر داشت در طیبقری
طبقری شہر میں ایک شخص کے پاس گنے تھے
چپ و راست گرد بدر مشتری
وہ خریداروں کے دائیں اور بائیں پھرتا تھا

بصاحبدلی گفت در کنج دہ
ایک صاحب دل کو گاؤں کے گوشے میں کہا
کہ بستان و چون دستیابی بدہ
کہ خرید لے اور جب تجھ سے ہو سکے قیمت دے

بگفت آن خردمند نیکو سرشت
اس نیک طبیعت عقلمند نے کہا
جوابی کہ بر دل بباید نوشت
ایسا جواب جو دل پر لکھنا چاہیے

ترا صبر بر من نباشد مگر
تجھے قیمت پینے میں مجھ پر صبر نہ ہو گا
ولیکن مرا باشد از نیشکر
لیکن مجھے گنوں سے صبر ہو سکے گا

حلاوت ندارد شکر در نیش
گنے کی شکر حلاوت نہیں رکھتی
چو باشد تقاضای تلخ از پیش
اگر اس کے بعد تلخ تقاضا ہو

حکایت

امیر ختن جامۂ از حریر
ختن شہر کے امیر نے حریر کا جامہ
به پیری فرستاد روشن ضمیر
ایک روشن دل بوڑھے کے پاس بھیجا

بپوشید و بوسید دست و زمین
پہنا اور ہاتھ اور زمین چومی
که بر شاہِ عالم هزار آفرین
کہ جہان کے بادشاہ کے لئے ہزاروں تعریفیں ہیں

چه خوبست تشریف شاہ ختن
شاہِ ختن کا خلعت کیا عمدہ ہے
و زو خوبتر خرقۂ خویشتن
اور اس سے زیادہ اچھی میری گدڑی ہے

گر آزادۂ بر زمین خسپ و بس
اگر تو آزاد ہے تو زمین پر سو اور بس
مکن بهر قالین زمین بوس کس
اور قالین کے لئے کسی کی زمین بوسی نہ کر

حکایت

یکی نان خورش جز پیازی نداشت
ایک شخص روٹی کیساتھ کھانیکو جز پیاز کے کچھ نہ رکھتا تھا
چو دیگر کسان برگ و سازی نداشت
اور دوسروں کی طرح اس کے پاس ساز و سامان نہ تھا

پراگنده گفتش ای خاکسار
ایک پریشان دل والے نے کہا کہ ای خاکسار
برو طبخی از خوان یغما بیار
جا اور کچھ پکا ہوا کھانا (سالن) لنگر سے لا

بخواه و مدار از کس ای خواجه باک
مانگ اور اے خواجہ کسی سے نہ ڈر
که مقطوع روزی شود شرمناک
کیونکہ شرمندگی سے روزی موقوف ہوجاتی ہے

قبا بست و چابک نوردید دست
جلدی قبا پہن لی اور آستین لپیٹ لی (یعنی چلا)
قبایش دریدند و دستش شکست
لوگوں نے اس کی قبا پھاڑدی اور ہاتھ توڑ دیا

شنیدم که میگفت و خوش میگریست
سنا میں نے کہتا تھا اور خوب روتا تھا
که ای نفس خودکرده را چاره چیست
کہ اے نفس اپنے کئے کا کیا علاج ہے

بلا جوی باشد گرفتار آز
حرص کا قیدی بلا کو ڈھونڈھنے والا ہوتا ہے
من و خانۂ من بعد نان و پیاز
پھر میں اور پیاز اور گھر اور روٹی

جوین نان که از سعی بازو خورم
جو کی روٹی جو اپنے بازو کے زور سے کھاتا ہوں
به از میده بر خوان اهل کرم
اہل کرم کے میدہ کے خوان سے بہتر ہے

چو دلتنگ خفته آن فقر و مایه دوش
وہ کمینہ کل رات کیسا آزردہ سویا
کہ بر سفرۂ دیگران داشت گوش
جو دوسرے لوگوں کے دستر خوان پر کان رکھتا تھا

یکی گربہ در خانۂ زال بود
ایک بلی ایک بڑھیا کے گھر میں تھی
کہ برگشتہ ایام و بدحال بود
برگشتہ ایام اور بدحال تھی

روان شد بمہمان سرای امیر
امیر کے جہان خانہ کی طرف روانہ ہوئی
غلامان حاکم زدندش بہ تیر
حاکم کے غلاموں نے اسے تیروں سے مارا

چکان خونش از استخوان میدوید
اس کی ہڈیوں سے خون ٹپکتا اور دوڑتی تھی
ہمی گفت واز ہول جان می دوید
یہ کہتی تھی اور جان کے ڈر سے دوڑتی تھی!

اگر جستم از دست این تیر زن
اگر میں اس تیرزن کے ہاتھوں سے چھوٹ جاؤں
من و موش و ویرانۂ پیرزن!
تو میں اور چوہا اور بڑھیا کا جھونپڑا

نیرزد عسل جان من زخم نیش
میری جان ڈنک کے عوض شہد لینا بہتر نہیں
قناعت نکوتر بدوشاب خویش
اپنے انگور کے شیرہ پر صبر کرنا بہتر ہے

خداوند ازان بندہ خورسند نیست
اللہ تعالےٰ اس بندہ پر خوش نہیں
کہ راضی بتقسیم خداوند نیست
جو اللہ تعالےٰ کی تقسیم پر راضی نہیں ہے

حکایت مرد کوتہ نظر و زن عالی ہمت!

ایک پست ہمت آدمی اور بلند حوصلہ عورت کا بیان

یکی طفل دندان برآوردہ بود
ایک بچے کے دانت نکلتے تھے
پدر سر بفکرت فرو بردہ بود
اور اس کا باپ سر گریبان میں جھکائے تھا

کہ من نان و برگ از کجا آرمش
کہ میں اسکیلئے روٹی اور توشہ کہاں سے لاؤں
مروت نباشد کہ بگذارمش
اور یہ مروت نہیں کہ اس کو چھوڑ دوں

چو بیچارہ گفت این سخن پیش جفت
جب بیچارہ نے یہ بات اپنی بیوی سے کہی
نگر تا زن او را چہ مردانہ گفت
دیکھ عورت نے اسکو کیا مردانہ جواب دیا

مخور ہول ابلیس تا جان دہد
شیطان سے نہ ڈر جب تک یہ لڑکا مرے
ہمان کس کہ دندان دہد نان دہد
وہی جو دانت دیتا ہے روٹی بھی دیتا ہے

توانا ست آخر خداوند زور
آخر خداوند زور و قدرت والا ہے
کہ روزی رساند تو چندین مشور
جو روزی پہنچاتا ہے تو اس قدر شور نہ کر

نگارندۂ کودک اندر شکم
وہ پیٹ میں لڑکے کا نقش بناتا ہے
نویسندۂ عمر و روزیست ہم
اور عمر اور روزی کا بھی لکھنے والا ہے

خداوندگاری کہ عبدی خرید
جس مالک نے غلام خرید کیا
بدارد فکیف آنکہ عبد آفرید
وہ اختیار رکھتا ہے پس اسکا کیا حال ہے جسنے غلام پیدا کیا

ترا نیست آن تکیہ بر کردگار
تجھ کو وہ بھروسہ خداوند تعالےٰ پر نہیں ہے
کہ مملوک را بر خداوندگار
جو غلام کو مالک پر ہوتا ہے

شنیدی کہ در روزگار قدیم
سنا تو نے کہ پہلے زمانہ میں
شدی سنگ در دست ابدال سیم
ابدال کے ہاتھ میں پتھر چاندی ہو جاتا تھا

نپنداری این قول معقول نیست
یہ خیال نہ کر کہ یہ قول معقول نہیں ہے
چو قانع شدی سیم و سنگت یکیست
جب تو قانع ہوا تو پتھر و چاندی تیرے لئے یکساں ہے

چو طفل اندرون دارد از حرص پاک
جب کہ لڑکے کا دل حرص سے پاک ہے
چہ مشتی زرش پیش و چہ مشت خاک
تو اس کے سامنے کیا سونے کی مٹھی اور کیا خاک کی

خبر دہ بدرویش سلطان پرست
فقیر بادشاہ پرست کو خبر دے
کہ سلطان ز درویش مسکین ترست
کہ بادشاہ فقیر سے زیادہ غریب ہے

گدا را کند یکدرم سیم سیر
فقیر کو ایک درم چاندی سیر کر دیتی ہے
فریدون بملک عجم نیم سیر!
اور فریدوں تمام ملک عجم لیکے بھی نیم سیر ہے

نگہبانی ملک و دولت بلاست
ملک اور دولت کی نگہبانی کرنا بلا ہے
گدا بادشاہست نامش گداست
فقیر درحقیقت بادشاہ ہے اگرچہ نام کا فقیر ہے

گدائی کہ بر خاطرش بند نیست
جو فقیر غم سے آزاد ہے
بہ از پادشاہی کہ خورسند نیست
اس بادشاہ سے بہتر ہے جو خوش نہیں ہے

بخسپند خوش روستائی و جفت
کسان اور اس کی بیوی خوش سوتے ہیں
بذوقی کہ سلطان در ایوان نخفت
اس مزے سے کہ بادشاہ محل میں نہ سویا

چو سیلاب خواب آمد و مرد برد
جب نیند کا سیلاب آیا اور آدمی کو لے گیا
چہ بر تخت سلطان چہ بر دشت کرد
تو کیا بادشاہ تخت پر اور کیا کرد جنگل میں

اگر پادشاہست وگر پینہ دوز
اگر بادشاہ ہے یا گدڑی پہننے والا ہے
چو خفتند گردد شب ہر دو روز
جب سو گئے تو دونوں کی رات دن ہو جاتی ہے

چو بینی توانگر سر از کبر مست
جب تو امیر کا سر غرور سے مست دیکھے
برو شکر یزدان کن ای تنگدست
بجا اے مفلس خدا کا شکر کر

نداری بحمد اللہ آن دسترس
خدا کا شکر کر کہ تجھے وہ مقدور نہیں
کہ برخیزد از دستت آزار کس
کہ تیرے ہاتھ سے کسی کو آزار ہو سکے

حکایت

ربا خواری از نردبانی فتاد
ایک سود خوار ایک سیڑھی سے گر پڑا
شنیدم کہ ہم در نفس جان بداد
سنا میں نے کہ دم بھر میں جان دیدی

پسر چند روزی گرستن گرفت
اس کا لڑکا چند دن روتا رہا
دگر با حریفان نشستن گرفت
پھر دوستوں کے ساتھ بیٹھنے لگا

بخواب اندرش دید و پرسید حال
خواب میں (باپ کو) دیکھا اور حال پوچھا
کہ چون رستی از حشر و نشر و سوال
کہ تو کیونکر قیامت اور نکیرین کے سوال سے چھوٹا

بگفت ای پسر قصہ بر من مخوان
اس نے کہا اے لڑکے میری حالت نہ پوچھ
بدوزخ در افتادم از نردبان
سیڑھی سے میں (رسید ہا) دوزخ میں گر پڑا

حکایت

شنیدم کہ صاحبدلی نیکمرد
سنا میں نے کہ ایک صاحب دل نیکمرد نے
یکی خانہ بر قامت خویش کرد
ایک گھر اپنے قد کے موافق بنایا

کسی گفت میدانمت دسترس
ایک شخص نے کہا میں تیری ہمت جانتا ہوں
کزین خانہ بہتر کنی گفت بس
کہ اس سے بہتر گھر بناوے (اس نے کہا بس

چہ میخواہی از طارم افراشتن
میں کوٹھا بلند کرنے سے کیا حاصل کروں گا
ہمینم بس از بہر بگذاشتن
مجھے چھوڑ جانے کیلئے یہی کافی ہے

مکن خانہ بر راہ سیل ای غلام
اے لڑکے سیلاب کے راستہ پر مکان نہ بنا
کہ کس را نگشت این عمارت تمام
کیونکہ کسی کی یہ عمارت پوری نہیں ہوئی

نہ از معرفت باشد و عقل و رای
یہ عقل اور معرفت اور رائے کے موافق نہیں ہے
کہ بر رہ کند کاروانی سرای
کہ قافلہ والا راہ میں گھر بناوے

حکایت

یکی سلطنت ران صاحب شکوہ
ایک بادشاہ صاحب دبدبہ تھا
فرو خواست رفت آفتابش بکوہ
اس کے آفتاب (اقبال نے) پہاڑ کے پیچھے جانا چاہا

بشخصی در آن بقعہ کشور گذاشت
ایک شخص کو اسی مقام میں ملک دیدیا
کہ در دودہ قایم مقامی نداشت
کیونکہ وہ خاندان ان میں کوئی قدیم مقام نہ رکھتا تھا

چو خلوت نشین کوس دولت شنید	دگر ذوق در کنج خلوت ندید
جب خلوت نشین نے دولت کا نقارہ سنا	پھر اس کے لئے گوشۂ تنہائی میں کچھ مزہ نہ رہا
چپ و راست لشکر کشیدن گرفت	دل پر دلان زور میدان گرفت
دائیں بائیں لشکر کشی کرنے لگا	اور جوانمردوں کا دل اس سے بھاگنے لگا
چنان سخت بازو شد و تیز چنگ	کہ با جنگجویان طلب کرد جنگ
اس قدر سخت بازو و زبردست پنجہ والا تھا	کہ جنگ کرنیوالوں کے ساتھ جنگ کی خواہش کی
ز خصم پراگندہ خلقی بکشت	دگر جمع گشتند ہم رائی و پشت
پریشان دشمن کے ایک گروہ کو مار ڈالا	اور دوسرے لوگ باہم اور متفق ہو کر آئے
چنانش در حصارش کشیدند تنگ	کہ عاجز شد از تیر باران و سنگ
قلعہ میں اس کو اس طرح گھیر لیا	کہ تیر اور پتھروں کی بارش سے عاجز ہو گیا
بر نیکمردی فرستاد کس	کہ صعبم فرو ماندہ فریاد رس
نیکمرد کے پاس ایک آدمی کو بھیجا	کہ میں سخت تکلیف میں ہوں میری مدد کو پہنچ
بہمت مدد کن کہ شمشیر و تیر!	نہ در ہر وغائی بود دستگیر
ہمت سے مدد کر کیونکہ تلوار اور تیر	ہر لڑائی میں مددگار نہیں ہوتے
چو بشنید عابد بخندید و گفت	چرا نیم نانی نخورد و نخفت
جب عابد نے سنا ہنسا اور کہا	کیوں آدھی روٹی نہ کھائی اور نہ سویا
ندانست قارون نعمت پرست	کہ گنج سلامت بکنج اندرست
نعمت پرست قارون نے نہ جانا	کہ سلامتی کا خزانہ گوشۂ تنہائی میں ہے

گفتار در صبر بر ناتوانی بامید بہروزی

ترقی کی امید میں کمزوری پر صبر کرنے کے بیان میں

کمال است در نفس مرد کریم	گرش زر نباشد چہ نقصان و بیم
کریم آدمی کی ذات میں کمال ہے	اگر اسکے پاس روپیہ نہیں تو کیا نقصان اور خوف ہے
مپندار گر سفلہ قارون شود	کہ طبع لئیمش دگرگون شود
اگر کمینہ قارون ہو جائے تو یہ نہ سمجھ	کہ اس کی سلیس طبیعت بدل جائیگی
وگر در نیابد کرم پیشہ نان	نہادش توانگر بود ہمچنان!
اور اگر سخی آدمی کو روٹی نہ ملے	تو اس کی ذات ویسے ہی امیر رہے گی

سخاوت زمین ست سرمایه زرع
سخاوت زمین ہے اور مال کھیتی ہے
بده کاصل خالی نماند ز فرع
تو دے کہ جڑ شاخ سے خالی نہیں ہوتی

خدائی که از خاک مردم کند
وہ خدا جو خاک سے آدمی پیدا کرتا ہے
عجب دارم ار مردمی گم کند
مجھے تعجب ہے کہ وہ کسی کا اجر ضائع کرے

ز نعمت نهادن بلندی مجوی
مال جمع کرنے سے بلندی نہ ڈھونڈھ
که ناخوش کند آب استاده بوی
کیونکہ ٹھہرا پانی بدبو پیدا کرتا ہے

به بخشندگی کوش کآب روان
بخشش کرنے میں کوشش کر کیونکہ جاری پانی
به سیلش تفقد کند آسمان!
سیلاب سے آسمان اسپر مہربانی کرتا ہے

گر از جاه و دولت بیفتد لئیم
اگر مرتبہ اور دولت سے خسیس گر پڑے
دگر باره نادر شود مستقیم!
دوسری دفعہ اس کے لئے ابھر ہونا نادر ہوتا ہے

وگر قیمتی گوهری غم مدار
اور اگر تو قیمتی موتی ہے تو غم نہ رکھ
که ضائع نگرداندت روزگار
کیونکہ زمانہ تجھ کو ضائع نہ کرے گا

کلوخ ار چه افتاده باشد براه
ڈھیلا اگرچہ راستہ میں پڑا ہوا ہو
نه بینم که در وی کند کس نگاه
میں نہیں دیکھتا کہ کوئی اسکی طرف دیکھے

وگر خرده زر ز دندان گاز
اور اگر سونیکا ریزہ قینچی کے دانت سے
بیفتد بشمعش بجویند باز
گر پڑے تو اس کو شمع سے تلاش کرتے ہیں

بدر می کنند آبگینه ز سنگ
پتھر سے آئینہ باہر نکالتے ہیں
کجا ماند آئینه در زیر زنگ
آئینہ کہاں زنگ میں رہ سکتا ہے

پسندیده و نغز باید خصال!
خصلتیں پسندیدہ اور اچھی چاہئیں
که گاه آید و گاه رود جاه و مال
کیونکہ مال و مرتبہ کبھی آجاتا ہے کبھی چلا جاتا ہے

حکایت در معنی آسانی در پی دشواری

مشکل کے بعد آسانی کی حقیقت کے بیان میں

شنیدم ز پیران شیرین سخن
پیران شیرین زبان سے میں نے سنا ہے
که بود اندرین شهر پیری کهن
کہ اس شہر میں ایک پورانا بوڑھا تھا

بسی دیده شاهان و دوران و امر
بہت سے بادشاہ زمانہ و حکمت اس نے دیکھی تھی
سر آورده عمری ز تاریخ عمر
عمر کی تاریخ سے ایک عمر آخر لایا یعنی طبعی عمر تک پہنچا ہوا تھا

درختِ کہن میوہ تازہ داشت
کہ شہر از نکوئی پُر آوازہ داشت
پرانا درخت (یہ بڈھا) میوہ تازہ رکھتا تھا (یعنی) کا
کہ شہر میں اس کی خوبصورتی کی دھوم تھی

عجب در زنخدان آن دلفریب
کہ ہرگز نبودست بر سرو سیب
اس دلفریب کی تھوڑی پر تعجب ہے
کیونکہ کبھی سرو کے سر پہ سیب نہیں ہوا ہے

ز شوخی و مردم خراشیدنش
فرج دید در سر تراشیدنش
اس کی شوخی اور آدمیوں کے زخمی کرنے سے
اس کا سر مونڈنے میں رباپ نے آسانی دیکھی

بموسیٰ کہن عمر کوتہ امید
سرش کرد چون دستِ موسیٰ سپید
استرے سے بوڑھے کم عمری کی امید والے نے
اس کا (سر مونڈ کر) حضرت موسیٰ کے ہاتھ کی طرح سفید کر دیا

ز سر تیزی آن آہن و سنگ زاد
لعیب پری رخ زبان در نہاد
سر تیزی (یعنی تیز زبانی) اسے اس پتھر سے پیدا ہوئے لوہے نے
اس خوبصورت لڑکے کے نقص میں زبان کھولی!

بموئی کہ کرد از نکوئیش کم
نہادند حالی سرش در شکم
اس بال کے عوض میں جو اس کی خوبصورتی سے کم کیا
فوراً اس کا سر استرے کے پیٹ میں رکھا بند کر دیا!

چو چنگ از خجالت خوب سر روی
نگونسار و در پیشش افتادہ موی
چنگ کی طرح اس خوبصورت کا سر
اوندھا تھا اور اس کے آگے بال پڑے تھے

یکی را کہ خاطر در و رفتہ بود
چو چشمان دلبندش آشفتہ بود
ایک شخص جس کا دل اس کے ہاتھ لگا ہوا تھا
اسکے دل کے پھنسانیوالی آنکھوں کی طرح پریشان تھا

کسی گفت جور آزمودی و درد
دگر گردِ سودائی باطل مگرد
ایک شخص نے کہا تونے ظلم اور درد دکھایا آزمایا
پھر بیہودہ خیال کے نزدیک نہ جا

ز مہرش بگردان چو پروانہ پشت
کہ مقراض شمع جمالش بکشت
اس کی محبت سے پروانہ کی طرح پیٹ پھیرے
کیونکہ قینچی نے اس کی شمع جمال کو کاٹ دیا ہے

برآمد خروش از ہوادار چست
کہ تردامن آن را بود عہد سست
چست و چالاک آدمی نے شور کیا
کہ گنہگاروں کا عہد کمزور ہوتا ہے

پسر خوش منش باید و خوبروی
پدر گو بجہلش بیند از موی
لڑکا نیک عادات اور خوبصورت چاہیئے
باپ اگرچہ جہالت سے اسکے بال مونڈ دے

مرا جان بمہرش برآمیخت است
نہ خاطر بموئی در آویخت ست
اس کی محبت میں میری جان ملی ہوئی ہے
نہ کہ میرا دل اس کے بال میں لٹکا ہوا ہے

چو روئی نکو داری اندوہ مخور
که موی ار بیفتد بروید دگر!
جب تیرا خوبصورت ہے تو غم نہ کھا
کیونکہ بال اگر گر جائیں تو دوسری بار پیدا ہوں گے

نہ پیوستہ رز خوشۂ تر دہد
گہی برگ ریزد گہی بر دہد!
انگور ہمیشہ خوشہ تر پیدا نہیں کرتا
کبھی پتے گراتا ہے اور کبھی پھل دیتا ہے

بزرگان خور در حجاب اوفتند
حسودان چو اخگر در آب اوفتند
بزرگ سورج کی طرح حجاب میں بیٹھتے ہیں
اور حاسد چنگاری کی طرح پانی میں گرتے ہیں

برون آید از زیر ابر آفتاب
بتدریج و اخگر بمیرد در آب
سورج بادل کے نیچے سے نکلتا ہے
آہستگی سے اور چنگاری پانی میں مرتی ہے

ز ظلمت مترس ای پسندیدہ دوست
چہ دانی کہ آب حیات اندروست
اے پسندیدہ دوست تاریکی سے نہ ڈر
تو کیا جانے کہ آب حیات اس میں ہے

نہ گیتی پس از جنبش آرام یافت
نہ سعدی سفر کرد تا کام یافت
کیا جہان نے جنبش کے بعد آرام نہیں پایا
کیا سعدی نے سفر نہیں کیا یہاں تک کہ مقصد حاصل کیا

دل بی مرادی بفکرت مسوز
شب آبستن ست ای برادر بروز
دل نامرادی سے فکر میں نہ جلا
اے بھائی رات دن کے ساتھ حاملہ ہے

باب (۷) ہفتم در تربیت

ساتواں باب تربیت کے بیان میں

سخن در صلاح ست و تدبیر و خوی
نہ در اسپ و میدان و چوگان و گوی
اس باب میں بہتری تدبیر اور عادت کا ذکر ہے
نہ گھوڑے اور میدان اور چوگان اور گیند کا

چو با دشمن نفس ہم خانۂ
چو در بند بیگار بیگانۂ!
کیا تو نفس دشمن کے ساتھ ایک گھر میں رہتا ہے
کیا غیر کا مفت کام کرنے کی فکر میں ہے

عنان باز پیچان نفس از حرام
بمردی ز رستم گذشتند و سام
حرام سے نفس کی باگ کو پھیرنے والے
جوانمردی میں رستم اور سام سے سبقت لے گئے

کس از چون تو دشمن ندارد غمی
کہ با خویشتن بر نیائی ہمی
کوئی بھی تجھ جیسے دشمن سے خوف نہیں رکھتا
جبکہ تو اپنے ساتھ بر نہیں آتا

تو خود را چو کودک ادب کن بچوب
بگرز گران مغز مردم مکوب
تو اپنے آپ کو لڑکے کی طرح چھڑی سے ادب سکھلا
بھاری گرز کے ساتھ آدمیوں کا مغز نہ کوٹ

وجود تو شہریست پر نیک و بد | تو سلطان و دستور دانا خرد
تو وجود ہی ایک نیکی اور بدی سے بھرا ہوا شہر ہے | تو بادشاہ اور وزیر عقلمند اور دانا ہے

ہمانا کہ دونان گردن فراز | درین شہر کبر اند و سودای و آز
تحقیق کہ کمینے گردنیں بلند کرنیوالے (مغرور) | اس شہر میں تکبر غرور سودا اور طمع ہیں

رضا و ورع نیکنامان و حر | ہوا و ہوس راہزن و کیسہ بر
رضا اور پرہیزگاری نیکنام اور آزاد ہیں | حرص ہوا ڈاکو اور کیسہ کاٹنے والے

چو سلطان عنایت کند با بدان | کجا ماند آسایش بخردان!
جب بادشاہ بروں کے ساتھ مہربانی کرے | تو پھر عقلمندوں کا آرام کہاں رہے

ترا شہوت و حرص و کین و حسد | چو خون در رگانند و جان در جسد
تجھے خواہش و حرص اور کینہ و حسد | خون کی طرح رگوں میں اور جان کی طرح جسم میں ہیں

گر آن دشمنان تربیت یافتند | سر از حکم و رای تو بر تافتند
اگر ان دشمنوں نے پرورش پالی | تو سر تیری رائے اور حکم سے پھیرا

ہوا و ہوس را نماند ستیز | چو بینند سرپنجۂ عقل تیز!
حرص و خواہش کی لڑائی نہیں رہتی | جب عقل کے پنجہ کو مضبوط دیکھتے ہیں

نہ بینی کہ شب دزد و اوباش و خس | نہ گردند جائیکہ گردد عسس
تو نہیں دیکھتا رات کے چور کمینے اور بدمعاش | اس جگہ نہیں جاتے جہاں کوتوال پھرتا ہے

رئیسی کہ دشمن سیاست نکرد | ہم از دست دشمن ریاست نکرد
جس سردار نے دشمن کو تنبیہ نہ کی | وہ دشمن کے ہاتھ سے حکومت نہ کر سکا

نخواہم درین نوع گفتن بسی | کہ حرفی بس از کار بندد کسی
میں اس بارہ میں زیادہ کہنا نہیں چاہتا | کیونکہ ایک حرف ہی کافی ہے اسپر عمل کرنے

گفتار در فضیلت خاموشی و حلاوت خویشتن داری

خاموشی کی فضیلت اور خودداری کی لذت کے بیان میں

اگر پائی در دامن آری چو کوہ | سرت ز آسمان بگذرد در شکوہ
اگر تو اپنے پاؤں کو پہاڑ کی طرح دامن میں لائے (استقلال سے رہے) | تو تیرا سر دبدبہ میں آسمان سے بھی بلند ہو جائے

زبان درکش آن مرد بسیار دان | کہ فردا قلم نیست بر بی زبان
اے مرد بہت علم والے زبان بند کر | کیونکہ کل قیامت کو بے زبان کا حساب نہیں

صدف وار گوہر شناسانِ راز
دہن جز بلؤلؤ نکردند باز!
سیپی کی طرح راز کے موتی کو پہچاننے والوں نے
منہ کو سوائے موتی لینے کے نہ کھولا

فراوان سخن باشد آگندہ گوش
نصیحت نگیرد مگر در خموش
بہت باتیں کرنیوالا بہرہ ہوتا ہے
نصیحت اثر نہیں کرتی مگر چپ میں

چو خواہی کہ گوئی نفس بر نفس
حلاوت نیابی ز گفتار کس
جو تو چاہتا ہے کہ دمبدم بات کہے
تو تو کسی کی کلام میں مزا نہ پائیگا.

نباید سخن گفت ناساختہ
نشاید بریدن نینداختہ
ناموافق بات نہ کرنی چاہیئے
اور ناتمام بات کو کاٹنا چاہیئے

تامل کنان در خطا و صواب
بہ از ژاژ خایانِ حاضر جواب
نیک اور بد بات میں غور کرنے والے
بیہودہ حاضر جوابوں سے ناقص نہ بنا

کمال ست در نفسِ انسان سخن
تو خود را بگفتار ناقص مکن!
انسان کی ذات میں سخن کمال ہے
تو اپنے آپ کو باتوں سے ناقص نہ بنا

کم آواز ہرگز نہ بینی خجل
جوی مشک بہتر کہ یک تودہ گل
کم سخن آدمی شرمندگی نہیں اٹھاتا
ایک جو بھر مشک بہتر ہے ایک ڈھیر مٹی سے

حذر کن ز نادان دہ مرد گوی
چو دانا یکی گوی و پروردہ گوی!
دس آدمیوں کے برابر باتوں کرنیوالے سے حذر کر
دانا کی طرح ایک بات کہو لیکن معقول کہو

صد انداختی تیر و ہر صد خطاست
اگر ہوشمندی یک انداز و راست
تونے سو تیر چلائے لیکن سو ہی خطا ہیں
اگر تو ہوشمند ہے تو ایک درست تیر چلا

چرا گوید آن چیز در خفیہ مرد
کہ گر فاش گردد شود روی زرد
وہ چیز پوشیدگی میں آدمی کیوں کہے
کہ اگر وہ ظاہر ہو جائے تو شرمندہ ہو

مکن پیش دیوار غیبت بسی
بود کز پسش گوش دارد کسی
دیوار کے سامنے زیادہ غیبت نہ کر
ممکن ہے کہ اس کے پیچھے کوئی سننے والا ہو

درون دلت شہر بند ست راز
نگر تا نہ بیند در شہر باز
تیرے دل کے اندر راز کی شہر پناہ ہے
خیال رکھ تا کہ کوئی شہر کا دروازہ کھلا نہ دیکھے

ازان مرد دانا دہان دوخت ست
کہ بیند کہ شمع از زبان سوخت ست
اس لئے مرد عقلمند نے دہن سی لیا ہے
کیونکہ وہ دیکھتا ہے کہ شمع زبان سے جلی ہے

حکایت در حفظ اسرار

بھید کے پوشیدہ رکھنے کے بیان میں

تکش با غلامان یکی راز گفت	کہ این را نشاید بکس باز گفت
تکش بادشاہ نے غلاموں سے ایک راز کہا	کہ اس کو پھر کسی سے نہ کہنا چاہیئے
بسالی نیامد ز دل بر دہان	بیکروز شد منتشر در جہان
ایک سال تک وہ (راز) دل سے منہ پر نہ آیا	ایک روز جہان میں پھیل گیا
بفرمود جلاد را بیدریغ	کہ بردار سرہای اینان بہ تیغ
(بادشاہ نے) بیدریغ جلاد کو حکم دیا	کہ ان کے سر تلوار سے کاٹ دے
یکی زان میان گفت زنہار خواست	مکش بندگان کین گنہ از تو خواست
ایک نے ان میں سے پناہ چاہی اور کہا	غلاموں کو قتل نہ کر یہ گناہ تجھ سے ہوا ہے
تو اوّل نبستی کہ سرچشمہ بود	چو سیلاب شد پیش بستن چہ سود
تو نے اول بند نہ کیا کہ سرچشمہ تھا	جب سیلاب ہو گیا تو پھر باندھنے سے کیا فائدہ
تو پیدا مکن راز دل بر کسی	کہ او خود بگوید بر ہر کسی
تو دل کا بھید کسی پر ظاہر نہ کر	کیونکہ وہ خود ہر شخص کو کہدے گا
جواہر بگنجینہ داران سپار	ولی راز را خویشتن پاس دار
جواہرات کو خزانچیوں کے سپرد کر	لیکن راز کو اپنے پاس رکھ
سخن تا نگوئی برو دست ہست	چو گفتہ شود یابد او بر تو دست
جب تک تو بات نہ کہے تب تک وہ تیری اختیار میں ہے	جب تو اسے کہدے تو پھر وہ تجھ پر قابض ہے
سخن دیو بندیست در چاہ دل	ببالای کام و زبانش مہل
بات دیو کی طرح کے کنوئیں میں قید ہے	تالو اور زبان کے اوپر اس کو مت لا
توان باز دادن رہ نرہ دیو	ولی باز نتوان گرفتن بریو
سرکش دیو کی راہ کھولدینا ممکن ہے	لیکن پھر مکر سے پکڑنا ناممکن ہے
تو دانی کہ چون دیو رفت از قفس	نیاید بلاحول کس باز پس
تو جانتا ہے کہ جب دیو قفس سے بھاگ گیا	تو پھر کسی کی لاحول سے واپس نہیں آتا
یکی طفل بردارد از رخش بند	نیاید بصد رستم اندر کمند
اگر ایک لڑکا رخش کا (رستم کا گھوڑا) بند کھولدے	تو پھر سو رستم سے بھی وہ کمند میں نہیں آتا

مگوی آنکہ گر بر ملا اوفتد	وجودی ازان در بلا اوفتد
مت کہو اگر وہ بات ظاہر ہو جاوے	تو کوئی نہ کوئی آدمی اس سے مصیبت میں مبتلا ہو
بدہقان نادان چہ خوش گفت زن	بدانش سخن گوی و یا دم مزن
بیوقوف کسان سے اس کی عورت نے کیا خوب کہا	عقل کے ساتھ بات کر یا دم نہ مار

حکایت سلامت جاہل در حجاب خاموشی

جاہل کی سلامتی چپ رہنے کے پردے میں

یکی خوب خلق و خلق پوش بود	کہ در مصر یکچند خاموش بود
ایک شخص شیریں خصلت والا اور خرقہ پوش تھا	مصر میں چند دن تک چپ رہا
خردمند مردم ز نزدیک و دور	بگردش چو پروانہ جویان نور
عقلمند لوگ نزدیک اور دور سے	اس کے گرد پروانے کی طرح نور ڈھونڈنے والے
تفکر شبی با دل خویش کرد	کہ پوشیدہ زیر زبان ست مرد
ایک رات اس نے اپنے دل میں غور کیا	کہ مرد کا کمال زبان کے نیچے چھپا ہوا ہے
اگر من چنین سر بخود در برم	چہ دانند مردم کہ دانشورم
اگر میں اسی طرح اپنا سر جھکائے رکھوں	تو لوگ کیا جانیں کہ میں عقلمند ہوں
سخن گفت و دشمن بدانست و دوست	کہ در مصر نادان تر ازوی ہموست
اس نے بات کہی اور دوست اور دشمن نے سمجھا	کہ مصر میں اس سے زیادہ بیوقوف وہی ہے
حضورش پریشان شد و کار زشت	سفر کرد و بر طاق مسجد نبشت!
اس کی محفل پریشان اور کام خراب ہو گیا	سفر کیا اور مسجد کے طاق پر لکھا
در آئینہ گر خویشتن دیدمی	بہ بیدانشی پردہ ندریدمی
اگر میں آئینہ میں اپنے آپ کو دیکھتا	تو بیوقوفی سے اپنا عیب ظاہر نہ کرتا
چنین زشت ازان پردہ بر داشتم	کہ خود را نکو روی پنداشتم
اس طرح برا پردہ میں نے ان سے اٹھایا	کہ اپنے آپ کو خوبصورت یعنے اچھا جانتا
کم آواز را باشد آواز تیز	چو گفتی و رونق نماندت گریز
کم بولنے والے کی آواز تیز ہوتی ہے	جب تو نے کہا تیری رونق نہ رہی اب تو بھاگ
ترا خاموشی ای خداوند ہوش	وقار ست و نااہل را پردہ پوش

اگر عالمی ہیبت خود مبر — وگر عامئی پردۂ خود مدر
اگر تو عالم ہے تو اپنی ہیبت نہ کھو — اور اگر عامی ہے تو اپنا پردہ نہ پھاڑ

ضمیر دل خویش منمای زود — کہ ہرگہ خواہی توانی نمود!
اپنے دل کا راز جلدی نہ کہو — کیونکہ جب بھی تو چاہے کہہ سکتا ہے

ولیکن چو پیدا شود راز مرد — بکوشش نشاید نہان باز کرد
لیکن جب مرد کا راز ظاہر ہو جائے — تو پھر کوشش سے بھی پوشیدہ کرنا ناممکن ہے

قلم سر سلطان چہ نیکو نہفت — کہ تا کارد بر سر نبودش نگفت
قلم نے بادشاہ کا راز کیا اچھی طرح چھپایا — کیونکہ جبتک چاقو نے اس کا سر نہ کاٹا نہ کہا

بہایم خموشند و گویا بشر — پراگندہ گوی از بہایم بتر
چوپائے خاموش اور آدمی بولتے ہیں — بیہودہ باتیں کرنیوالا چوپایوں سے بدتر ہے

چو مردم سخن گفت باید بہوش — وگرنہ شدن چون بہایم خموش
آدمی کی طرح بات ہوش سے کرنی چاہیئے — ورنہ چوپایوں کی طرح چپ رہنا بہتر ہے

بنطق است و عقل آدمی زادہ فاش — چو طوطی سخن گوی نادان خموش
آدمی زادہ عقل اور نطق سے مشہور ہے — طوطی کی طرح بات کہو اور بیوقوف نہ بن

حکایت

یکی ناسزا گفت در وقت جنگ — گریبان دریدند وی را بچنگ
ایک شخص نے جنگ کے وقت بیہودہ باتیں کہیں — لوگوں نے اسکا گریبان چنگل سے پھاڑ دیا

قفا خوردہ عریان و گریان نشست — جہاندیدہ گفتش ای خود پرست
گردنی کھائی روتا ہوا ننگا ہو کر بیٹھا — ایک شخص جہاندیدہ نے اسکو کہا اے خودپرست

چو غنچہ گرت بستہ بودی دہن — دریدہ ندیدی چو گل پیرہن
اگر غنچہ کی طرح تیرا منہ بند ہوتا — تو تو پھول کی طرح اپنا منہ پھٹا ہوا نہ دیکھتا

سراسیمہ گوید سخن بر گزاف — چو طنبور بیمغز بسیار لاف
پریشان آدمی شیخی بھری باتیں کرتا ہے — جس طرح طنبور بیمغز بہت شور کرتا ہے

نہ بینی کہ آتش زبانست و بس — بآبی توان کشتنش در نفس
تو نہیں دیکھتا کہ زبان آگ ہے اور بس — اس کو دم بھر میں پانی سے بجھانا چاہیئے

وگر ہست مرد از ہنر بہرہ ور — ہنر خود بگوید نہ صاحب ہنر
مگر آدمی ہنر سے بہرہ ور ہے — تو ہنر خود کہتا ہے نہ کہ ہنر ور

اگر مشک خالص نداری مگوی
اگر تیرے پاس مشک خالص نہیں تو تو نہ کہو
گرت ہست خود فاش گردد ببوی
جو ہے تو اپنی بو سے کہے گی

بسوگند گفتن کہ زر مغز نیست
قسم کھا کر کہنا کہ سونا مغزی ہے یعنے خالص ہے
چہ حاجت محک خود بگوید کہ چیست
اس کی کیا حاجت ہے کسوٹی خود بتلا دیگی

بگویند ازین حرفگیران ہزار
اسی سبب سے ہزاروں نکتہ چین کہتے ہیں
کہ سعدی نہ اہل ست و آمیزگار
کہ سعدیؒ نالائق اور نہ ملنسار ہے

روا باشد ار پوستینم درند
اور ہوگا اگر میری پوستین پھاڑیں (یعنی عیب جوئی کریں)
کہ طاقت ندارم کہ مغزم برند
کیونکہ مجھ میں طاقت نہیں کہ میرا مغز کھائیں

حکایت

عضد را پسر نیک رنجور بود
عضد الدولہ کا لڑکا سخت بیمار تھا
شکیب از نہاد پدر دور بود
باپ کی طبیعت سے صبر دور تھا

یکی پارسا گفتش از روی پند
ایک پارسا نے نصیحت کے طور پر کہا
کہ بگذار مرغان وحشی ز بند
کہ گرفتار پرندوں کو چھوڑ دے

قفس ہای مرغ سحرخوان شکست
صبح کی بولنے والی چڑیوں کے قفس توڑ دیئے
کہ در بند ماند چو زندان شکست
کون قید میں رہتا ہے جب قید خانہ توڑ دیا جائے

نگہداشت بر طاق بستان سرای
محل کے طاق پر رہنے دی
یکی نامور بلبل خوش سرای
ایک مشہور گانے والی بلبل

پسر صبحدم سوی بستان شتافت
لڑکا صبح کے وقت باغ کو گیا
جز آن مرغ بر طاق ایوان نیافت
محل کے طاق پر سوا اس بلبل کے کسی کو نہ پایا

بخندید کای بلبل خوش نفس
ہنسا کہ اے خوش آواز بلبل
تو از گفت خود ماندۂ در قفس
تو اپنی بات کی وجہ سے قفس میں رہ گئی ہے

ندارد کسی با تو ناگفتہ کار
تجھ خاموش کے ساتھ کوئی کام نہیں رکھتا
ولیکن چو گفتی دلیلش بیار
لیکن جب تو نے کہا تو اس کی دلیل بیان کر

چو سعدی کہ چندی زبان بستہ بود
سعدی کی طرح جس نے چند دن زبان بند رکھی تھی
ز طعن زبان آوران رستہ بود
اور شاعروں کے طعن سے بچا ہوا تھا

کسی گیرد آرام و دل در کنار
وہی شخص دل کا آرام حاصل کرتا ہے
کہ از صحبت خلق گیرد کنار
جو لوگوں کی صحبت سے کنارہ اختیار کرتا ہے

مکن عیب خلق ای خردمند فاش
اے عقلمند لوگوں کے عیب ظاہر نہ کر
بہ عیب خود از خلق مشغول باش
لوگوں کے عیب سے اپنے عیب کی طرف مشغول رہ

چو باطل سرایند مگمار گوش
جب جھوٹ بات کہیں تو کان مت لگا
چو بی ستر بینی بصیرت بپوش
جب بے پردہ تو دیکھے تو پردہ پوشی کر

حکایت

شنیدم کہ در بزم ترکان مست
سنا میں نے کہ مست ترکوں کی محفل میں
مریدی دف و چنگ مطرب شکست
ایک مرید نے مطرب کا دف و چنگ توڑ دیا

چو چنگش کشیدند حالی بموی
چنگ کی طرح اس کے بال پکڑ کر کھینچے
غلامان و چون دف زدندش بروی
غلاموں نے دف کی طرح اس کے منہ کو پیٹا

شب از درد چوگان و سیلی نخفت
رات کو درد اور طمانچوں کی وجہ سے نہ سویا
دگر روز پیرش بہ تعلیم گفت
دوسرے دن پیر نے اس کو تعلیم دی

نخواہی کہ باشی چو دف روی ریش
اگر تو نہیں چاہتا کہ دف کی طرح زخمی منہ ہو
چو چنگ ای برادر سر انداز پیش
تو چنگ کی طرح اے بھائی اپنا منہ جھکا دے

حکایت

دو کس گرد دیدند و آشوب و جنگ
دو آدمیوں نے گرد شور اور لڑائی دیکھی
پراگندہ نعلین و پرندہ سنگ
جوتے اچھلتے اور پتھر اڑتے ہوئے دیکھے

یکی فتنہ دید از طرف برشکست
ایک شخص نے لڑائی دیکھی اور دوسری طرف ہٹ گیا
یکی در میان آمد و سر شکست
ایک شخص انکے درمیان میں اور سر تڑوا آیا

کسی خوشتر از خویشتن دار نیست
کوئی شخص اپنے آپ کو بچانیوالے سے اچھا نہیں
کہ با خوب و زشت کسش کار نیست
کہ اس کو کسی کے برے طرح سے کام نہیں

ترا دیدہ در سر نہادند و گوش
تیری آنکھوں اور کان سر میں لگائے
دہن جای گفتار و دل جای ہوش
منہ بولنے کیلئے اور دل ہوش کی جگہ ہے

مگر باز دانی نشیب از فراز
تاکہ پستی سے بلندی کو جدا جانے
نگوئی کہ این کوتہ است آن دراز
تو یہ نہ کہو کہ یہ چھوٹا ہے اور بڑا ہے

حکایت در معنی خاموشی و آفت بسیار سختی!

چپ رہنے کے آرام کی حقیقت اور بہت باتیں کرنے کی مصیبت کے بیان میں

چنین گفت پیری پسندیدہ ہوش
ایک عقلمند بوڑھے نے یہ کہا ہے
خوش آید سخن ہای پیران بگوش
بوڑھے لوگوں کی باتیں کانوں کو بھلی معلوم دیتی ہیں

که در هند رفتم بکنجی فراز ‌‌ ‌ چه دیدم چو یلدا سیاهی دراز
کہ میں ہندوستان میں ایک کنارہ کی طرف گیا ‌ کیا دیکھا ہوں کہ ایک حبشی اندھیری رات کی طرح لمبا تھا

در آغوش او دختری چون قمر ‌ فرو برده دندان بلب هاش در
اس کی گود میں ایک لڑکی ماہتاب کی طرح تھی ‌ اور اس کے لبوں کو اپنے دانتوں سے کاٹتا تھا

چنانش تنگ آورده اندر کنار ‌ که پنداری اللیل یغشی النهار
اس طرح اس کو اپنی گود میں دبایا ہوا تھا ‌ کہ جانے کہ رات دن کو چھپا رہی ہے

مرا امر معروف دامن گرفت ‌ فضول آتشی گشت و در من گرفت
امر معروف نے میرا دامن پکڑا ‌ فضول آگ بھڑکی اور میرے دامن کو لگی

طلب کردم از پیش و پس چوب و سنگ ‌ که ای ناخدا ترس بی نام و ننگ
میں نے آگے پیچھے سے پتھر اور لکڑی تلاش کی ‌ اور کہا اے خدا سے بے خوف بے نام و بے شرم

به تشنیع و دشنام و آشوب و زجر ‌ سپید از سیاه فرق کردم چو فجر
طعنے گالیاں اور شور اور جھڑکی سے ‌ صبح کی طرح سیاہ کو سفید سے علیحدہ کر دیا

شد آن ابر ناخوش ز بالای باغ ‌ پدید آن بیضه از زیر زاغ
وہ ناخوش بادل باغ کے اوپر سے ہٹا ‌ اور وہ انڈا کوے کے نیچے سے ظاہر ہوا

ز لاحولم آن دیو هیکل بجست ‌ پری پیکر اندر من آویخت دست
میرے لاحول سے وہ شیطان صورت بھاگا ‌ اس پری چہرہ لڑکی نے میرے گلے میں ہاتھ ڈال دیئے

که ای زرق سجاده ازرق پوش ‌ سیه کار دنیا خر دین فروش
کہ اے مکر کے غازی اور مکر کی گدڑی والے ‌ گناہگار دنیا کے خریدنے اور دین کے فروخت کرنیوالے

مرا عمرها دل ز کف رفته بود ‌ برین شخص و جان بر وی آشفته بود
ایک مدت سے میرا دل ہاتھ سے گیا ہوا تھا ‌ اس شخص پر اور میری جان اسکیلئے بیقرار رہتی

کنون پخته شد لقمهٔ خام من ‌ که گرمش بدر کردی از کام من
اب جبکہ میرا کچا لقمہ پک گیا تھا ‌ تو نے میرے تالو سے گرم ہی اس کو باہر کر دیا

تظلم بر آورد و فریاد خواند ‌ که شفقت برافتاد و رحمت نماند
اس عورت نے نالہ و فریاد شروع کیا ‌ مہربانی جاتی رہی اور رحمت باقی نہ رہی

نماند از جوانان کسی دستگیر ‌ که بستاندم داد ازین مرد پیر
کہ کوئی بھی جوانوں میں مددگار نہیں رہا ‌ کہ اس بوڑھے آدمی سے میرا بدلہ لے

که شرمش نباید ز پیری همی	زدن دست در ستر نامحرمی
کہ اس کو اس بڑھاپے میں شرم نہیں آتی	ایک نامحرم عورت کے پردہ میں ہاتھ مارنے سے
همی کرد و فریاد و دامن بچنگ!	مرا مانده سر در گریبان ز ننگ
یہ فریاد کرتی تھی اور میرا دامن اس کے ہاتھ میں	اور شرم سے میرا سر گریبان میں تھا
برون رفتم از جامه در دم چو سیر	که ترسیدم از زجر برنا و پیر
میں ایک لمحہ میں لہسن کی طرح کپڑوں سے باہر ہو گیا	کیونکہ جوانوں اور بوڑھوں کی ملامت سے ڈرتا تھا
برهنه دوان رفتم از پیش زن	که در دست او جامه بهتر که من
میں عورت کے آگے سے ننگا بھاگا	کیونکہ اس کے ہاتھ میں میرا جامہ بہتر نہ کہ میں
پس از مدتی کرد بر من گذار	که میدانیم گفتمش زینهار
ایک مدت کے بعد وہ میرے سامنے (یا پاس آئی)	کہ مجھ کو تو جانتا ہے میں نے کہا ہرگز نہیں
که من توبه کردم بدستِ تو بر	که گردِ فضولی نگردم دگر!
میں نے تیرے ہاتھ پہ توبہ کی	کہ فضول کاموں کے گرد پھر نہ پھروں گا
کسی را نیاید چنین کار پیش	که عاقل نشیند پس کار خویش
کسی کو یہ معاملہ پیش نہیں آتا	جو کہ اپنے کام کے پیچھے عقلمندوں کے پاس بیٹھتا ہے
ازین شنعت این پند برداشتم	وگر دیده نادیده انگاشتم
اس رسوائی سے میں نے یہ نصیحت حاصل کی	کہ دوسری دفعہ دیکھے ہوئے معاملہ کو ان دیکھا ہوا سمجھا
گرت عقل و رای است و تدبیر و هوش	چو سعدی سخن گوی ور نه خموش
اگر تجھ میں عقل رائے تدبیر اور ہوش ہے	تو سعدی کی طرح بات کر ورنہ خاموش رہو

حکایت در فضیلت ستر پوشی

پردہ پوشی کی فضیلت	کے بیان میں
یکی پیش داود طائی نشست	که دیدم فلان صوفی افتاده مست
ایک شخص داؤد طائی کے پاس بیٹھا اور کہا	کہ میں نے فلاں صوفی کو مست پڑا ہوا دیکھا
قی آلوده دستار و پیراهنش!	گروهی سگان حلقه پیرامنش
اس کا کرتہ اور پگڑی قے میں بھرا ہوا تھا	اور کتوں کا ایک گروہ اس کے گرد جمع تھا
چو فرخنده خوی این حکایت شنید	ز گوینده ابرو بهم درکشید!
جب اس مبارک خصلت نے یہ قصہ سنا	تو کہنے والے سے ناراض ہوئے

زمانی بر آشفت و گفت ای رفیق — بکار آید امروز یار شفیق!
کچھ دیر خفا رہے پھر کہا اے مہربان — آج کے دن مہربان دوست کام آتا ہے

بروزان مقام شنیعش بیار — که در شرع نہی ست و در خرقه عار
جا اور اس برے مقام سے اس کو لے آ — کیونکہ جو کام اس نے کیا ہے شرع میں منع اور فقیری کیلئے عار ہے

به پشتش بر آور چو مردان که مست — عنان طریقت ندارد بدست
مردوں کی طرح اس کو پیٹھ پر لا کیونکہ مدہوش — اختیار کی باگ اپنے ہاتھ میں نہیں رکھتا

نیوشنده شد زین سخن تنگدل — بفکر فرو رفت چون خر بگل
سننے والا اس بات سے آزردہ ہوا — سوچ میں پھنس گیا جیسے گدھا کیچڑ میں پھنستا ہے

نه یارا که فرمان نگیرد بگوش — نه رغبت که مست اندر آرد بدوش
نہ اس بات کی طاقت کہ حکم کو نہ سنے — اور نہ رغبت کہ مدہوش کو کندھوں پر اٹھا کر لائے

زمانی به پیچید و درمان ندید — ره سرکشیدن ز فرمان ندید
کچھ دیر پیچ و تاب کھاتا رہا اور علاج نہ دیکھا — اور حکم سے سرتابی کرنیکا راستہ نہ پایا

میان بست بے اختیارش بدوش — در آورد شہری برو عام جوش
کمر باندھی اور اس کو بے اختیار کندھوں پر — اٹھا کر لایا اور شہر والوں نے اسپر شور کیا

یکی طعنه میزد که درویش بین — زہی پارسائی و تقوی و دین
ایک طعنہ دیتا تھا کہ فقیر کو دیکھو — کیا خوب پارسائی تقوی اور دین ہے

یکی صوفیان بین که می خورده اند — مرقع به سیکی گرو کرده اند
ایک کہتا تھا صوفیوں کو دیکھو کہ شراب پی ہے — اور گدڑی کو شراب کے عوض میں گرو رکھا ہے

اشارت کنان این و آن را بدست — که این سرگرانست و آن نیم مست
اس کو اس کو ہاتھوں سے اشارہ کرتے ہوئے — کہ یہ مدہوش ہے اور وہ نیم مست ہے

به گردن بر از جور دشمن حسام — به از شنعت شہر و جوش عوام
گردن پر دشمن کے ظلم سے تلوار — بہتر ہے شہر کی طعنہ زنی اور عام لوگوں کے جوش سے

بلا خورد و روزی بمحنت گذاشت — بناکام بردش بجائی که داشت
غم کھایا اور ایک دن محنت میں گذارا — آخر اس کو مناسب جگہ پر لے گیا تھا

شب از شرمساری و فکرت نخفت — بخندید طائی دگر روز و گفت
رات بھر شرمندگی اور فکر سے نہ سویا — دوسرے دن طائی ہنسے اور فرمایا

مریز آبروی برادر بکوے	کہ دہرت بریزد بشہر آبروے
بھائی کی آبرو گلی میں نہ گرا	کہ زمانہ تیری آبرو شہر میں گرا
بد اندر حق مردم نیک و بد	مگوی ای جوان مرد صاحب خرد
نیک اور بد لوگوں کے حق میں	اے جوانمرد صاحب عقل نہ کہو
کہ بد مرد را خصم خود می کنی!	وگر نیک مرد است بدمی کنی
کیونکہ برے آدمی کو اپنا دشمن بناتا ہے	اور اگر نیک مرد ہے تو تو برا کرتا ہے
ترا ہر کہ گوید فلان کس بد است	چنین دان کہ در پوستین خود است
تجھے جو شخص کہے کہ فلاں آدمی برا ہے	تو یہ سمجھ کہ وہ اپنی عیب گوئی میں ہے
کہ فعل فلان را بباید بیان	وزین فعل بدمی تراید عیان
کیونکہ فلاں شخص کے فعل کے ثبوت کیلئے کافی بیان چاہئے	اور اس سے تو فعل بد ٹپک رہا ہے
بہ بد گفتن خلق چون دم زدی	اگر راست گوی سخن ہم بدی
لوگوں کی برائی بیان کرنے میں جب تو نے دم مارا	اگر تو سچ بھی کہے تو یہ برائی ہے
حکایت	
زبان کرد شخصی بغیبت دراز	بدو گفت دانندۂ سرفراز
ایک شخص نے بدگوئی میں زبان لمبی کی	اس کو ایک سربلند عقلمند نے کہا
کہ یاد کسان پیش من بد مکن	مرا بدگمان در حق خود مکن
کہ لوگوں کو میرے سامنے برائی سے یاد نہ کر	اور اپنے حق میں مجھے بدگمان نہ بنا
گرفتم ز تمکین او کم نبود	نخواہد بجاہ تو اندر فزود
میں نے فرض کیا کہ تو نے اس کا مرتبہ کم کردیا	لیکن تیری عزت میں بھی زیادتی نہ ہوئی
حکایت	
کسی گفت پنداشتم طیبت ست	کہ دزدی بسامان تر از غیبت ست
کسی نے کہا اور میں نے اس کو مذاق سمجھا	کہ چوری کرنا غیبت سے بہتر ہے
بدو گفتم ای یار آشفتہ ہوش	شگفت آید این داستانم بگوش
میں نے اس سے کہا کہ اے یار پریشان ہوش والے	یہ بات میرے کان کو تعجب معلوم دیتی ہے
بہ ناراستی در چہ بینی بہی	کہ بر غیبتش مرتبت می نہی
چوری میں تو کیا بھلائی دیکھتا ہے	کہ اس کا مرتبہ غیبت سے زیادہ بیان کرتا ہے
بلی گفت دزدان تہوّر کنند	بہ بازوی مردی شکم پر کنند
کہا ہاں چور بہادری کرتے ہیں	اور بہادری سے پیٹ پالتے ہیں

نہ غیبت کن تا سزاوار مرد | کہ دیوان سیاہ کرد چیزی نخورد
نہ کہ غیبت کرنے والے نالائق مرد کی طرح | نامہ اعمال کو سیاہ کیا اور کوئی چیز نہ کھائی

مرا در نظامیہ ادرار بود | شب و روز تلقین و تکرار بود
مدرسہ نظامیہ میں میرا وظیفہ مقرر تھا | رات دن تعلیم و تکرار سے کام تھا

مر استاد را گفتم ای پر خرد | فلان یار بر من حسد می برد
میں نے اُستاد سے کہا کہ اے عقلمند | کہ فلاں دوست مجھ پر حسد کرتا ہے

چو من داد معنی وہم در حدیث | بر آید بہم اندرون خبیث!
جب میں حدیث میں معنے بیان کرتا ہوں | تو خبیث آدمی کا دل آزردہ ہوتا ہے

شنید این سخن پیشوای ادب | بہ تندی بر آشفت گفت ای عجب
اُستاد نے یہ بات سنی | بہت خفا ہؤا اور کہا کہ تعجب ہے

حسودی پسندت نیاید ز دوست | ندانم کہ گفتت کہ غیبت نکوست
دوست سے حسد کرنا تجھ کو پسند نہیں آتا | میں نہیں جانتا کہ کس نے تجھ کو کہا ہے کہ غیبت اچھی ہے

گر او راہِ دوزخ گرفت از خسی | ازین راہ دیگر تو در وی رسی
اگر اس نے کمینہ پن سے دوزخ کی راہ لی | تو تو اس دوسری راہ (غیبت) سے دوزخ میں پہنچیگا!

کسی گفت حجاج خونخوارہ ایست | دلش ہمچو سنگ سیاہ پارہ ایست
ایک شخص نے کہا کہ (حجاج بن یوسف) ظالم ہے | اس کا دل سیاہ پتھر کے ٹکڑے کی طرح ہے

نترسد ہمی ز آہ و فریاد خلق | خدایا تو بستان از و داد خلق
لوگوں کی آہ و فریاد سے نہیں ڈرتا | اے خدا تو اس سے خلق کا انصاف لے۔ (بدلہ لے)

جہاندیدۂ پیر دیرینہ زاد | جوان را یکی پند پیرانہ داد
ایک جہاندیدہ پورانی طبیعت کے بوڑھے نے | جوان کو ایک نصیحت بوڑھوں والی دی

کز و داد مظلوم مسکین او | بخواہند وز دیگران کین او
کہ اس حجاج سے مسکین لوگوں کا بدلہ | چاہینگے (قیامت کے روز) اور دوسرے لوگوں سے اسکا بدلہ

تو دست از وی و روزگارش بدار | کہ خود زیر دستش کند روزگار
تو اس سے اور اسکے زمانہ سے ہاتھ اٹھا | کیونکہ زمانہ خود اس کو عاجز کردے گا

نہ بیداد از و بہرہ مند آمدم | نہ نیز از تو غیبت پسند آمدم
مجھ کو اس کا ظلم پسند نہیں آیا | اور نہ تجھ سے اس کی بدگوئی پسند آئی

بدوزخ برد مدبری را گناہ — کہ پیمانہ پر کرد و دیوان سیاہ

اس بدبخت کو گناہ دوزخ میں لے جائیگا — کہ زندگی آخر کی اور نامہ اعمال کو سیاہ کیا

دگر کس بہ غیبت پیش می دود — مبادا کہ تنہا بدوزخ رود

دوسرا آدمی بدگوئی کے باعث اسکے پیچھے دوڑتا ہے — تاکہ ایسا نہ ہو کہ وہ تنہا دوزخ میں جائے

حکایت

شنیدم کہ از پارسایان یکی — بہ طیبت بخندید با کودکی!

سنا میں نے کہ نیک لوگوں میں سے ایک شخص — مذاق کے ساتھ ایک لڑکے سے ہنسا

دگر پارسایان خلوت نشین — بہ غیبش فتادند در پوستین

دوسرے پارسا خلوت نشین لوگوں نے — پوشیدگی میں اسکی پوستین میں گر پڑے (بدگوئی کی)

بآخر نماند این حکایت نہفت — بصاحب نظر باز گفتند و گفت!

آخر یہ بات پوشیدہ نہ رہی — اس صاحب نظر سے لوگوں نے کہا اس نے جواب دیا

مدر پردہ بر یار شوریدہ حال — نہ طیبت حرامست و غیبت حلال

پریشان حال دوست کا پردہ نہ پھاڑ — مذاق حرام نہیں اور غیبت حلال نہیں

حکایت

بہ طفلی درم رغبت روزہ خواست — ندانستمی چپ کدامست و راست

بچپن میں مجھ کو روزہ رکھنے کی خواہش ہوئی — اور مجھے نیک و بد میں تمیز نہیں تھی

یکی عابد از پارسایان کوی — ہمی شستن آموختم دست و روی

گلی کے نیک لوگوں میں سے ایک عابد — مجھ کو ہاتھ منہ دھونا سکھلاتا تھا

کہ بسم اللہ اوّل بسنت بگوی — دوم نیت آرم سوم کف بشوی

کہ پہلے سنت کے مطابق بسم اللہ کہو — دوسری بار نیت کر اور تیسری بار ہتھیلی دھو

پس آنگہ دہن شوی و بینی سہ بار — مناخر بانگشت کوچک بخار

پھر اس کے بعد منہ دھو اور تین مرتبہ ناک میں پانی ڈال — اور چھوٹی انگلی سے نتھنے کھجا

بسبابہ دندان پیشین بمال — کہ نہی است در روزہ بعد از زوال

اور شہادت کی انگلی سے آگے کے دانت مل — کیونکہ روزہ کی حالت میں بعد زوال آفتاب مسواک منع ہے

وزان پس سہ مشت آب بر روی زن — ز رستنگہ موی سر تا ذقن

اس کے بعد تین چلو پانی منہ پر ڈال — سر کے بال نکلنے کی جگہ سے تھوڑی تک

دگر دستہا تا بمرفق بشوی — ز تسبیح و ذکر آنچہ دانی بگوی

پھر ہاتھوں کو کہنیوں تک دھو — اور تسبیح ذکر جو کچھ کہ تو جانے پڑھ

دگر مسح سر بعد ازان غسل و پای — ہمینش ختمش بنام خدای
پھر سر کا مسح اور اس کے بعد پاؤں دھو — یہی ہے اور اس کا خاتمہ اللہ کے نام پر ہو

کس از من نداند درین شیوہ بہ — نہ بینی کہ فرتوت شد پیر دہ
کوئی مجھ سے بہتر اس طریق کو نہیں جانتا — تو نہیں جانتا کہ گاؤں کا بوڑھا فرتوت ہوگیا مسلوب العقل

شنید این سخن دہ خدای قدیم — بشورید و گفت ای خبیث رجیم
اس بات کو گاؤں کے قدیم مالک نے سنا — غصہ ہوا اور کہا کہ اے مردود بدکار

نہ مسواک در روزہ گفتی خطاست — بنی آدم مردہ خوردن رواست
تو نے نہیں کہا کہ روزہ میں مسواک کرنا منع ہے — کیا اولاد آدم کو مردہ کھانا یعنے غیبت کرنا روا ہے

دہان گر ز ناگفتنیہا نخست ! — بشوی کہ از خوردنیہا بشست
منہ کو پہلے ناگفتہ باتوں سے (یعنے غیبت وغیرہ سے) — دھوئیے بہتر ہے بجائے اسکے کھانے کے لئے منہ دھویا

کسی را کہ نام آمد اندر میان — بہ نیکو ترین نام و نعتش بخوان
جس شخص کا نام درمیان میں آیا — تو نہایت بہتری کیساتھ اسکا نام لے اور اسکی تعریف کر

چو ہموارہ گوئی کہ مردم خراند — مبر ظن کہ نامت چو مردم برانند
جب تو ہمیشہ کہے کہ لوگ گدھے ہیں — تو یہ گمان نہ کر کہ دوسرے لوگ تجھ کو آدم کہیں گے

چنان گوی سیرت بکوی اندرم — کہ گفتن توانی بروی اندرم
میری ایسی خصلت محلہ میں بیان کر — جو تو میرے منہ پر بھی کہہ سکے

و گر شرمت از دیدۂ ناظر است — نہ ای بی بصر غیب دان حاضر است
اگر تجھ کو دیکھنے والے کی آنکھ سے شرم ہے — تو تو اندھا نہیں غیبدان (یعنے خدا) حاضر ہے

نیاید ہمی شرمت از خویشتن — کز و فارغ و شرم داری ز من
تجھے کو اپنے آپ سے شرم نہیں آتی — کہ خدا سے تو بے پرواہ ہے اور مجھ سے شرم کرتا ہے

حکایت

طریقت شناسان ثابت قدم — بخلوت نشستند چندی بہم
ثابت قدم طریقت کے جاننے والے — چند آدمی خلوت میں اکٹھے بیٹھے تھے

یکی زان میان غیبت آغاز کرد — در ذکر بیچارۂ باز کرد
ایک نے ان میں سے غیبت شروع کی — اور ایک بیچارہ کے ذکر کا دروازہ کھولا

کسی گفتش ای یار شوریدہ رنگ — تو ہرگز غزا کردۂ در فرنگ
ایک نے اس کو کہا کہ ایک بار پریشان حال — تو نے کبھی فرنگستان میں لڑائی کی ہے

بگفت ازپس چار دیوارِ خویش
(اس نے جواب دیا) اپنی چار دیواری سے
ہمہ عمر ننہادہ ام پائی پیش!
میں نے تمام عمر اپنا پاؤں آگے نہیں رکھا

چنین گفت درویش صادق نفس
درویش صادق نفس نے کہا
ندیدم چنین بخت برگشتہ کس
کہ میں نے ایسا بدنصیب کوئی شخص نہیں دیکھا

کہ کافر زپیکارش ایمن نشست
کہ کافر تو اس کی لڑائی سے محفوظ رہا
مسلمان زجور زبانش نرست
لیکن (مسلمان) اسکی زبان کے ظلم سے نہ چھوٹا

حکایت

چہ خوش گفت دیوانۂ مرغزی
شہر مرغز کے رہنے والے ایک دیوانہ نے کیا عمدہ بات کہی
حدیثی کزان لب بدندان گزی
ایسی بات کہ تو اس کو اپنے ہونٹوں اور دانتوں کو کاٹے

من ازنام مردم بزشتی برم
بس اگر لوگوں کا نام برائی سے بول
نگویم بجز غیبت مادرم
(تو چاہیے) تو سوائے اپنی ماں کی غیبت کے کچھ نہ کہوں

کہ دانند پروردگانِ خرد
کیونکہ عقلمند جانتے ہیں
کہ طاعت ہمان بہ کہ مادر برد
کہ عبادت وہی اچھی ہے جس کا ثواب ماں کو پہنچے

رفیقی کہ غائب شد ای نیکنام
اے نیک نام جو دوست کہ پوشیدہ ہوگیا مرگیا
دو چیزست ازو بر رفیقان حرام
تو اس سے دو چیزیں (رفیقوں) پر حرام ہیں

یکی آنکہ مالش بباطل خورند
ایک یہ کہ ناحق اس کا مال کھائیں
دوم آنکہ نامش بزشتی برند
دوم یہ کہ اس کا نام برائی کے ساتھ لیں

ہر آن کو برد نامِ مردم بعار
وہ شخص جو لوگوں کا نام برائی سے لیتا ہے
تو چشمِ نکوئی ازوی مدار
تو تو اس سے نیک کہنے کی امید نہ رکھ

کہ اندر قفائی تو گوید ہمان
کیونکہ تیرے پیچھے وہی بات کہتا ہے
کہ پیش تو گفت ازپس مردمان
جو کہ تیرے سامنے اس نے لوگوں کے پیچھے کہی

کسی پیشِ من درجہان عاقل است
میرے نزدیک وہ شخص جہان میں عقلمند ہے
کہ مشغول خود وزجہان غافل است
جو اپنے آپ میں مشغول اور جہان سے غافل ہے

حکایت

سہ کس را شنیدم کہ غیبت رواست
میں نے سنا ہے کہ تین آدمیوں کی غیبت روا ہے
چو زین درگذشتی چہارم خطاست
جب اس سے تو گذرا تو چہارم گناہ ہے

یکی بادشاہِ ملامت پسند
ایک ملامت پسند بادشاہ
کزو بردلِ خلق بینی گزند
کہ اس سے لوگوں کے دل پر تو تکلیف دیکھے

حلال است ازو نقل کردن خبر — مگر خلق باشند ازو پرحذر

اس کی بری بات بیان کرنا حلال ہے — تاکہ لوگ اس سے پرہیز کریں!

دوم پردہ بر بی حیائی متن — کہ خودمی دردپردہ خویشتن

دوم اس بے حیا پر پردہ نہ ڈال — جو اپنا پردہ خود پھاڑتا ہے (یعنے اپنے عیب ظاہر کرتا ہے)

زخوضش مداری. برادر گنا — کہ او می درافتد بگردن بچاہ

اس کے ڈوبنے کو اے بھائی گناہ خیال نہ کر — کیونکہ وہ خود گردن کے بل کنوئیں میں گرتا ہے

سوم کژ ترازوی نا راستگوی — زفعل بدش ہرچہ دانی بگوی

سوم کم تولنے والا جھوٹا — اس کی برائی کے متعلق جو کچھ تو جانے بیان کر

حکایت

شنیدم کہ دزدی در آمد ز دشت — بدروازۂ سیستان درگذشت

سنا میں نے ایک چور جنگل سے آیا — اور سیستان کے دروازہ پر گزرا

چو چیزی خرید از بقال کوی — زماکول و طعمی کہ بایستش اوی

جب اس نے گلی کے بنئے سے کچھ چیزیں خریدیں — کھانے وغیرہ کے متعلق جن کو وہ پسند کرتا تھا

بدزدید بقال ازو نیم دانگ — برآورد دزد سیاہ کار بانگ

بنئے نے اس میں سے آدھا دانگ چرایا — اور گنہگار چور نے ایک شور مچایا

خدایا تو شب روی بآتش بسوز — کہ رہ میزند سیستانی بروز

اے خدا تو چور کو آگ میں جلا — کہ ایک سیستانی دن کو چوری کرتا ہے

حکایت

یکی گفت با صوفیٔ باصفا — ندانی فلانت چہ گفت از قفا

ایک شخص نے ایک باصفا صوفی سے کہا — تو نہیں جانتا کہ فلاں شخص نے تیرے پیچھے کیا کہا

بگفتا خموش ای برادر بخفت — ندانستہ بہتر کہ دشمن چہ گفت

اس نے کہا اے بھائی خاموش سو رہ — نہ جاننا بہتر ہے کہ دشمن نے کیا کہا

کسانیکہ پیغام دشمن برند — زدشمن ہمانا کہ دشمن ترند

جو شخص دشمن کا پیغام پہنچاتے ہیں — وہ بیشک دشمن سے زیادہ دشمن ہیں

نیارست دشمن جفا گفتنم — چنان کز شنیدن بلرزد تنم

دشمن مجھ پر ظلم نہ کرے گا — ایسی باتوں کے پہنچنے سے کہ جنکے سننے سے میرا بدن کانپے

تو دشمن تری کاوری بر دہان — کہ دشمن چنین گفت اندر نہان

تو زیادہ دشمن ہے جو منہ پر لاتا ہے — کہ دشمن نے پوشیدہ طور پر یہ کہا ہے

سخن چین کند تازہ جنگ قدیم
بخشم آورد نیک مردِ سلیم

غیبت کرنیوالا پرانی لڑائی کو تازہ کرتا ہے
اور نیک اچھی طبیعت والے آدمی کو غصہ میں لاتا ہے

ازان ہمنشین تا توانی گریز
کہ مر فتنۂ خفتہ را گفت خیز

ایسے ہمنشین سے جہاں تک ہو سکے گریز کر
کہ جس نے سوئے ہوئے فتنہ کو کہا کہ اٹھ

سیاہ چال مرد اندرو بستہ پائی
بہ از جائی فتنہ بردن بجائی

اندھیرا کنواں اور آدمی اس کے اندر پاؤں بندھے ہوئے
بہتر ہے فساد کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانیوالے سے

میان دو تن جنگ چون آتش ست
سخن چین بدبخت ہیزم کش ست

دو آدمیوں کے درمیان لڑائی آگ کی مثل ہے
اور چغلخور بدبخت اس میں لکڑیاں ڈالنے والا ہے

فریدون وزیری پسندیدہ داشت
کہ روشن دل و دوربین دیدہ داشت

فریدوں بادشاہ کا ایک بہتر وزیر تھا
صاف دل انجام کو دیکھنے والا آنکھیں رکھتا تھا

رضائی حق اوّل نگہداشتی
دگر پاس فرمان شہ داشتی

اللہ تعالےٰ کی رضا کو پہلے نگاہ رکھتا تھا
اور پھر بادشاہ کے حکم کی عزت کرتا تھا

نہد عامل سفلہ بر خلق رنج
کہ تدبیر ملک است و توفیر گنج

کمینہ عامل رعایا کو تکلیف دیتا ہے
کہ اس سے ملک کی بھلائی اور خزانہ کی زیادتی ہے

اگر جانبِ حق نداری نگاہ
گزندت رساند ہم از پادشاہ

اگر تو اللہ تعالیٰ کی طرف نگاہ نہیں رکھتا
تو وہ تجھ کو بادشاہ کی طرف سے بھی صدمہ پہنچائیگا

یکی رفت پیش ملک بامداد
کہ ہر روزت آسایش و کام باد

ایک شخص صبح کے وقت بادشاہ کے پاس گیا
کہ تیرا ہر روز آسودہ اور تیرا مقصد حاصل ہو

غرض مشنو از من نصیحت پذیر
ترا در نہان دشمن است این وزیر

میری غرض نہ سن بلکہ مجھ سے نصیحت قبول کر
کہ تیرا یہ وزیر پوشیدگی میں تیرا دشمن ہے

کس از خاص لشکر نماندست و عام
کہ سیم و زر از وی نگیرد بوام

کوئی شخص بھی لشکر عام اور خاص سے نہیں رہا
کہ جس نے سونا چاندی اس سے قرض نہیں لیا

بشرطیکہ چون شاہ گردن فراز
بمیرد دہند آن زر و سیم باز

اس شرط پر کہ جب بادشاہ بلند مرتبہ
مر جائے تو اس سونا چاندی کو واپس ادا کریں

نخواہد ترا زندہ آن خود پرست
مبادا کہ نقدش نیاید بدست

وہ خود پرست تیری زندگی نہیں چاہتا
ایسا نہ ہو کہ اس کی نقدی اس کو نہ ملے

یکی سوی دستور دولت پناه	بچشم سیاست نگاه کرد شاه
ایک بار وزیر دولت پناہ کی طرف	بادشاہ نے رعب کی نظر سے دیکھا
که در صورت دوستان پیش من	بخاطر چرائی بد اندیش من!
کہ دوستوں کی شکل سے میرے سامنے	دل میں میرا تو کیوں دشمن ہے
زمین پیش تختش ببوسید و گفت	چو پرسیدی اکنون نشاید نهفت
وزیر نے اسکے تخت کے آگے کی زمین چومی اور کہا	جب تونے پوچھا ہے تو اب چھپانا نہیں چاہیئے
چنین خواهم ای نامور پادشاه	که باشند خلقت همه نیک خواه
اے نامور بادشاہ میں ایسا چاہتا ہوں	کہ لوگ ہمیشہ تیری بھلائی چاہیں
چو مرگت بود وعدهٔ سیم من	بقایش خواهندت از بیم من
جب تیری موت میرے روپیہ کا وعدہ ہو	تو وہ تیری سلامتی زیادہ چاہینگے میرے خوف سے
نخواهی که مردم بصدق و نیاز	سرت سبز خواهند و عمرت دراز
تو نہیں چاہتا کہ لوگ خلوص اور نیاز سے	تیرا سر سبز ہونا اور تیری عمر کا زیادہ ہونا چاہیں
غنیمت شمارند مردان دعا	که جوشن بود پیش تیر بلا
مرد دعا کو غنیمت سمجھتے ہیں	کیونکہ دعا تیر بلا کے لئے جوشن (زرہ) ہوتی ہے
پسندید از و شهریار آنچه گفت	تگ رویش از تازگی بر شکفت
بادشاہ نے پسند کیا جو کچھ اس نے کہا	اسکا (وزیر کا) چہرہ تازگی سے شگفتہ ہوا
ز قدر و مکانیکه دستور داشت	مکانش بیفزود و قدرش نکاشت
مرتبہ اور درجہ سے جو کہ وزیر کا تھا	اس کا مرتبہ بڑھا اور اس کا رتبہ کم نہ کیا
ندیدم ز غماز سرگشته تر!	نگون طالع و بخت برگشته تر
میں نے چغلخور سے زیادہ پریشان کسی کو نہ دیکھا	اوندھے نصیب والا اور زیادہ بدبخت
ز نادانی و تیره رائی که اوست	خلاف افگند در میان دو دوست
نادانی اور بداندیشی سے کہ جو اس کو ہے	دو دوستوں کے درمیان اختلاف ڈالتا ہے
کنند این و آن خوش دگر باره دل	وی اندر میان کور بخت و خجل!
یہ اور وہ (یعنے دوست دشمن) دوسری دفعہ دل خوش کریں	اور وہ چغلخور درمیان میں بدنصیب شرمندہ ہے
میان دو کس آتش افروختن	نه عقل ست و خود در میان سوختن
دو شخصوں کے درمیان آگ کا جلانا	عقلمندی نہیں اور خود درمیان انکے جلنا

چو سعدی کسی ذوق خلوت چشید! — که از ہر که عالم زبان در کشید
سعدی کی طرح اس شخص نے خلوت کا مزہ اٹھایا — کہ جس نے جہان والوں سے زبان بند کر لی

بگو آنچه دانی سخن سودمند — دگر ہیچکس را نیاید پسند
فایدہ مند بات جو تو جانتا ہے بیان کر — اگرچہ وہ کسی کو پسند نہ آئے

که فردا پشیمان بر آرد خروش — که آیا چرا حق نکردم بگوش
کیونکہ کل وہ پشیمان ہو کر شور مچائیگا — کہ آیا کیوں میں سچی بات کو نہ سنا

زن خوب فرمان بر پارسا — کند مرد درویش را پارسا
تابعداری کرنے والی نیک عورت — فقیر مرد کو بادشاہ بنا دیتی ہے

برو پنج نوبت بزن بر درت — که یار موافق بود در برت
جا اور پانچوں وقت نوبت اپنے دروازہ پر بجا — جب کہ موافق یار تیری بغل میں ہو

ہمان روز گر خوری غم مدار — چو شب غمگسارت بود در کنار
اگر تمام دن تو غم کھاتا ہے تو فکر نہ کر — جب رات کو تیرا غمگسار تیری گود میں ہو

کرا خانه آباد و ہمخانه دوست — خدا را ابر رحمت نظر سوی اوست
جس کا گھر آباد ہے اور بیوی دوست ہے — تو اللہ تعالےٰ کی مہربانی کی نظر اسکی طرف ہے

چو مستور باشد زن خوبروئی — بدیدار او در بہشت ست شوی
جو خوبصورت عورت پردہ نشین ہو — تو اس کے دیدار سے شوہر بہشت میں ہے

کسی بر گرفت از جہان کام دل — که یکدل بود با وی آرام دل
اس شخص کا جہان سے مقصد حاصل ہوا — کہ اس سے اسکا معشوق ایک دل ہووے

اگر پارسا باشد و خوش سخن — نگه در نکوئی و زشتی مکن
اگر عورت نیک اور خوش کلام ہو — تو اس کی خوبصورتی و بدصورتی پر خیال نہ کر

زن خوش منش دل نشان تر که خوب — که آمیزگاری بپوشد عیوب
نیک خصلت عورت خوبصورت عورت سے بہتر ہے — کیونکہ موافقت عیبوں کو چھپا دیتی ہے

چو حلوا خورد سرکه از دست شوی — نه حلوا خورد سرکه اندوده روی
شوہر کے ہاتھ سے حلوا کی طرح سرکہ کھائے — نہ کہ حلوا کو ترش روئی سے کھائے

برد از پری چہرۂ زشت خوئی — زن دیو سیمای خوش طبع گوئی
بری مزاج والی خوبصورت عورت سے مرتبہ لیجاتی — ہے بدشکل عورت اچھی مزاج والی

دل آرام باشد زن نیک خواه — ولیکن زن بد خدایا پناه
نیک خواہ عورت دل کے لئے باعث آرام ہوتی ہے — لیکن بری عورت سے خدایا محفوظ رکھ

چو طوطی کلاغش بود ہم نفس — غنیمت شمارد خلاص از قفس
جب طوطی کا ہمنشین کوا ہو — تو وہ قید سے چھوٹنا غنیمت جانتا ہے

سر اندر جہان نہ بآوارگی — وگرنہ بنہ دل بہ بیچارگی
جہان میں سر آوارگی کے ساتھ رکھ یعنی سفر کر — ورنہ دل کو عاجزی کیساتھ رکھ یعنے صبر کر

بہ زندان قاضی گرفتار بہ — کہ در خانہ دیدن برابرو گره
قاضی کے قید خانہ میں قید بہتر ہے — کہ گھر میں ابرؤں پر گرہ دیکھے

سفر عید باشد بران کدخدای — کہ بانوی زشتش بود در سرای
اس گھر والے کے لئے سفر کرنا عید ہے — کہ اس کے گھر میں بری بیوی ہو

در خرمی بر سرائی بہ بند — کہ بانگ زن از وی برآید بلند
اس گھر پر خوشی کا دروازہ بند کر — کہ جس میں سے عورت کی آواز بلند آتا ہو

چو زن راہ بازار گیرد بزن — وگرنہ تو در خانہ بنشین چو زن
جب عورت بازار میں جائے تو اس کو مار — ورنہ تو گھر میں عورت بن کر بیٹھ

اگر زن ندارد سوی مرد گوش — سراویل کحلیش در مرد پوش
اگر عورت مرد کی بات نہ سنے — تو اسکا سرمئی رنگ کا پائجامہ مرد کو پہنا

زنی را کہ جہل است ناراستی — بلائی سر خود نہ زن خواستی
اور جو عورت جاہل ہے اور جھوٹ بولتی ہے — وہ تونے عورت نہیں چاہی بلکہ تیرے سر بلا ہے

چو در کیلہ یک جو امانت شکست — از انبار گندم فرو شوی دست
جب ایک پیمانہ بھر جو میں بددیانتی کی — تو گیہوں کے ڈھیر سے ہاتھ دھوئے

بر آن بندہ حق نیکوئی خواستست — کہ با او دل و دست زن راستست
خدانے اس بندہ کی بہتری چاہی ہے — کہ جس کے ساتھ عورت کا دل اور ہاتھ درست ہے

چو در روی بیگانہ خندید زن — وگر مرد لاف مردی مزن
جب عورت غیر کے سامنے ہنسی — تو پھر مرد کو کہہ کر مردمی کی شیخی نہ مارے

زن شوخ چون دست در قلیہ کرد — برو گو بنہ پنجہ بر روی مرد
جب عورت نے کھانا میں پہلے ہاتھ ڈالا — تو کہو کہ جائے اور مرد کے منہ پر طمانچہ مارے

ز بیگانگان چشم زن کور باد
بیگانے مردوں سے عورت کی آنکھ اندھی ہو
چو بیرون شد از خانہ در گور باد
جب گھر سے باہر گئی تو پھر قبر میں جائے

چو بینی کہ زن پای بر جای نیست
جب تو دیکھے کہ عورت اپنے پاؤں پر نہیں
ثبات از خردمندی و رائی نیست
تو پھر تحمل کرنا عقل اور رائے کے خلاف ہے

گریز از کفش در دہان نہنگ
اس کے ہاتھ سے گھڑیال کے منہ میں بھاگ
برفتن بہ از زندگانی بہ ننگ
اس بے عزتی سے مرجانا بہتر ہے

بپوشانش از مرد بیگانہ روی
اس کا چہرہ بیگانہ مرد سے چھپا
وگر نشنود چہ زن آنگہ چہ شوی
اگر وہ بات نہ مانے اس وقت کیا عورت کیا شوہر

زن خوب خوش طبع رنج است و بار
خوبصورت عورت خوش طبیعت رنج اور بوجھ ہے
رہا کن زن زشت ناسازگار!
ناموافق بدخصلت عورت کو چھوڑ دے

چہ نغز آمد این یک سخن از دو تن
یہ بات دو آدمیوں سے کیا اچھی معلوم ہوئی
کہ بودند سرگشتہ از دست زن
جو کہ عورتوں کے ہاتھوں پریشان تھے

یکی گفت کس را زن بد مباد
ایک نے کہا کسی کی بد عورت نہ ہو
دگر گفت زن در جہان خود مباد
دوسرے نے کہا کہ عورت خود ہی جہاں میں نہ ہو

زن نو کن ای دوست ہر نو بہار
اے دوست ہر موسم میں نئی عورت کر
کہ تقویم پاری نیاید بکار
کیونکہ پرانی جنتری کام نہیں آتی

تہی پای رفتن بہ از کفش تنگ
تنگ جوتی سے ننگے پاؤں چلنا بہتر ہے
بلائی سفر بہ کہ در خانہ جنگ!
اور سفر کی مصیبت بہتر ہے گھر کی لڑائی سے

زنان شوخ و فرماندہ و سرکشند
عورتیں شوخ حاکم اور سرکش ہیں
ولیکن شنیدم کہ در بر خوشند
لیکن سنا میں نے کہ گود میں اچھی ہیں

کسی را کہ بینی گرفتار زن
اگر تو کسی عورت کا قیدی دیکھے
مکن سعدیا طعنہ بر وی زن
تو اے سعدی اس پر طعنہ زنی نہ کر

تو ہم جور بینی و بارش کشی
تو بھی اس کا ظلم دیکھتا ہے اور اسکا بوجھ اٹھاتا ہے
اگر یک زمان در کنارش کشی
اگر ایک وقت تو اس کو گود میں لیتا ہے

جوانی ز ناسازگاری جفت
ایک جوان اپنی بیوی کی ناموافقت سے
بر پیرمردی بنالید و گفت
ایک پیر مرد کے پاس رویا اور کہا

گرانباری از دست این خصم چیر	چنان میبرم کاسیا سنگ زیر
اس غالب دشمن کے ہاتھوں سے بھاری بوجھ	اس طرح اٹھاتا ہوں جس طرح چکی کا نچلا پاٹ
بسختی بنه گفتش ای خواجه دل	کس از صبر کردن نگردد خجل
اے صاحب سختی کے ساتھ صبر کر	کوئی شخص صبر کرنے سے شرمندہ نہیں ہوتا
بشب سنگ بالائی ای خانه سوز	چرا سنگ زیرین نباشی بروز
اے گھر جلانے والے رات کو تو اوپر کا پتھر ہے	تو کیوں دن کو نیچے کا پتھر نہیں بنتا
چو از گلبنی دیده باشی خوشی	روا باشد ار بار خارش کشی
جب کسی پھول سے تونے خوشی دیکھی ہو	تو مناسب ہے اگر اس کے کانٹے کا بوجھ برداشت کرے
درختی که پیوسته بارش خوری	تحمل کن آنگه که خارش خوری
جس درخت کا تو ہمیشہ پھل کھائے	تو اس وقت تحمل کر جب تو اسکا کانٹا کھائے

گفتار در بیان تربیت اولاد

اولاد کی تربیت کے بیان میں

پسر چون ز ده برگذشتش سنین	ز نامحرمان گو فراتر نشین!
لڑکے کی جب دس سال گذریں یعنی بالغ ہو جائے	تو اس سے کہو کہ نامحرم عورتوں کے پاس نہ بیٹھے
بر پنبه آتش نشاید فروخت	که تا چشم برهم زنی خانه سوخت
روئی کے پاس آگ نہیں جلانی چاہیئے	کیونکہ جب تک تو پلک جھپکے وہ گھر جلا دیگی
چو خواهی که نامت بماند بجای	پسر را خردمندی آموز و رای
جب تو چاہے کہ تیرا نام قایم رہے	تو لڑکے کو عقل اور تدبیر سکھلا
که گر عقل و رایش نباشد بسی	بمیری و از تو نماند کسی!
کیونکہ اگر اس کو عقل اور تدبیر بہت نہ ہوگی	تو مرجائے تو تجھ سے کوئی یادگار باقی نہ رہیگی
بسا روزگارا که سختی برد	پسر چون پدر نازکش پرورد
بہت زمانہ مصیبت میں بسر کرے گا	لڑکا جب باپ اس کو ناز میں پالیگا
خردمند و پرهیزگارش برآر	گرش دوستداری بنازش مدار
اس کو پرہیزگار اور عقلمند بنا	اگر تو اس سے محبت رکھتا ہے تو اسکو ناز میں نہ رکھ
بخردی درش زجر و تعلیم کن	به نیک و بدش وعده و بیم کن
لڑکپن میں اس کی تادیب و تعلیم کر	نیکی اور برائی سے اسکے ساتھ وعدہ کر اور ڈرا

نوآموز را ذکر و تحسین و زہ	ز توبیخ و تہدید استاد بہ
نئے سیکھنے والے کو شاباش کہنا اور تعریف کہنا	استاد کے ڈرانے اور دھمکی سے بہتر ہے
بیاموز پرورده را دست و رنج	وگر دست داری چو قارون بگنج
لڑکے کو کسب و ہنر سکھلا	اگرچہ قاروں کی طرح تیرے پاس خزانہ ہو
مکن تکیہ بر دستگاہی کہ ہست	کہ باشد کہ نعمت نماند بدست
اس طاقت پر جو کہ ہے بھروسہ نہ کر	کیونکہ ایسا اتفاق ہوتا ہے کہ نعمت ہاتھ میں نہیں رہتی
بپایان رسد کیسۂ سیم و زر	نگردد تہی کیسۂ پیشہ ور
سونے چاندی کی تھیلی خالی ہو جاتی ہے	لیکن پیشہ ور کی تھیلی خالی نہیں ہوتی
چہ دانی کہ گردیدن روزگار	بغربت بگرداندش در دیار
تو کیا جانے کہ گردش زمانہ	مسافری میں اس کو شہروں میں پھرائے
چو بر پیشۂ باشدش دسترس	کجا دست حاجت برد پیش کس
جب اس کو کسی پیشہ پر قدرت ہوگی	کب وہ ضرورت کا ہاتھ کسی کے آگے پھیلائیگا
ندانی کہ سعدی مکان از چہ یافت	نہ ہامون نوشت و نہ دریا شگافت
تو نہیں جانتا کہ سعدی نے کس طرح رتبہ پایا	نہ جنگل طے کئے اور نہ دریا کا سیر کیا
بخردی بخورد از بزرگان قفا	خدا دادش اندر بزرگی صفا
لڑکپن میں بزرگوں سے گردنی کھائی	خدا نے اس کی بلندی میں صفائی دی
ہر آنکس کہ گردن بفرمان نہد	بسی بر نیاید کہ فرمان دہد
جو شخص کہ فرمانبرداری کرتا ہے	بہت دن نہیں گذرتے کہ وہ حکومت کرتا ہے
ہر آن طفل کو جور آموزگار	نہ بیند جفا بیند از روزگار
وہ لڑکا جو استاد کا ظلم	نہیں دیکھتا وہ زمانہ سے ظلم دیکھتا ہے
پسر را نکو دار و راحت رسان	کہ چشمش نماند بدست کسان
لڑکے کو اچھا رکھ اور آرام پہنچا	تاکہ اس کی نظر کسی دوسرے کے ہاتھ پر نہ رہے
ہر آنکس کہ فرزند را غم نخورد	دگر کس غمش خورد و آوارہ کرد
جس شخص نے کہ لڑکے کا غم نہ کھایا	دوسرے نے اسکا غم کھایا اور اس کو آوارہ کیا
نگہدار از آمیزگار بدش	کہ بدبخت و بی رہ کند چون خودش
برے ساتھی سے اس کو بچا	کیونکہ وہ اسکو اپنی طرح بدنصیب اور بدبخت کریگا

سیاہ نامہ تر زان مخنث مخواہ ‌‌ ‌ کہ پیش از خطش روی گردد سیاہ
اس سے زیادہ بدعمل کسی ہیجڑے کو نہ سمجھ ‌ کہ داڑھی مونچھ نکلنے سے پہلے اسکا چہرہ سیاہ ہوگا

ازان بی حمیت بباید گریخت ‌ کہ نامردیش آب مردان بریخت
اس بے شرم سے دور بھاگنا چاہیئے ‌ کہ جس کی نامردی باپ دادا کی آبرو مٹاتی ہے

پسر کو میان قلندر نشست ‌ پدر گو ز خیرش فروشوی دست
وہ لڑکا جو قلندروں کے پاس بیٹھا ‌ باپ سے کہدے کہ اسکی بھلائی سے ہاتھ دھولے

دریغش مخور بر ہلاک و تلف ‌ کہ پیش از پدر مردہ بہ ناخلف
اس کے ضایع اور ہلاک ہونے پر افسوس نہ کر ‌ کیونکہ باپ کے سامنے نالایق لڑکا مرا ہوا بہتر ہے

حکایت

شبی دعوتی بود در کوی من ‌ ز ہر جنس مردم درو انجمن
ایک رات میرے محلہ میں دعوت تھی ‌ ہر قسم کے آدمی اس میں جمع تھے

چو آواز مطرب در آمد ز کوی ‌ بگردون شد آوازۂ ہائی ہوی
جب گویئے کی آواز محلہ سے آئی ‌ تو ہائے ہو کا شور آسمان تک گیا

پری پیکری بود محبوب من! ‌ بدو گفتم ای لعبت خوب من
ایک خوبصورت میرا معشوق تھا ‌ میں نے اس سے کہا کہ اے میرے اچھے معشوق

چرا با جوانان نیائی بجمع ‌ کہ روشن کنی مجلس ما چو شمع
کیوں جوانوں کے ساتھ محفل میں نہیں آتا ‌ تاکہ ہماری مجلس کو شمع کی طرح روشن کرے

شنیدم سہی قامت سیمتن! ‌ کہ میرفت و میگفت با خویشتن
سنا میں نے وہ سرو قد چاندی کے جسم والا ‌ جاتا تھا اور اپنے آپ سے کہتا تھا

محاسن چو مردان ندارم بدست ‌ نمردی بود پیش مردان نشست
جب مردوں کے سے صفات مجھ میں نہیں ہیں ‌ تو پھر مردوں کے سامنے بیٹھنا جوانمردی نہیں

گفتار در احتراز از صحبت مردان!

لڑکوں کی صحبت سے پرہیز کرنے کے بیان میں

خرابت کند شاہد خانہ کن! ‌ برو خانہ آباد گردان بزن
گھر برباد کرنیوالا معشوق تجھکو خراب کریگا ‌ جا عورت سے گھر آباد کر

نشاہد ہوس باختن با گلی ‌ کہ ہر بامداد ش بود بلبلی
اس پھول سے ہوس بازی نہ کرنی چاہیئے ‌ کہ ہر صبح اس کا ایک نیا بلبل ہوا عاشق

چو خود را بہ ہر مجلسی شمع کرد	چو دیگر چو پروانہ گردش مگرد
جب اس نے آپ کو ہر مجلس کی شمع بنایا	تو تو پھر پروانہ کی طرح اس کے گرد گردش نہ کر
زن خوب خوش خوئی آراستہ	چہ ماند بناداں نو خاستہ
خوبصورت عورت خوش خصلت سجی ہوئی	بیوقوف نوجوان سے کیا نسبت رکھتی ہے
دردوم چو غنچہ دمی از وفا	کہ از خندہ افتد چو گل در قفا
اس میں کلی کی طرح ایک پھونک وفا کی لگا	کہ پھول کی طرح ہنسی ہے پیچھے گر پڑے
نہ چون کودکِ پیچ بر پیچ سنگ	کہ چون مقل نتوان شکستن بسنگ
نہ کہ پیچ در پیچ سنگدل لڑکے کی طرح	مقل (میوہ) کی طرح سوائے پتھر کے توڑ سکیں
مبین دلفریبش چو حور بہشت	کزان روی دیگر چو غولست زشت
حور بہشتی کی طرح اس کو دلفریب نہ سمجھ	کیونکہ وہ دوسری طرف سے غول کی طرح برا ہے
گرش پای بوسی ندارت پاس	ورش خاکباشی ندارد سپاس
اگر تو اس کے پاؤں چومے تب بھی تیرا لحاظ نہ کرے	اور اگر اس کی خاک ہوجائے تو شکر نہ کرے
سر از مغز و دست از درم کن تہی	چو خاطر بفرزند مردم دہی
سر سے مغز اور ہاتھ سے درم خالی کر	جب آدمی کے لڑکے سے تو دل لگاوے
مکن بد بفرزند مردم نگاہ	کہ فرزندِ خویشت برآید تباہ
لوگوں کے لڑکوں کی طرف بری نظر سے نہ دیکھ	کیونکہ تیرا لڑکا خود خراب نکلیگا
درین شہر بازی بسمعم رسید	کہ بازارگانی غلامی خرید
اس شہر میں ایک دفعہ میرے سننے میں آیا	کہ ایک سوداگر نے ایک غلام خرید کیا
شبانگہ مگر دست بردش بشیت	کہ سیمین زنخ بود خاطر فریب
رات کیوقت اس نے اس سے اغلام کا ارادہ کیا	کیونکہ اسکی تھوڑی گوری اور دلفریب تھی
پریچہرہ ہر چہ اوفتادش بدست	بکین در و مغز ناداں شکست
پریچہرہ کے ہاتھ میں جو کچھ بھی آیا	دشمنی سے اس بیوقوف کے سر اور مغز پر مارا
گواہ کرد بر خود خدا و رسول!	کہ دیگر نگردم بگردِ فضول!
اس نے اپنے لئے خدا اور رسول گواہ ٹھیرایا	کہ پھر میں فضول بات کے پیچھے نہ پھرونگا
رحیل آمدش ہمدران ہفتہ پیش	دل افگار و سر بستہ و روی ریش
اسی ہفتہ اس کو سفر درپیش ہوا	زخمی دل سر بندھا ہوا اور زخمی چہرہ

چو بیرون شد از کاروان یک دو میل ۔ به پیش آمدش سنگلاخی مهیل
جب کارواں شہر سے ایک دو میل باہر ہوا ۔ تو ایک خوفناک سنگستان سامنے آیا

بپرسید کین قلعه را نام چیست ۔ که بسیار بیند عجب هر که زیست
پوچھا کہ اس قلعہ کا کیا نام ہے ۔ کہ آدمی زندگی میں بہت عجایب دیکھتا ہے

چنین گفتش از کاروان همدمی ۔ مگر تنگ ترکان ندانی همی!
کارواں کے ایک ساتھی نے اس سے کہا ۔ کہ شاید تو تنگ ترکان کو نہیں جانتا

سیه را یکی بانگ برداشت سخت ۔ که دیگر چه رانی بینداز رخت
غلام کو ایک زور سے آواز دی ۔ کہ تو اور کیا چلاتا ہے اسباب رکھدے

نه عقل است نه معرفت یک جوم ۔ اگر من دگر تنگ ترکان روم
نہ مجھ کو ایک جو عقل ہے اور نہ خدا شناسی ۔ اور اگر پھر میں تنگ ترکان میں جاؤں

در شهوت نفس کافر ببند ۔ وگر عاشقی لت خور و سر بلند
نفس کافر کی خواہش کا دروازہ بند کر ۔ اور اگر تو عاشق ہے تو لاتیں کھا اور سر کو باندھ

چو مر بندهٔ را همی پروری ۔ به هیبت برآرش کزو بر خوری
جب خاصکر ایک غلام کو تو پرورش کرتا ہے ۔ تو اس کو رعب سے رکھ تاکہ اس سے فائدہ اٹھائے

وگر سیدش لب بدندان گزد ۔ دماغ خداوندگاری پزد!
اور اگر اس کا مالک اس کے بوسے لے ۔ تو پھر اپنے مالک ہونیکا خیال پکانے لگے

غلام آبکش باید و خشت زن ۔ بود بندهٔ نازنین مشت زن
غلام پانی کھینچنے والا اور اینٹیں بنانیوالا چاہیے ۔ غلام لات مارنے والا گھونسہ چلانیوالا ہوتا ہے

نه هر جا که بینی خط دلفریب ۔ توانی طمع کردنش در کتیب!
نہ ہر اس جگہ جہاں تو دلفریب خط دیکھے ۔ اس کے حاصل کرنے میں طمع کر سکے

گروهی نشینند با خوش پسر ۔ که ما پاکبازیم و صاحب نظر
ایک گروہ خوبصورت لڑکے کیساتھ بیٹھتا ہے ۔ کہ ہم پاکباز اور صاحب نظر ہیں

ز من پرس فرسودهٔ روزگار ۔ که بر سفره حسرت خورد روزه دار
مجھ زیادہ بوڑھے سے پوچھ ۔ کہ روزہ دار دسترخوان پر حسرت کرتا ہے

از آن تخم خرما خورد گوسپند ۔ که قفل است بر تنگ خرما و بند
بکری اس واسطے چھوہارا کی گٹھلی کھاتی ہے ۔ کہ چھوہارے کی تھیلی پر قفل بند لگا ہوا ہے

سر گاو عصار از آن در گہ است ! — کہ از کنجدش ریسمان کوتہ است

تیلی کے بیل کا سر اس لئے گھاس میں ہے — کہ تلوں تک پہنچنے کے لئے اس کی رسی چھوٹی ہے

حکایت

یکی صورتی دید صاحب جمال — بگردیدش از شورش عشق حال

ایک صاحب نے ایک خوبصورت شکل دیکھی — اس کی حالت اس کے عشق میں بدل گئی

بر انداخت بیچارہ چندان عرق — کہ شبنم براردی بہشتی ورق

بیچارہ نے اس قدر پسینا بہایا — جیسے شبنم موسم بہار میں پتوں پر ہوتی ہے

گذر کرد بقراط بروی سوار — بپرسید کین را چہ افتاد کار

حکیم بقراط اس طرف سے گذرا — پوچھا کہ اس کو کیا مصیبت پڑی ہے

کسی گفتش این عابد پارساست — کہ ہرگز خطائی ز دستش نخاست

کسی نے اس کو کہا کہ یہ عابد پارسا ہے — کہ کبھی بھی کوئی خطا اسکے ہاتھ سے نہیں ہوئی

رود روز و شب در بیابان و کوہ — ز صحبت گریزان ز مردم ستوہ

رات دن پہاڑ اور بیابان میں جاتا ہے — آدمیوں کی صحبت سے بھاگتا اور لوگوں سے عاجز ہے

ببرد است خاطر فریبی دلش — فرو رفتہ پای نظر در گلش

ایک دلفریب معشوق اس کا دل لے گیا — اس کی نظر کا پاؤں مٹی میں پھنس گیا ہے

چو آید ز خلقش ملامت بگوش — بگرید کہ چند از ملامت خموش

جب اس کے کان میں لوگوں کی ملامت آتی ہے — روتا ہے کہ کب تک لوگوں کی ملامت سے چپ رہوں

مگوئی از بنالم کہ معذور نیست — کہ فریادم از علتی دور نیست

اگر میں روؤں تو یہ نہ کہہ کہ معذور نہیں ہے — کیونکہ میری فریاد علت سے خالی نہیں ہے

نہ این نقش دل میرباید ز دست — دل آن میرباید کہ این نقش بست

یہ نقش یعنے معشوق دل ہاتھ سے نہیں چھینتا — دل وہ لیجاتا ہے کہ جس نے دل بنایا ہے

شنید این سخن مرد کار آزمای — کہن سال پروردہ پختہ رای

اس بات کو مرد کار آزما نے سنا — پورانے بوڑھے پختہ رائے اور عقلوالے نے

بگفت ار چہ صیت نکوئی رود — نہ با ہر کسی ہرچہ گوئی رود

کہا اگرچہ نیکی کی آواز جاتی ہے — لیکن ہر شخص کے ساتھ جو تو کہتا ہے نہیں جاتا

نگارندہ را خود ہمی نقش بود — کہ شوریدہ را دل بیغما ربود

لکھنے والے کا صرف یہی نقش تھا — کہ عاشق کے دل کو لوٹ کرے گیا

چو طفل یکروزہ ہوشش نبرد — کہ در صنع دیدن چہ بالغ چہ خورد

کیونکہ ایک دن کا لڑکا اس کا ہوش نہ لے گیا — کیونکہ کاریگری دیکھنے میں کیا چھوٹا اور کیا جوان

محقق ہمان بیند اندر ابل — کہ در خوبرویان چین و چگل

تحقیق کرنیوالا اونٹ میں بھی وہی بات دیکھتا ہے — جو چین اور چگل شہر کے خوبصورتوں میں ہے

نقابیست ہر سطر من زین کتیب — فروہشتہ در عارض دلفریب

اس کتاب کی ہر سطر میرے لئے نقاب ہے — دلفریب رخساروں پر چھوڑا ہوا

معانیست در زیر حرف سیاہ — چو در پردہ معشوق و در میغ ماہ

ہر حرف سیاہ کے نیچے معنے ہیں — جیسے معشوق پردہ میں اور چاند بادل میں

در اوقات سعدی نگنجد ملال! — کہ دارد پس پردہ چندین جمال

سعدی کے اوقات میں ملال نہیں سماتا — کیونکہ پردہ کے پیچھے اتنی محبوبیاں رکھتا ہے

مرا این سخنہاست مجلس فروز — چو آتش درو روشنائی و سوز

میرے لئے یہ باتیں مجلس کو روشن کرنیوالی ہیں — آگ کی طرح ان میں روشنی بھی ہے اور سوز بھی

ز نجم ز خصمان اگر بر طپند — کزین آتش پارسی در طپند

میں دشمنوں سے خفا نہیں ہوتا اگر وہ تڑپیں — کیونکہ وہ اس پارسی کی آگ سے تپ میں ہیں

گفتار در عدم التفات بر قول اہل دنیا

دنیادار دل کی باتوں پر توجہ نہ کرنے کے بیان میں

اگر در جہان از جہان رستہ ایست — در از خلق بر خویشتن بستہ ایست

اگر جہان میں رہ کر کوئی جہاں سے آزاد ہے — تو وہ ہے جو لوگوں سے اپنا دروازہ بند کیے ہوئے ہے

کس از دست جور زبانہا نرست — اگر خود نمایست اگر حق پرست

کوئی شخص زبانوں کے ظلم کے ہاتھوں نہ بچ سکا — اگر خود پسند ہے یا حق پرست

اگر بر پری چون ملک ز آسمان — بدامن در آویزدت بدگمان

اگر فرشتوں کی طرح آسمان سے تو اڑے — تو بدگمان تب بھی تیرے دامن سے لٹکے

بکوشش توان دجلہ را پیش بست — نشاید زبان بداندیش بست

کوشش سے دریائے دجلہ کو آگے بند لگا سکے — لیکن بداندیش کی زبان نہیں بند کر سکتے

فراہم نشینند تردامنان — کہ این زہد خشک ست و آن دام نان

گنہگار اکٹھے ہو کر بیٹھتے ہیں — کہ یہ زہد خشک ہے اور وہ روٹی کا جال ہے

تو روی از پرستیدن حق مپیچ
بہل تا نگیرند خلقت بہیچ
تو خدا کی پرستش سے منہ نہ پھیر
لوگوں کے خیال کو چھوڑ دے تاکہ تجھے کسی چیز کیساتھ نہ پکڑیں

چو راضی شد از بندہ یزدان پاک
گر اینہان نگردند راضی چہ باک
جب خدا پاک بندہ سے راضی ہو گیا
اگر یہ لوگ خوش نہ ہوں تو کیا ڈر ہے

بد اندیش خلق از حق آگاہ نیست
ز غوغای خلقش بحق راہ نیست
لوگوں کا بدخواہ خدا کو نہیں پہچانتا
لوگوں کے شور و غل سے اس کیلئے راستہ نہیں

ازان رہ بجائی نیاوردہ اند
کہ اوّل قدم پی غلط کردہ اند
اس سبب سے وہ مقصود کو نہیں پہنچتے ہیں
کہ پہلے ہی قدم اٹھتے ہیں انہوں نے غلطی کی ہے

دو کس بر حدیثی گمارند گوش
ازین تا بدان ز اہرمن تا سروش
وہ لوگ ایک بات پر کان دھرتے ہیں
اس شخص تک اسکا اتنا فرق ہے جتنا شیطان اور فرشتہ میں

یکی پند گیرد دگر ناپسند
نپردازد از حرفگیری بہ پند
ایک نصیحت قبول کرتا ہے دوسرا ناپسند کرتا ہے
اور نکتہ چینی سے نصیحت کی طرف مشغول نہیں ہوتا

فرو ماندہ در کنج تاریک جای
چہ دریابد از جام گیتی نمای
اندھیری جگہ کے گوشہ میں (فروماندہ) یعنے عاجز پڑا ہوا
جام گیتی نما سے کیا حاصل کرتا ہے

مپندار اگر شیر اگر روبہی
کز اینان بمردی و حیلت رہی
اگر تو شیر یا لومڑی ہے تو خیال نہ کر
کہ ان سے بہادری اور مکاری سے خلاصی پائیگا

اگر کنج خلوت گزیند کسی
کہ پروای صحبت ندارد بسی
اگر کوئی گوشہ تنہائی کو اختیار کرے
اور زیادہ صحبت کی پرواہ نہ رکھے

مذمت کنندش کہ زرقست و ریو
ز مردم چنان میگریزد کہ دیو
تو لوگ اسکو ملامت کرتے ہیں کہ حیلہ و بہانہ ہے
اور آدمیوں میں سے اس طرح بھاگتا ہے جیسے دیو

دگر خندہ رو است و آمیزگار
عفیفش ندانند و پرہیزگار
اور اگر ملنسار اور خندہ پیشانی ہے
تو اس کو پاک اور پرہیزگار نہیں سمجھتے

غنی را بہ غیبت بکاوند پوست
کہ فرعون اگر ہست در عالم اوست
امیر آدمی کی کھال غیبت سے کھینچتے ہیں
اگر فرعون جہان میں ہے تو وہ ہے

دگر مرد درویش در سختی است
بگویند از ادبار و بدبختی است
اور اگر فقیر آدمی سختی و مصیبت میں ہے
تو کہتے ہیں کہ ادبار اور بدبختی کی وجہ سے ہے

وگر کامرانی درآید ز پای
غنیمت شمارند و فضل خدای

اگر کوئی دولت مند آدمی مفلس ہو جائے
تو غنیمت جانتے ہیں اور خدا کی مہربانی سمجھتے ہیں

کہ تا چند ازین جاہ گردن کشی
خوشی را بود در قفا ناخوشی

کہ کب تک اس مرتبہ سے غرور کرے گا
خوشی کے بعد ہمیشہ رنج ہوتا ہے

وگر تنگدستی تنک مایہ
سعادت بلندش کند پایہ

اور اگر تنگدست اور تھوڑی پونجی والا ہے
تو نیک بختی اس کا پایہ بلند کر دیتی ہے

بخانیدش از کینہ دندان بہ زہر
کہ دون پرورست این فرومایہ دہر

تو لوگ اسپر کینہ کی وجہ سے زہر کے دانت پیستے ہیں
کہ یہ کمینہ کمینہ لوگوں کی پرورش کرنے والا ہے

چو بینند کاری بدستت درست
حریصت شمارند و دنیا پرست

اگر تیرے ہاتھ میں کوئی درست کام دیکھتے ہیں
تو تجھ کو بھیک مانگنے والا اور مفت خورہ کہتے ہیں

وگر دست ہمت بداری بکار
گدا پیشہ خوانندت و پخنہ خوار

اور اگر تو کاروبار سے ہاتھ اٹھائے
تو تجھ کو بھیک مانگنے والا اور مفت خورہ کہتے ہیں

وگر ناطقی طبل پر یاوہ
وگر خامشی نقش گرماوہ

اگر تو بولنے والا ہے تو بیہودگی سے پر ڈھول ہے
اور اگر خاموش ہے تو حمام کی تصویر ہے

تحمل کنان را نخوانند مرد
کہ بیچارہ از بیم سر برنکرد

تحمل کرنے والے کو مرد نہیں کہتے
کہ عاجز نے ڈر سے سر اوپر نہ کیا

وگر در سرش ہول مردانگیست
گریزند ازو کین چہ دیوانگیست

اور جو اس کے سر میں جوانمردی کا رعب ہے
تو اس سے بھاگتے ہیں کہ یہ کیا دیوانہ ہے

تعنت کنندش گر اندک خوراست
کہ مالش مگر روزی دیگراست

اور اگر کم کھانے والا ہے تو اسپر طعنہ زنی کرتے ہیں
کہ اس کا مال شاید دوسرے کی قسمت میں ہے

وگر نغز و پاکیزہ باشد خورش
شکم بندہ خوانند و تن پرورش

اور اگر اس کا کھانا پاک اور عمدہ ہو
تو اس کو پیٹ کا بندہ اور تن پرور کہتے ہیں

وگر بی تکلف زید مالدار
کہ زینت بر اہل تمیز است عار

اور اگر مالدار آدمی بے تکلف زندگی بسر کرے
کیونکہ صاحب تمیز کے لئے باعث شرم ہے

زبان در نہندش بایذا چو تیغ!
کہ بدبخت زر دار از خود دریغ

تو اس کی ایذا کے لئے تلوار کی طرح زبان کھولتا ہے
کہ بیوقوف اپنے سے روپیہ کو زیادہ عزیز سمجھتا ہے

وگر کاخ و ایوان منقش کند
اور اگر مکان اور محل میں نقش و نگار بنواتا ہے
تن خویش را کسوت خوش کند
اور بدن پر اچھا کپڑا پہنتا ہے

بجان آید از طعنہ بر وی زنان
تو طعنہ دینے والوں کے طعن کے باعث جان سے تنگ آجاتا ہے
کہ خود را بیاراست ہمچون زنان
کہ اپنے آپ کو عورتوں کی طرح سجاتا ہے

وگر پارسائی سیاحت نکرد
اور اگر کسی پارسا نے سفر نہ کیا
سفر کردگانش نخوانند مرد
تو سفر کرنے والے اس کو مرد نہیں کہتے

کہ نارفتہ بیرون ز آغوش زن
(کہ جو) عورت کی گود سے باہر نہ نکلا ہو
کدامش ہنر باشد و رای و فن
اس کو کونسا ہنر تدبیر اور فن آئے

جہان دیدہ را ہم بدرند پوست
اور سفر کئے ہوئے آدمی کو بھی طعن دیتے ہیں
کہ سرگشتہ بخت برگشتہ اوست
کہ وہ ایک پریشان اور پھرے ہوئے نصیب والا ہے

گرش حظ ز اقبال بودی و بہر
اگر اقبال سے اس کا نصیبہ و حصہ ہوتا
زمانہ نراندی ز شہرش بہ شہر
تو زمانہ اس کو شہر بہ شہر نہ لیجاتا

عزب را نکوہش کند خردہ بین
عیب دیکھنے والے کنوارے کی بھی برائی کرتے ہیں
کہ می رنجد از خفت و خیزش زمین
کہ اس کے سونے اور اٹھنے سے زمین کو تکلیف ہوتی ہے

وگر زن کند گوید از دست دل
اور اگر عورت کرے (نکاح) کری تو کہے کہ دل کے ہاتھ سے
بگردن در افتاد چون خر بگل
گردن کے بل گدھے کی طرح کیچڑ میں گر پڑے

نہ از جور مردم رہد زشت روی
لوگوں کے ظلم سے نہ بدشکل رہائی پاتا ہے
نہ شاہد ز نامردم زشت گوی
اور نہ بدگوئی کرنیوالوں سے خوبصورت محفوظ رہتا ہے

حکایت

غلامی بمصر اندرم بندہ بود
ایک لڑکا مصر میں میرا غلام تھا
کہ چشم از حیا در بر افگندہ بود
جو کہ حیا سے آنکھ نیچے کئے رہتا تھا

کسی گفت ہیچ این پسر عقل و ہوش
ایک نے کہا کہ یہ لڑکا کچھ عقل و ہوش
ندارد بمالش بہ تعلیم و گوش
نہیں رکھتا اس کے سکھانے کیلئے گوشمالی کر

شبی بر زدم بانگ بر وی درشت
ایک رات میں نے اس کو سختی سے بلایا
ہمون گفت مسکین بجورش بکشت
اس شخص نے کہا کہ غریب کو ظلم سے مار ڈالا

گرت بر کند خشم روزی ز جای
اگر ایک دن تجھ غصہ جگہ سے ہلا دے
سراسیمہ خوانندت و خیرہ رای
(تو لوگ) تجھ کو خوفزدہ اور بیوقوف کہینگے

وگر بردباری کنی از کسے — بگویند غیرت ندارد بسی
اور اگر تو کسی سے بردباری کرتا ہے — تو تجھ کو کہیں گے کہ زیادہ غیرت نہیں رکھتا

سخی را باندرز گویند بس — کہ فردا دو دستت بود پیش و پس
سخی کو نصیحت کے طور پر کہتے ہیں کہ بس کر — کہ کل تیرے ہاتھ آگے پیچھے ہونگے (یعنے) تو ننگا ہوگا

وگر قانع و خویشتن دار گشت — بہ تشنیع خلقی گرفتار گشت!
اور اگر قناعت کرنے والا اور تن پرور ہے — تو ایک مخلوق کی طعنہ زنی میں گرفتار ہو گیا

کہ ہمچون پدر خواہد این سفلہ مرد — کہ دنیا رہا کرد و حسرت ببرد
کہ باپ کی طرح یہ کمینہ مرے گا — کہ دنیا کو چھوڑ یگا (یعنے دولت کو) اور حسرت ساتھ لیجائیگا

کہ یارد بکنج سلامت نشست — کہ پیغمبر از خبث دشمن نہ رست
سلامتی کے گوشہ میں بیٹھنے کی طاقت کس کو ہے — جب کہ پیغمبر دشمنوں کی بدگوئی سے نہ چھوٹے

خدا را کہ مانند و انباز و جفت — ندارد شنیدی کہ ترسا چہ گفت
خدا مثل اور شریک اور بیوی — نہیں رکھتا ہے تونے سنا نصاری نے کیا کہا

رہائی نیابد کس از دست کس — گرفتار را چارہ صبرست و بس!
کوئی کسی کے ہاتھ سے رہائی نہیں پاتا — گرفتار کے لئے علاج صبر ہے اور بس

حکایت

جوانی ہنرمند فرزانہ بود — کہ در وعظ چالاک و مردانہ بود
ایک جوان ہنرمند اور ہوشیار تھا — جو وعظ کرنے میں جوانمرد اور چالاک تھا

نکونام و صاحبدل و حق پرست — خطِ عارضش خوشتر از خط دست
نیک نام صاحب دل اور حق پرست — اس کے رخساروں کے خط اس کے ہاتھ کے خط سے اچھے تھے

قوی در بلاغات و در نحو چست — ولی حرفِ ابجد نگفتی درست
بلاغت میں مضبوط اور نحو میں چست تھا — لیکن حرف ابجد درست نہ کہتا تھا

یکی را بگفتم ز صاحبدلان — کہ دندان پیشین ندارد فلان
ایک صاحب دل کو میں نے کہا — کہ فلاں آدمی کے اگلے دانت نہیں ہیں

برآمد ز سودائے من سرخ روی — کزین جنس بیہودہ دیگر مگوی
میرے خیال باطل سے غصہ سے سرخ ہوگیا — کہ اس قسم کی بیہودہ باتیں اور مت کہو

تو در وی ہمان عیب دیدی کہ ہست — ز چندی ہنر چشم غفلت ببست
تونے اس میں وہی عیب دیکھا جو کہ ہے — اور اتنے ہنروں سے تونے غفلت کی آنکھ کو بند کرلیا

یقین بشنو از من که روز یقین
یقیناً مجھ سے سن کہ قیامت کے روز
نه بیند بدی مردم نیک بین
نیکی دیکھنے والا آدمی برائی نہ دیکھیگا

یکی را که علم است و تدبیر و رای
ایک شخص جس کو عقل تدبیر اور رائے ہے
گرت پای عصمت نه خیزد ز جای
اگر اسکی پاکدامنی کا پاؤں اپنی جگہ سے لغزش کھاجائے

بیک خورده مپسند بروی جفا
تو ایک نقص کی وجہ سے اسپر ظلم پسند نہ کر
بزرگان چه گفتند خذ ما صفا
بزرگوں نے کیا اچھا کہا ہے کہ جو چیز اچھی ہو لیلے

بود خار و گل با هم ای هوشمند
پھول اور کانٹا اے عقلمند ایک دوسرے کے ساتھ ہوتے ہیں
چه در بند خاری تو گلدسته بند
(تو) کانٹے کی فکر میں کیا ہے گلدستہ بنا

کرا زشت خوی بود در سرشت
جس شخص کی فطرت میں بدگوئی ہو
نه بیند ز طاؤس جز پای زشت
تو وہ مور کے سوائے برے پاؤں اور کچھ نہیں دیکھتا

صفائی بدست آور ای بی تمیز
اے بے تمیز صفائی اختیار کر
که ننماید آئینهٔ تیره نیز
کیونکہ اندھا آئینہ بھی صورت نہیں دکھلاتا

طریقی طلب کز عقوبت رهی
ایسا راستہ طلب کر کہ عذاب سے رہائی پائے
نه حرفی که انگشت بروی نهی
نہ ایسا حرف کہ تو اس پر انگلی رکھے

منه عیب خلق ای فرومایه پیش
اے بھائی کمینے لوگوں کے عیب ظاہر نہ کر
که چشمت فرو دوزد از عیب خویش
کیونکہ تیری آنکھیں اپنے عیوب سے سی جائیں گی

چرا دامن آلوده را حد زنم
میں کیوں گنہگار پر حد لگاؤں
چو در خود شناسم که تر دامنم
جب میں اپنے آپ کو جانتا ہوں کہ گنہگار ہوں

نشاید که بر کس درشتی کنی
تجھے کسی پر سختی نہ کرنی چاہیئے
چو خود را بتاویل پشتی کنی
جب تو اپنی مدد تاویل کے ساتھ کرے

چو بد ناپسند آیدت خود مکن
جب برائی تجھ ناپسند ہے تو خود مت کر
پس آنگاه همسایه گو بد مکن
پھر اس وقت ہمسایہ کو کہہ کہ برائی نہ کر

من ار حق شناسم و گر خودنمای
میں اگر حق شناس ہوں یا خود پسند ہوں
برون با تو دارم درون با خدای
ظاہر تیرے ساتھ رکھتا ہوں اور دل خدا کیساتھ

چو ظاهر بعفت بیاراستم
اگر ظاہر کو میں نے نیکی کے ساتھ سجایا
تصرف مکن در کژ و راستم
تو میری راستی اور کجی میں دخل نہ دے

تو خاموش اگر من بہم یا بدم	کہ حمال سود و زیان خودم
تو چپ رہو اگر میں اچھا ہوں یا برا	کیونکہ اپنے نفع نقصان کا اٹھانیوالا ہوں
اگر سیرتم خوب وگر منکر است	خدایم بہ سر از تو دانا تر است
اگر میری سیرت اچھی یا بری ہے	تو خدا میرے راز کو تجھ سے زیادہ جاننے والا ہے
نہ چشم از تو دارم بہ نیکی ثواب	کہ بینم بجرم از تو چندین عذاب
میں تجھ سے نیکی کے عوض ثواب کی توقع نہیں رکھتا	کہ گناہ کی وجہ سے میں تجھ سے اس قدر عذاب دیکھوں
نکوکاری از مردم نیک رائے	یکی را بہ دہ می نویسد خدائے
نیک رائے آدمی کی نیکی	ایک کے بدلہ میں خدا دس لکھتا ہے
تو نیز ای عجب ہر کرا یک ہنر	بہ بینی زدہ عیبش اندر گذر
تو بھی جس شخص کا ایک ہنر	دیکھے اس کے دس عیب نظر انداز کر
نہ یک عیب او را بانگشت پیچ	جہانی فضیلت بر آور بہیچ
اس کے ایک عیب کو شمار نہ کر	اور اس کی بہت سی فضیلتوں کو ہیچ نہ سمجھ
چو دشمن کہ در شعر سعدی نگاہ	بہ نفرت کند و اندرون تباہ
جیسا کہ دشمن سعدی کے اشعار میں	نظر نفرت سے کرتا ہے اسکا اندر یعنی دل خراب ہے
ندارد بصد نکتۂ نغز گوش	چو زحفی بہ بیند بر آرد خروش
سو پسندیدہ باتوں پر کان نہیں دھرتا	جب کچھ نقص دیکھتا ہے تو شور مچاتا ہے
جز این علتش نیست کان بدپسند	حسد دیدۂ نیک بینش بکند
سوائے اس کے اور کوئی سبب نہیں کہ اس بدپسند کی	حسد نے نیکی دیکھنے والی آنکھیں نکال لی ہیں
نہ مخلوق را صنع باری سرشت	سیاہ و سفید آمد و خوب و زشت
کیا نہیں مخلوق کو اللہ تعالے کی کاریگری نے بنایا	سیاہ سفید اچھا اور برا
نہ ہر چشم و ابرو کہ بینی نکوست	بخور پستہ مغز و بہند از و پوست
نہ ہر ایک اور ابرو جو دیکھتا ہے بہتر ہے	پستہ کا مغز کھا اور چھلکا پھینک دے

باب ہشتم در شکر (۸)

آٹھواں باب شکر کے بیان میں

نفس می نیارم زد از شکر دوست	کہ شکری ندانم کہ در خورد اوست
میں دوست (یعنے خدا کے شکر) سے دم نہیں مار سکتا	کیونکہ میں ایسا شکر نہیں جانتا جو اس کے لائق ہو

عطائیست ہر موئی از و بر تنم!	چگونہ بہر موی شکری کنم!
میرے بدن پر ہر اک بال اس کی بخشش ہے	میں کس طرح ہر بال کے عوض ایک شکر کروں
ستایش خداوند بخشندہ را	کہ موجود کرد از عدم بندہ را
تعریف بخشنے والے خدا کے لئے زیبا ہے	کہ جس نے بندہ کو نیست سے ہست کیا
کرا قوتِ وصفِ احسانِ اوست	کہ اوصافِ مستغرق شانِ اوست
اس کے احسان کے تعریف کرنے کی کس کو قوت ہے	کیونکہ اس کی شان کی خوبیاں لا انتہا ہیں
بدیعیکہ شخص آفریند زگل	روان و خرد بخشد و ہوش و دل
ایسا بے مثال پیدا کرنے والا کہ آدمی کو مٹی سے پیدا کرتا ہے	جان اور عقل بخشتا ہے ہوش اور دل دیتا ہے
ز پشتِ پدر تا بپایانِ شیب	نگر تا چہ تشریف داوت زغیب
باپ کی پیٹھ سے لیکر بڑھاپے کے آخر تک	غور کر کہ غیب سے تجھ کو خلعت دیا ہے
چو پاک آفریدت بہش باش و پاک	کہ ننگست و ناپاک رفتن بخاک
جب اس نے تجھ کو پاک پیدا کیا تو ہشیار اور پاک رہ	کیونکہ ناپاکی حالت میں خاک میں جانا باعث شرم ہے
پیاپی بیفشان از آئینہ گرد	کہ مصقل نگیرد چو زنگار خورد
پے در پے آئینہ سے خاک جھاڑتا رہ	کیونکہ جب زنگار کھا جائیگا تو پھر صاف نہ ہوگا
نہ در ابتدا بودی آب منی!	اگر مردی از سر بدر کن منی
کیا تو پہلے پہل منی کا پانی نہ تھا (یعنے نطفہ)	اگر تو مرد ہے تو سر سے خودی دور کر
چو روزی بسعی آوری سوی خویش	مکن تکیہ بر زور بازوی خویش
جب تو روزی محنت سے حاصل کرے	تو اپنے بازوؤں کے زور پر بھروسہ نہ کر
چرا حق نمی بینی ای خود پرست	کہ یارا بگردش در آورد دست
اے خود پرست تو حق کیوں نہیں دیکھتا	کس کو طاقت ہے کہ ہاتھ کو گردش میں لائے
چو آید بکوشیدنت خیر پیش	بتوفیق حق دان نہ از سعی خویش!
جب کوشش کرنے سے تجھے بھلائی حاصل ہو	تو اللہ کی مدد سے جان نہ کر اپنی کوشش سے
بسر پنجگی کس نبردست گوئی	سپاس خداوند توفیق گوئی
طاقت سے کسی نے سبقت حاصل نہیں کی	مدد کرنے والے خدا کی تعریف کر
تو قایم بخود نیستی یک قدم	زغیبت مدد می رسد دمبدم
تو ایک قدم اپنے آپ قایم نہیں!	غیب سے تجھ کو دمبدم مدد پہنچتی ہے

نہ طفلک زبان بستہ بودی ز لاف

کیا تو شیخی مارنے سے زبان بند کئے ہوئے بچہ نہ تھا

ہمی روزی آمد بجوفش ز ناف

یہی روزی اس کے بدن میں ناف سے آتی تھی

چو نافش بریدند روزی گسست

جب اسکی ناف کاٹ ڈالی گئی تو روزی موقوف کردی

بہ پستان مادر در آویخت دست

پھر ماں کی چھاتیوں میں ہاتھ لٹکائے

غریبی کہ رنج آردش دہر پیش

وہ مسافر جس کو زمانہ رنج میں مبتلا کرے

بدارو دہند آبش از شہر خویش

تو اس کے علاج کیلئے اسکو اسکے شہر کا پانی دیتے ہیں

پس او در شکم پرورش یافتست

پس اس نے پیٹ میں پرورش پائی ہے

ز انبوب معدہ خورش یافتست

اور معدہ کے جوف سے خوراک حاصل کی ہے

دو پستان کہ امروز دلخواہ اوست

دونوں چھاتیاں کہ آج اس کی مرغوب خاطر ہیں

دو چشمہ ہم از پرورشگاہ اوست

اس کی پرورش کی جگہ کے دو چشمہ ہیں

کنار و بر مادر دلپذیر

دل پسند ماں کی گود اور بغل

بہشت ست و پستان درو جوی شیر

بہشت ہے اور چھاتیاں اس میں دودھ کی نہریں ہیں

درختست بالای جان پرورش

اس کا قد یعنے ماں کا جان کو پالنے والا درخت ہے

ولد میوۂ نازنین در برش

اور لڑکا ایک نازنین میوہ اس کی بغل میں ہے

نہ رگہای پستان درون دل است

کیا چھاتیوں کی رگیں دل کے اندر نہیں ہیں

پس ار بنگری شیر خون دل است

پس اگر تو دیکھے تو دودھ دل کا خون ہے

بخونش فرو بردہ دندان چو نیش!

ڈنگ کی طرح اس کے خون میں دانت چبھوئے

سرشتہ درو خونخوارہ خویش!

اور اللہ تعالی اسکے ماں کے خون کھانیوالے لڑکی کی محبت ڈالی

چو بازو قوی کرد و دندان ستبر

جب بازو مضبوط اور دانت موٹے ہو گئے

براندایدش دایہ پستان بصبر

تو پھر دایہ اپنے پستانوں پر عصارہ مل لیتی ہے

چنان صبرش از شیر خامش کند

عصارہ پھر اس طرح دودھ سے اسکو چپ کراتا ہے

کہ پستان شیرین فرامش کند

کہ میٹھے پستان اس کو بھول جاتے ہیں

تو نیز ای کہ در توبہ طفل راہ

تو بھی اے شخص جو کہ توبہ کرنے میں طفل راہ ہے

بصبرت فراموش گردد گناہ

تجھ کو صبر سے گناہ بھول جائیں

حکایت

جوانی سر از رای مادر بتافت

ایک جوان نے اپنی ماں کے حکم سے سر پھیرا

دل دردمندش چو آذر بتافت

اسکا دل درد سے آگ کی طرح جلا

چو بیچارہ شد پیشش آورد مہد ۔ کہ ای سست مہر و فراموش عہد

جب وہ عاجز آگئی تو اس کے سامنے گہوارہ لائی ۔ اے بے وفا رڑکپنی کا وقت بھولنے والے

نہ گریان و درماندہ بودی و خرد ۔ کہ شبہا ز دست تو خوابم نبرد

کیا تو رونے والا عاجز اور چھوٹا نہ تھا ۔ جب کہ میں راتیں تیری وجہ سے نہ سوتی

نہ در مہد نیروی حالت نبود ۔ مگس راندن از خود مجالت نبود

کیا گہوارہ میں تیری یہ حالت در حالت نہ تھی ۔ اپنے سے مکھی اڑانے کی بھی بجھ میں طاقت نہ تھی

تو آنی کز ان یک مگس رنجہ ۔ کہ امروز سالار سر پنجہ!

تو وہ ہے کہ ایک مکھی سے تجھ کو تکلیف تھی ۔ اور آج تو صاحب قوت سردار ہے

بحالی شوی باز در قعر گور ۔ کہ نتوانی از خویشتن دفع مور

اسی حالت میں پھر تو قبر کے گڑھے میں ہوگا ۔ اور اپنے سے چیونٹی کو دور نہ کر سکے گا

وگر دیدہ چون بر فرود چراغ ۔ چو کرم لحد خورد پیہ دماغ

پھر کس طرح آنکھیں چراغ کی طرح روشن ہونگی ۔ جب کیڑے دماغ کی چربی کھائیں گے

چو پوشیدہ چشمی نہ بینی کہ راہ ۔ ندانی ہمی وقت رفتن ز چاہ

اندھے کی طرح تو نہیں دیکھتا ہے کہ راستہ ۔ چلنے کے وقت کون ہے اور کنواں کون ہے

تو گر شکر کردی کہ با دیدۂ ۔ وگرنہ تو ہم چشم پوشیدۂ

جو تونے شکر کیا تو پھر آنکھوں والا ہے ۔ وگرنا تو بھی اندھا ہے

معلم نیاموختت فہم و رائی ۔ سرشت این صفت در وجودت خدای

استاد نے تجھ کو سمجھ اور تدبیر نہیں سکھلائی ۔ بلکہ خدا نے تیرے وجود میں اسے پیدا کیا ہے

گرت منع کردی دل حق نیوش ۔ حقت عین باطل نمودی بگوش

اگر وہ تجھ کو حق بات سننے والا دل نہ تھا ۔ تو حق تیرے کانوں میں عین باطل معلوم ہوتا

گفتار در صنع باری تعالیٰ در ترکیب خلقت انسانی

اللہ تعالےٰ کی کاریگری انسان کے ۔ پیدا کرنے کی ترکیب میں

ببین تا یک انگشت از چند بند ۔ بہ اقلیدس صنع در ہم فگند

غور کر ایک انگلی کتنے جوڑوں سے اللہ تعالےٰ نے ۔ اقلیدس کی کاریگری سے آپس میں جوڑی

پس آشفتگی باشد و ابلہی ۔ کہ انگشت بر حرف صنعش نہی!

پس پریشانی اور نادانی ہوگی ۔ جو تو اسکی کاریگری کے حرف پر نکتہ چینی کرے

تامل کن از بہر رفتار مرد ۔ کہ چند استخوان پی زد و وصل کرد
آدمی کی رفتار کے مطابق غور کر ۔ کہ کتنی ہڈیاں اعصاب سے ملائیں اور جوڑیں

کہ بی گردش کعب زانو و پائی ۔ نشاید قدم برگرفتن ز جائی
کہ بغیر ٹخنے زانوں اور پاؤں کے پھرنے کے ۔ جگہ سے قدم اٹھایا نہیں جا سکتا

از آن سجدہ بر آدمی سخت نیست ۔ کہ در صلب او مہرہ یک لخت نیست
اس وجہ سے آدمی پر سجدہ مشکل نہیں ہے ۔ کہ اس کی پیٹھ میں ہڈی ایک ٹکڑہ نہیں ہے

دو صد مہرہ در یکدگر ساختست ۔ کہ گل مہرۂ چو تو پرداختست
دو سو ہڈی کے ٹکڑے ایک دوسرے میں لگائے ہیں ۔ کس نے ایک آدمی مٹی کا تیرے جیسا بنایا ہے

رگت بر تن است اے پسندیدہ خوی ۔ زمینی درو سی صد و شصت جوی
اے پسندیدہ خو تیرے بدن میں جو رگیں ہیں ۔ ایک زمین کی طرح جس میں تین سو ساٹھ نہریں ہیں

بصر در سر و فکر و رائی و تمیز ۔ جوارح بدل و دل بدانش عزیز
سر میں بینائی فکر رائے اور تمیز ہے ۔ ظاہری اعضاء دل کی وجہ سے اور دل عقلمندی کی وجہ سے عزیز ہے

بہائم بروئی اندر افتادہ خوار ۔ تو ہمچون الف بر قدم ہای سوار
چوپائے منہ کے بل ذلیل پڑے ہوئے ہیں ۔ تو الف کی طرح قدموں پر سوار ہے

نگون کردہ ایشان سر از بہر خور ۔ تو آری بعزت خورش پیش سر
وہ کھانے کے لئے سر جھکائے ہوئے ۔ تو عزت کے ساتھ کھانے کو اپنے سامنے لاتا ہے

نہ زیبد ترا با چنین سروری ۔ کہ سر جز بطاعت فرود آوری
باوجود اتنی سرداری کے تجھے زیبا نہیں ہے ۔ کہ سر کو سوائے اس کی اطاعت کے جھکائے

ولیکن بدین صورت دلپذیر ۔ فریفتہ مشو صورت خوب گیر
لیکن اس دلپسند صورت کے ساتھ ۔ فریفتہ نہ ہو اچھا طریقہ اختیار کر

رہ راست باید نہ بالای راست ۔ کہ کافر ہم از روی صورت چو ماست
سیدھا راستہ چاہیئے نہ کہ سیدھا قد ۔ اس لئے کہ کافر کی شکل بھی ہماری ہی طرح ہے

ترا آنکہ چشم و دہن داد و گوش ۔ اگر عاقلی در خلافش مکوش
جس نے تجھ کو آنکھیں منہ کان عطا کئے ۔ اگر تو عقلمند ہے تو اس کے خلاف کوشش نہ کر

گرفتم کہ دشمن بکوبی بسنگ ۔ مکن باری از جہل با دوست جنگ
میں نے فرض کیا کہ تو دشمن کو پتھر سے کوٹے ۔ لیکن جہالت سے دوست کے ساتھ لڑائی نہ کر

خردمند طبعان منت شناس | بدوزند نعمت بمیخ سپاس
عقلمند طبیعت والے اور احسان جاننے والے | نعمت کو شکر کی میخ سے سیتے ہیں

حکایت

نبرد آزمائی زادہم فتاد | بگردن درش مہرہ برہم فتاد
ایک بادشاہ سیاہ رنگ والے گھوڑے سے گر پڑا | اس کے گردن کے مہرے اکھڑ گئے

چو پیلش فرو رفت گردن بہ تن | نگشتی سرش تا نگشتی بدن!
ہاتھی کی طرح اسکی گردن اسکے بدن میں گھس گئی | اس سے سر نہ پھیر تا جبتک کہ اسکا بدن نہ پھرتا

پزشکان بماندند حیران درین | مگر فیلسوفی زیونان زمین!
جراح اس معاملہ میں حیران رہ گئے | مگر ایک یونان کے رہنے والے حکیم سے

سرش باز پیچید و این راست شد | وگر وی نبودی زمن خواست شد
اس کے سر کو پھیرا اور اس کا بدن سیدھا ہوگیا | اور اگر وہ حکیم نہ ہوتا تو وہ اپنی جگہ سے نہ ہلتا

دگر نوبت آمد نزدیک شاہ | بگرد آن فرومایہ دروی نگاہ
دوسری دفعہ وہ حکیم بادشاہ کے پاس آیا | اس کمینہ بادشاہ نے اس کی پرواہ نہ کی

خردمند را سر فرو شد بشرم | شنیدم کہ میرفت ومیگفت نرم
عقلمند کا سر شرم کے مارے جھک گیا | سنا میں نے کہ جاتا تھا اور آہستہ سے کہتا تھا

اگر دی نہ پیچیدمی گردنش | نہ پیچیدی امروز وی از منش
اگر میں کل اس کی گردن نہ پھیرتا | تو آج وہ اپنا چہرہ مجھ سے نہ پھیرتا

فرستاد تخمی بدست رہی | کہ باید کہ عود سوزش نہی
حکیم نے ایک بیج غلام کے ہاتھ بھیجا | چاہیئے کہ جلتے ہوئے عود پر تو اس کو رکھے

ملک را یکی عطسہ آمد ز دود | سر و گردنش ہمچنان شد کہ بود
بادشاہ کو دھوئیں سے ایک چھینک آئی | اس کا سر اور گردن جس طرح کہ تھا ویسے ہوگیا

بہ عذر ار پئی مرد بشتافتند | بجستند بسیار و کم یافتند
معافی مانگنے کے لئے اس مرد کے پیچھے دوڑے | بہت تلاش کیا اور نہ پایا

مکن گردن از شکر منعم مپیچ | کہ روزی بسی سر برآری ز ہیچ
نعمت دینے والے (خدا) کے شکر سے گردن نہ پھیر | کہ آخر میں قیامت میں تو شرم سے اٹھائیگا

گفتار در نظر صنائع باری تعالیٰ!

اللہ تعالےٰ کی کاریگری میں نظر کرنے کے بیان میں

شب از بہر آسائش تست و روز ‏ مہ روشن و مہر گیتی فروز

رات اور دن تیرے آرام کے لئے ہیں ‏ روشن چاند اور جہان کو روشن کرنیوالا سورج بھی

سپہر از برائے تو فراش وار ‏ ہمی گسترانند بساط بہار!

آسماں تیرے لئے فراش کی طرح ‏ بہار کا فرش (یعنے سبزہ) بچھاتا ہے

اگر باد و برفست و باران و میغ ‏ وگر رعد چوگان زند برق تیغ

اگر ہوا، برف، بارش اور بادل ہے ‏ اور بادل جو گرجتا ہے اور بجلی جو چمکتی ہے

ہمان کارداران فرمان برند ‏ کہ تخم تو در خاک می پرورند

سب کام کرنے والے اور احکام بجالانیوالے ہیں ‏ کہ تیرے بیج کو مٹی کے اندر پالتے ہیں

وگر تشنہ مانی ز سختی مجوش ‏ کہ سقائے ابر آبت آرد بدوش

در جو تو پیاسہ رہے تو سختی سے شور نہ کر ‏ کیونکہ بادل کا سقا تیرے لئے کندھے پر پانی لاتا ہے

ز خاک آورد رنگ و بوی و طعام ‏ تماشا گہ دیدہ و مغز و کام

(اللہ تعالیٰ) خاک سے رنگ و بو اور طعام پیدا کرتا ہے ‏ جو کہ آنکھ مغز اور تالو کیلئے تماشہ گاہ ہے

عسل دادت از نحل و من از ہوا ‏ رطب دادت از نخل و نخل از نوای

شہد تجھکو شہد کی مکھی سے اور ترنجبین ہوا سے عنایت کیا ‏ اور خرما تجھکو درخت سے اور درخت گٹھلی سے پیدا کیا

ہمہ نخل بندان بخایند دست ‏ ز حیرت کہ نخلی چنین کس نبست

تمام باغبان ہاتھوں دانتوں سے کاٹتے ہیں ‏ حیرت سے کسی نے ایسا درخت نہ لگایا

خور و ماہ و پروین برائے تو اند ‏ قنادیل سقف سرائے تو اند

خورشید چاند ستارے تیرے لئے ہیں ‏ اور تیرے گھر کی چھت کے قندیل ہیں

ز خارت گل آورد و از نافہ مشک ‏ زر از کان و برگ تر از چوب خشک

تیرے خار سے گل اور نافہ سے مشک پیدا کیا ‏ سونا کان سے اور پتے سوکھی لکڑی سے پیدا کئے

بدست خودت چشم و ابرو نگاشت ‏ کہ محرم باغیار نتوان گذاشت

اپنے ہاتھ سے تیرے چشم اور ابرو بنائے ‏ کیونکہ محرم کو غیروں پر نہیں چھوڑا جاسکتا

توانا کہ آن نازنین پرورد! ‏ بالوان نعمت چنین پرورد

ایسا طاقت ور کہ وہ نازنینوں کو پالتا ہے ‏ اور رنگ برنگ کی نعمتوں سے اسی طرح پرورش کرتا ہے

بجا گفت باید نفس بر نفس ‏ کہ شکرش نگارِ زبانست و بس

اس کا شکر جان سے دمبدم کرنا چاہیے ‏ کیونکہ اس کا شکر صرف زبان ہی کا کام نہیں ہے

خدایا دلم خون شد و دیدہ ریش ! — کہ می بینم انعامت از گفت بیش

اے خدا میرا دل خون ہو گیا اور آنکھیں زخمی — کیونکہ میں تیری نعمتیں بیان کرنے سے زیادہ دیکھتا ہوں

نگویم د د و دام مور و سمک — کہ فوج ملائک بر اوج فلک

میں نہیں کہتا درندے اور چوپائے چیونٹی اور مچھلی — بلکہ فرشتوں کا لشکر جو کہ آسمان کی بلندی پر ہے

ہنوزت سپاس اندکی گفتہ اند — ز بیور ہزاران یکی گفتہ اند

ابھی تک تیرا شکر تھوڑا کیا ہے — کروڑوں میں سے ایک شکر کیا ہے

برو سعدیا دست و دفتر بشوی — براہی کہ پایان ندارد مپوی

اے سعدی جا اور ہاتھ اور کتاب کو دھو دے — جس راہ کی انتہا نہیں اس میں نہ دوڑ

یکی گوش کودک بمالید سخت ! — کہ ای بو العجب گوی برگشتہ بخت

ایک شخص نے لڑکے کا کان زور سے ملا — کہ اے عجیب کہنے والے اور پھرے ہوئے نصیب والے

ترا تیشہ دادم کہ ہیزم شکن — نگفتم کہ دیوار مسجد بکن !

میں نے تجھ کو تیشہ دیا کہ لکڑی چیر — میں نے یہ نہیں کہا کہ مسجد کی دیوار کو کھود

زبان آمد از بہر شکر و سپاس — بہ غیبت نگرداندش حق شناس

زبان شکر اور تعریف الٰہی کرنے کے لئے پیدا کی گئی — حق کو پہچاننے والا اسکو غیبت کرنے میں ترغیب نہیں دیتا

گذرگاہِ قرآن و پند ست گوش — بہ بہتان و باطل شنیدن مکوش

کان قرآن اور نصیحت کے گذرنے کی جگہ ہے — جھوٹ اور بہتان سننے میں کوشش نہ کر

دو چشم از پیٔ صنع باری نکوست — زعیب برادر فرو گیر و دوست

دو آنکھیں اللہ تعالےٰ کی صفت دیکھنے کیلئے بہتر ہیں — بھائی اور دوست کے عیب دیکھنے سے انہیں بند

گفتار در نظر حال ناتوان و شکر نعمت حقتعالےٰ

کمزوروں کے حال میں نظر کرنے اور اللہ تعالےٰ کی نعمتوں کے شکریہ کے بیان میں

نداند کسی قدر روز خوشی — دگر روزی افتد بسختی کشی

کوئی شخص خوشی کے دنوں کی قدر نہیں جانتا — مگر اس دن جب کہ وہ سختی میں مبتلا ہو

زمستان درویش در تنگسال — چہ سہل ست پیش خداوند مال

قحط کے برس فقیر کا جاڑا یعنے موسم سرما — صاحب مال یعنے امیر آدمی کے سامنے کیسا آسان

سلیمی کہ یکچند نالان بخفت — خداوند را شکر صحت بگفت

سانپ کا کاٹا ہوا جو کئی روز رو تا ہا سو گیا — اللہ تعالےٰ کا شکریہ تندرستی کے لئے ادا کیا

چو مردانہ رو باشی و تیز پای ‌‌ ‌‌ بہ شکرانہ باکند پویان بپای

جب تو مردوں کی طرح چلنے والا اور تیز قدم ہو ‌‌ ‌‌ تو اللہ کے شکر کے ساتھ سست چلنے والوں کے ساتھ قیام

بہ پیر کہن بر ببخشد جوان ‌‌ ‌‌ توانا کند رحم بر ناتوان!

جوان کو چاہیئے کہ پرانے بوڑھوں پر مہربانی کرے ‌‌ ‌‌ اور طاقت ور کو چاہیئے کہ کمزور پر رحم کرے

چہ دانند جیحونیان قدر آب ‌‌ ‌‌ ز واماندگان پرس در آفتاب

دریائے جیحون کے لوگ پانی کی قدر کیا جانیں ‌‌ ‌‌ دھوپ میں تھکے ہوئے لوگوں سے پوچھ

عرب را کہ بر دجلہ باشد قعود ‌‌ ‌‌ چہ غم دارد از تشنگان زرود

وہ عرب جو کہ دریائے دجلہ پر بیٹھا ہوا ہو ‌‌ ‌‌ اس کو دشت زرود کے پیاسوں کا کیا غم

کسی قیمت تندرستی شناخت ‌‌ ‌‌ کہ یکچند بیچارہ در تب گداخت

اس شخص نے تندرستی کی قیمت کو جانا ‌‌ ‌‌ جو بیچارہ چند روز تپ میں گھلا

ترا تیرہ شب کی نماید دراز ‌‌ ‌‌ کہ غلطی ز پہلو بہ پہلوی باز

تجھے اندھیری رات کیوں بری معلوم ہو ‌‌ ‌‌ کہ تو پہلو سے پہلو سے

بر اندیش از افتان و خیزان تب ‌‌ ‌‌ کہ رنجور داند درازی شب!

تب میں اٹھنے بیٹھنے والوں کی حالت سے ڈر ‌‌ ‌‌ کیونکہ بیمار رات کو درازی کو جانتا ہے

ببانگ دہل خواجہ بیدار گشت ‌‌ ‌‌ چہ داند شب پاسبان چون گذشت

ڈھول کی آواز سے خواجہ بیدار ہوا ‌‌ ‌‌ اسے کیا معلوم کہ چوکیدار کی رات کیسے گذری

حکایت سلطان طغرل با ہندوی پاسبان!

سلطان طغرل کی حکایت ایک غلام چوکیدار کے ساتھ

شنیدم کہ طغرل شبی در خزان ‌‌ ‌‌ گذر کرد بر ہندوی پاسبان

سنا میں نے کہ سلطان طغرل ایک رات موسم سرما میں ‌‌ ‌‌ ایک غلام چوکیدار کی طرف سے گذرا

ز باریدن برف باران و سیل ‌‌ ‌‌ بلرزش در افتاد ہمچون سہیل

مینہ اور برف کے برسنے اور سیلاب کی وجہ سے ‌‌ ‌‌ غلام (سہیل ستارہ) کی طرح کانپ رہا تھا

دلش بردی از رحمت آورد جوش ‌‌ ‌‌ کہ اینک قبا پوستینم بپوش

بادشاہ کے دل نے اسپر مہربانی کی وجہ سے جوش کھایا ‌‌ ‌‌ کہا کہ ابھی تو میری پوستین کی قبا پہن

دمی منتظر باش بر طرف بام ‌‌ ‌‌ کہ بیرون فرستم بدست غلام

تھوڑی دیر بام کی طرف منتظر رہ ‌‌ ‌‌ کہ غلام کے ہاتھ باہر بھیجتا ہوں

درین بود بادِ بہاری وزید وہ (بادشاہ) انہیں باتوں میں تھا بہار کی ہوا چلی	شہنشاہ در ایوانِ شاہی خزید شہنشاہ ایوان شاہی میں گیا
